**5082** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ قَالَ: وَكُنْتُ اَدْعُو جَدِّي اَبِي قَالَ: نَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ لِآلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَادِمٌ تَخْدُمُهُمْ، يُقَالُ لَهَا: بَرَّةُ، فَلَقِيَهَا رَجُلٌ، فَقَالَ لَهَا: يَا بَرَّةُ غَطِّي شُعَيْفَاتِكِ، فَاِنَّ مُحَمَّدًا لَنْ يُغْنِيَ عَنْكِ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، فَاَخْبَرَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجَ يَجُرُّ رِدَاءَهُ مُحْمَرَّةٌ وَجْنَتَاهُ وَكُنَّا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ نَعْرِفُ غَضَبَهُ بِجَرِّ رِدَائِهِ، وَحُمْرَةِ وَجْنَتَيْهِ فَاَخَذْنَا السِّلَاحَ، ثُمَّ اَتَيْنَاهُ فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مُرْنَا بِمَا شِئْتَ، فَوَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَوْ اَمَرْتَنَا بِاُمَّهَاتِنَا وَآبَائِنَا وَاَوْلَادِنَا لَاَمْضَيْنَا قَوْلَكَ فِيهِمْ، فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَاَثْنَى عَلَيْهِ، وَقَالَ: مَنْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کی آل کا خادم تھا جو اُن کی خدمت کرتا تھا' اس کو برہ کہا جاتا تھا' اس کو ایک آدمی ملا' اس نے کہا: اے برہ! بے شک محمد آپ کا اللہ کے ہاں کوئی مدد نہیں کریں گے' حضورﷺ کو بتایا گیا' آپ نکلے اس حالت میں کہ آپ کی چادر گھسٹ رہی تھی' آپ کا چہرہ سرخ تھا' ہم انصار کے لوگ آپ کا غصہ معلوم کر لیتے تھے کہ آپ کی چادر گھسٹ رہی ہوتی تھی' آپ کا چہرہ سرخ ہو جاتا تھا' ہم نے اسلحہ پکڑا' پھر ہم آئے۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کو آپ جو چاہیں حکم دیں' اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! اگر آپ ہم کو اپنی مائیں اور باپوں اور اپنی اولاد کے متعلق حکم دیں گے تو ہم آپ کے ارشاد کو پورا کر دیں گے۔ آپ منبر پر جلوہ افروز ہوئے' اللہ کی حمد وثناء بیان کی' فرمایا: میں کون ہوں؟ ہم نے عرض کی: آپ اللہ کے رسول ہیں' آپ نے فرمایا:

---

**5082**- اسناده فيه: القاسم بن محمد بن عبد الله الهاشمي الطالبي' قال أحمد: ليس بشيء' وقال أبو زرعة: أحاديثه منكرة' وقال أبو حاتم: متروك' وذكره ابن حبان في الثقات ـ وقال الهيثمي في المجمع جلد **10** صفحه **378**: ورجاله وثقوا على ضعف كثير في عبيد بن اسحاق العطار والقاسم بن محمد بن عبد الله بن محمد بن عقيل ـ

Marfat.com

اَنَا؟ فَقُلْنَا: اَنْتَ رَسُولُ اللّٰهِ. قَالَ: نَعَمْ وَلٰكِنْ مَنْ اَنَا؟ . فَقُلْنَا: اَنْتَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ. قَالَ: اَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ وَلَا فَخْرَ، وَاَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ وَلَا فَخْرَ، وَاَوَّلُ مَنْ يُنْفَضُ التُّرَابُ عَنْ رَاْسِهِ وَلَا فَخْرَ، وَاَوَّلُ دَاخِلٍ الْجَنَّةَ وَلَا فَخْرَ، مَا بَالُ اَقْوَامٍ يَزْعُمُونَ اَنَّ رَحِمِي لَا تَنْفَعُ، لَيْسَ كَمَا زَعَمُوا، اِنِّي لَاَشْفَعُ، وَاُشَفَّعُ حَتّٰى اِنَّ مَنْ اَشْفَعُ لَهُ لِيَشْفَعَ فَيُشَفَّعُ، حَتّٰى اِنَّ اِبْلِيسَ لَيَتَطَاوَلُ فِي الشَّفَاعَةِ

ٹھیک ہے لیکن میں کون ہوں؟ ہم نے عرض کی: آپ محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف ہیں' آپ نے فرمایا: میں اولادِ آدم کا سردار ہوں کوئی فخر نہیں' میں پہلا ہوں جس کی قبر سب سے پہلے کھلے گی کوئی فخر نہیں' میں سب سے پہلے اپنے سر سے مٹی صاف کروں گا کوئی فخر نہیں' میں سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گا کوئی فخر نہیں' ان لوگوں کا کیا حال ہے جو کہتے ہیں کہ میری رشتے داری کوئی نفع نہیں دے گی' جیسے وہ گمان کرتے ہیں میں ضرور شفاعت کروں گا' میں شفاعت کروں گا یہاں تک کہ میں شفاعت کروں گا' یہاں تک کہ ابلیس بھی میری شفاعت کا اُمیدوار ہو جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ جَابِرٍ اِلَّا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث عبداللہ بن محمد بن عقیل جابر سے روایت کرتے ہیں' عبداللہ سے قاسم بن عبداللہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبید بن اسحاق اکیلے ہیں۔

**5083** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا كَامِلٌ اَبُو الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُنَادِي مُنَادٍ كُلَّ صَبَاحٍ: اللّٰهُمَّ اَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا، وَاَعْطِ مُمْسِكًا تَلَفًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر صبح اعلان کرنے والا اعلان کرتا ہے: اے اللہ! خرچ کرنے والے کو اس کا بدلہ دے' اے اللہ! خرچ نہ کرنے والے کے حصہ کو ضائع کر دے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ اِلَّا عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث عبید بن اسحاق ہی روایت کرتے ہیں۔

**5084** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ

حضرت عون بن ابو جحیفہ اپنے والد سے روایت

---

**5083**- أخرجه البخاري: الزكاة جلد **3** صفحه **357** رقم الحديث: **1442**' ومسلم: الزكاة جلد **2** صفحه **700** بلفظ: ما من يوم يصبح العباد فيه...... .

**5084**- أخرجه البخاري: البيوع جلد **4** صفحه **497** رقم الحديث: **2238**' وأحمد: المسند جلد **4** صفحه **380** رقم الحديث: **18795** .

Marfat.com

قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا كَامِلٌ اَبُو الْعَلَاءِ، عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ثَمَنِ الدَّمِ

کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے خون فروخت کرنے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَامِلٍ اِلَّا عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث کامل سے عبید بن اسحاق روایت کرتے ہیں۔

**5085** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، وَاَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ شَرَّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ ذُو الْوَجْهَيْنِ، الَّذِي يَاْتِي هٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ وَهٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ کے ہاں بدترین لوگ وہ ہوں گے جو دو چہرے والے ہوں گے' ادھر دوسرے چہرے کے ساتھ اُدھر دوسرے چہرے کے ساتھ۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ اِلَّا قَيْسٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث اعمش ابوحازم سے اور اعمش، قیس سے روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبیداللہ بن اسحاق اکیلے ہیں۔

**5086** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا اَبُو مَرْيَمَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بِاَيِّ شَيْءٍ تَعْرِفُ اُمَّتَكَ؟ قَالَ: غُرٌّ مُحَجَّلُونَ مِنْ اَثَرِ الطَّهُورِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ اپنی اُمت کو کیسے پہچانیں گے؟ آپ نے فرمایا: ان کے وضو والے اعضاء چمک رہے ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا اَبُو مَرْيَمَ، وَابْنُ فُضَيْلٍ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنِ ابْنِ فُضَيْلٍ اِلَّا السَّرِيُّ بْنُ عَاصِمٍ

یہ حدیث اعمش سے ابومریم اور ابن فضیل روایت کرتے ہیں' ابن فضیل سے سری بن عاصم روایت کرتے ہیں۔

---

5085- أخرجه البخارى: الأحكام جلد13صفحه182 رقم الحديث:7179' ومسلم: البر جلد4صفحه2011 .

5086- أخرجه البخارى: الوضوء جلد1صفحه283 رقم الحديث:136' ومسلم: الوضوء جلد1صفحه218 .

Marfat.com

**5087** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: طَهِّرُوا هَذِهِ الْاَجْسَادَ طَهَّرَكُمُ اللّٰهُ، فَاِنَّهُ لَيْسَ مِنْ عَبْدٍ يَبِيتُ طَاهِرًا اِلَّا بَاتَ مَعَهُ فِي شِعَارِهِ مَلَكٌ، لَا يَنْقَلِبُ سَاعَةً مِنَ اللَّيْلِ اِلَّا قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعَبْدِكَ فَاِنَّهُ بَاتَ طَاهِرًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم جسموں کو پاک رکھو' اللہ عز وجل تم کو پاک کرے گا' جوکوئی بندہ پاکی کی حالت میں رات گزارتا ہے' اس کے ساتھ فرشتہ ہوتا ہے' رات کے کسی بھی وقت اپنی کروٹ بدلتا ہے تو فرشتہ عرض کرتا ہے: اے اللہ! اپنے بندہ کو معاف فرما کیونکہ اس نے باوضو رات گزاری ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ اِلَّا الْعَبَّاسُ بْنُ عُتْبَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث عطاء بن ابورباح سے عباس بن عتبہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

**5088** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ الْجَوْهَرِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَاشِرُ وَهُوَ صَائِمٌ، وَيُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ، وَاَيُّكُمْ مِثْلُهُ؟ كَانَ اَمْلَكَكُمْ لِاَرَبِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ حالت روزہ میں ساتھ لیٹتے اور بوسہ لیتے' آپ کی مثل کون ہے؟ آپ اپنے نفس پر زیادہ قابو رکھنے والے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ

یہ حدیث حماد سے محمد بن طلحہ اور محمد بن ابان روایت کرتے ہیں۔

**5089** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ

حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

---

**5087**- اسناده فيه: العباس بن عتبة' ذكره العقيلي في الضعفاء' وقال: لا يصح حديثه' ثم ذكره له هذا الحديث' وذكره ابن حبان في الثقات' وسماه عياش . وقال الهيثمي في المجمع جلد10صفحه131: واسناده حسن .

**5088**- أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه176 رقم الحديث: 1927' ومسلم: الصيام جلد2صفحه777 .

**5089**- أخرجه أحمد: المسند جلد 1صفحه308-309 رقم الحديث: 2098' والطبراني في الكبير جلد 12 صفحه 282 رقم الحديث: 11743' وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد4صفحه113' وقال:

Marfat.com

قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْتَاعَ عِيرًا قَدِمَتْ، فَرَبِحَ فِيهَا اَوَاقٍ مِنْ ذَهَبٍ فَتَصَدَّقَ بِهَا عَلَى اَرَامِلِ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَقَالَ: لَا اَشْتَرِي شَيْئًا لَيْسَ عِنْدِي ثَمَنُهُ

رسول کریم ﷺ اونٹ خریدتے' اس میں کئی اوقیہ سونا نفع پاتے' ان پیسوں کو بنوعبدالمطلب کی بیوہ عورتوں پر صدقہ کرتے۔ اور آپ نے فرمایا: میں وہی چیز خریدتا ہوں جس کے خریدنے کی قیمت میرے پاس موجود ہوتی ہے۔

لَمْ يُجَوِّدْ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَرِيكٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَعَمْرُو بْنُ عَوْنٍ

اس حدیث کوشریک سے سعید بن سلیمان اور عمرو بن عون روایت کرتے ہیں۔

**5090** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُودِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِيَمْتَلِءَ جَوْفُ اَحَدِكُمْ قَيْحًا خَيْرٌ لَهُ مِنْ اَنْ يَمْتَلِءَ شِعْرًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں کوئی اپنے پیٹ کو قے سے بھرے تو یہ بہتر ہے بُرے اشعار کے بھرنے سے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ

یہ حدیث عاصم سے ابوجعفر الرازی روایت کرتے ہیں۔

**5091** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ الْجَوْهَرِيُّ قَالَ: نَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ الْجُمَحِيُّ، عَنْ بِشْرِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ لَيُبْغِضُ الْبَلِيغَ

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل اس بلیغ آدمی کو ناپسند کرتا ہے جو اپنی زبان کے ساتھ منہ پھاڑ پھاڑ کے بات کرے جیسے فصیح آدمی بات کرتا ہے۔

---

ورجاله ثقات . والحاكم: المستدرك جلد2صفحه24 وصححه ووافقه الذهبی .

**5090**- أخرجه البخاری: الأدب جلد10صفحه564 رقم الحديث: 6155' ومسلم: الشعر جلد4صفحه1769 .

**5091**- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد 4صفحه303 رقم الحديث: 5005' والترمذی: الأدب جلد 5صفحه141 رقم الحديث: 2853' وقال: حسن غريب . وأحمد: المسند جلد2صفحه224 رقم الحديث: 6551 .

Marfat.com

مِنَ الرِّجَالِ، الَّذِی یَتَخَلَّلُ بِلِسَانِهِ تَخَلُّلَ الْبَاقِرَةِ

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: نَافِعُ بْنُ عُمَرَ

یہ حدیث عبداللہ بن عمرو سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں نافع بن عمر اکیلے ہیں۔

**5092** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اِبْرَاهِیمَ الْمَدَنِیُّ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِنْ مَالٍ، وَلَا زَادَ اللّٰهُ رَجُلًا بِعَفْوٍ اِلَّا عِزًّا، وَلَا تَوَاضَعَ اَحَدٌ اِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: صدقہ دینے سے مال کم نہیں ہوتا ہے معاف کرنے سے عزت میں اضافہ ہوتا ہے عاجزی کرنے سے اللہ اس کا مقام بلند کرتا ہے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اِبْرَاهِیمَ اِلَّا عَفَّانُ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن ابراہیم سے عفان روایت کرتے ہیں۔

**5093** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا سُرَیْجُ بْنُ النُّعْمَانِ الْجَوْهَرِیُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ زُبَیْدٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ: خَرَجَ اِلَیْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا سَابِعُ سَبْعَةٍ مِنْ قُرَیْشٍ، فَقَالَ: اَلَا هَلْ تَسْمَعُونَ؟ ثَلَاثَ مِرَارٍ اِنَّهُ سَیَكُونُ عَلَیْكُمْ اَئِمَّةٌ اَوْ اُمَرَاءُ فَمَنْ دَخَلَ عَلَیْهِمْ فَصَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَاَعَانَهُمْ عَلَی ظُلْمِهِمْ، فَلَیْسَ مِنِّی وَلَسْتُ مِنْهُ، وَاَنَا

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہماری طرف نکلے میں قریش کے سات افراد میں سے ساتواں تھا' آپ نے فرمایا: کیا تم سنتے ہو؟ تین مرتبہ فرمایا' فرمایا: عنقریب ایسے ائمہ یا حکمران مسلط ہوں گے جو ان کے پاس آئے ان کے جھوٹ کی تصدیق کرے گا یا ان کے ظلم پر ان کی مدد کرے گا' اس کا تعلق مجھ سے نہیں ہے' میں ان سے نہیں ہوں اور میں ان سے بری ہوں' جو ان کے پاس داخل نہیں ہوا ان کے جھوٹ کی

**5092**- أخرجه مسلم: البر جلد**4**صفحه**2001**' والترمذی: البر جلد**4**صفحه**376** رقم الحديث: **2029**' والدارمی: الزكاة جلد**1**صفحه**486** رقم الحديث: **1676**' وأحمد: المسند جلد**2**صفحه**315** رقم الحديث: **7225** .

**5093**- أخرجه الترمذی: الفتن جلد**4**صفحه**525** رقم الحديث: **2259**' وقال: صحيح غريب . والنسائی: البيعة جلد**7**صفحه**143** (باب ذكر الوعيد لمن أعان أميرا على الظلم من لم يعن أميرا على الظلم)' وأحمد: المسند جلد**4**صفحه**298** رقم الحديث: **18150** بنحوه . والطبرانی فی الكبير جلد **19** صفحه **140** رقم الحديث: **308** ولفظه له .

Marfat.com

مِنْهُ بَرِىءٌ"، وَمَنْ لَمْ يَدْخُلْ عَلَيْهِمْ، وَلَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ فَهُوَ مِنِّى أَنَا مِنْهُ، وَسَيَلْقَانِى فَيَكُونُ مَعِى

تصدیق نہ کی اور ان کے ظلم پر ان کی مدد نہ کی وہ مجھ سے ہیں میں ان سے ہوں وہ عنقریب میرے ساتھ ملاقات کریں گے وہ میرے ساتھ ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زُبَيْدٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ

یہ حدیث زبید سے محمد بن طلحہ روایت کرتے ہیں۔

**5094** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا سُكَيْنُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِى الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا عَالَ مَنِ اقْتَصَدَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو میانہ روی کرے گا وہ کبھی محتاج نہیں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ إِلَّا سُكَيْنُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ

یہ حدیث ابراہیم ہجری سے سکین بن عبدالعزیز روایت کرتے ہیں۔

**5095** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةً تَكُونُ مِثْلَ الرَّجُلِ الْمُسْلِمِ، هِيَ النَّخْلَةُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: درختوں میں سے ایک درخت ہے جو مسلمان آدمی کی طرح ہے وہ کھجور کا درخت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زُبَيْدٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ

یہ حدیث زبید سے محمد بن طلحہ روایت کرتے ہیں۔

**5096** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ارشادِ باری تعالیٰ

---

**5094**- اسناده فيه: ابراهيم بن مسلم الهجرى أبو اسحاق: لين الحديث رفع موقوفات . تخريجه الطبرانى فى الكبير، وأحمد . وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه255 .

**5095**- أخرجه البخارى: العلم جلد1صفحه175 رقم الحديث: 61، ومسلم: صفات المنافقين جلد 4 صفحه2164 .

**5096**- اسناده فيه: أ- عبيد بن اسحاق العطار: ضعيف . ب- عمرو بن ثابت: ضعيف رافضى . وأخرجه أيضًا الطبرانى فى الكبير . انظر مجمع الزوائد جلد7صفحه140 .

Marfat.com

قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فِي قَوْلِهِ:(لَا اُقْسِمُ بِهَذَا الْبَلَدِ) (البلد: 1) قَالَ: مَكَّةُ، (وَاَنْتَ حِلٌّ بِهَذَا الْبَلَدِ) (البلد:2) قَالَ: مَكَّةُ، (وَوَالِدٍ وَمَا وَلَدَ) (البلد:3) قَالَ: آدَمُ، (لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِي كَبَدٍ) (البلد:4) قَالَ: فِي اعْتِدَالٍ، فِي انْتِصَابٍ

کی تفسیر کرتے ہیں: ''مجھے اس شہر کی قسم!'' فرمایا: ہمارے مکہ شریف کی' کہ ''اے محبوب! تم اس شہر میں تشریف فرما ہو'' یعنی مکہ میں ''اور تمہارے باپ کی قسم اور اس کی اولاد کی'' یعنی آدم علیہ السلام ''بے شک ہم نے آپ کو مشقت میں رہتا ہوا پیدا کیا ہے'' یعنی میانہ روی کے ساتھ مشقتوں میں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ اَبِي الْمِقْدَامِ اِلَّا ابْنُهُ عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ

یہ حدیث ثابت ابوالمقدام سے ان کے بیٹے عمرو بن ثابت روایت کرتے ہیں۔

**5097** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّاسٍ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي عُتْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهُ تَصَدَّقَ عَلَى بَرِيرَةَ مِنْ لَحْمِ الصَّدَقَةِ، فَاَهْدَتْ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقِيلَ لَهُ: اِنَّهُ مِنْ لَحْمِ الصَّدَقَةِ فَقَالَ: هُوَ لَهَا صَدَقَةٌ، وَلَنَا هَدِيَّةٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت بریرہ کو گوشت صدقہ دیا گیا' وہ گوشت اس نے حضور ﷺ کو پیش کیا' آپ سے عرض کی گئی: یہ صدقہ کا گوشت ہے' آپ نے فرمایا: اس کے لیے صدقہ ہے' ہمارے لیے ہدیہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي عُتْبَةَ اِلَّا حُمَيْدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث عبداللہ بن ابوعتبہ سے حمید روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں حماد بن سلمہ اکیلے ہیں۔

**5098** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِي حَمْزَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خُبْزِ بُرٍّ حَتَّى قُبِضَ، وَمَا رُفِعَ مِنْ مَائِدَةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آلِ محمد ﷺ نے وصال تک پیٹ بھر گندم کی روٹی نہیں کھائی' آپ ﷺ کے وصال تک آپ کا دسترخوان اس حالت میں نہیں اُٹھایا گیا ہے کہ اس کے اوپر روٹی کا ٹکڑا بچا ہوا ہو۔

---

**5097**- أخرجه البخاري: الزكاة جلد3صفحه416 رقم الحديث: 1493' ومسلم: العتق جلد2صفحه1143 .

**5098**- أخرجه البخاري: الأطعمة جلد 9صفحه463 رقم الحديث: 5423' ومسلم: الزهد جلد 4صفحه 2281 ولم يذكرا: وما رفع من مائدته......' وأحمد: المسند جلد6صفحه174 رقم الحديث: 25278 ولفظه له .

Marfat.com

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِسْرَةُ فَضْلٍ حَتّٰى قُبِضَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَمْزَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ

یہ حدیث ابوحمزہ سے محمد بن طلحہ روایت کرتے ہیں۔

**5099** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ قَالَ: نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُ بِالْبَاءَةِ، وَيَنْهَى عَنِ التَّبَتُّلِ نَهْيًا شَدِيدًا ، وَيَقُولُ: تَزَوَّجُوا الْوَدُودَ الْوَلُودَ، فَاِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْاَنْبِيَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ شادی کرنے کا حکم دیتے تھے اور بغیر شادی کے رہنے کو سختی سے منع کرتے تھے اور فرماتے تھے: محبت کرنے والی اور بچہ جننے والی عورتوں سے شادی کرو کیونکہ میں قیامت کے دن انبیاء علیہ السلام کے سامنے زیادہ اُمت پر فخر کروں گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَفْصٍ ابْنِ اَخِي اَنَسٍ، اِلَّا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ

یہ حدیث حفص بن اخی انس سے خلف بن خلیفہ روایت کرتے ہیں۔

**5100** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ الْعِجْلِيُّ قَالَ: نَا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي مِجْلَزٍ قَالَ: قَالَ ابْنُ عُمَرَ: اَمَّا نَحْنُ، فَكُنَّا نُعْطِي صَدَقَةَ الْفِطْرِ التَّمْرَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ہم تو صدقہ فطر کھجور دیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ اِلَّا عَبْثَرٌ

حضرت سلیمان تیمی سے اس حدیث کو صرف عبثر نے روایت کیا ہے۔

---

**5099**- اسناده فيه: حفص ابن أبي أنس بن مالك مختلف في اسم أبيه' صدوق . تخريجه أحمد' وسعيد بن منصور' وابن حبان' والبيهقي في الكبرى . وقال الهيثمي في المجمع جلد4صفحه255: رواه أحمد والطبراني في الأوسط من طريق حفص بن عمر عن أنس' وقد ذكره ابن حاتم' وروى عنه جماعة' وبقية رجاله رجال الصحيح .

**5100**- أخرجه البخاري: الزكاة جلد3صفحه439 رقم الحديث: 1511' ومالك في الموطأ: الزكاة جلد 1 صفحه284 رقم الحديث: 54 .

Marfat.com

**5101** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ: نَا سُهَيْلُ بْنُ اَبِي حَزْمٍ قَالَ: نَا اَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، عَنْ جُنْدُبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ فِي الْقُرْآنِ بِرَأْيِهِ فَاَصَابَ فَقَدْ اَخْطَاَ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے قرآن کی تفسیر اپنی رائے سے بیان کی اس نے غلطی کی' بے شک وہ درست ہی کیوں نہ ہو۔

لَمْ يُسْنِدْ سُهَيْلُ بْنُ اَبِي حَزْمٍ، عَنْ اَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ اِلَّا هٰذَا الْحَدِيثَ

سہیل بن ابوحزم' ابوعمران الجونی سے یہ حدیث اسی سند کے طور پر روایت کرتے ہیں۔

**5102** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ الْجَزَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ نُوحِ بْنِ اَبِي بِلَالٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ سَبْعُ آيَاتٍ اِحْدَاهُنَّ: (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ) (الفاتحة: 1) ، وَهِيَ السَّبْعُ الْمَثَانِي، وَالْقُرْآنُ الْعَظِيمُ، وَهِيَ اُمُّ الْقُرْآنِ، وَفَاتِحَةُ الْكِتَابِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضورﷺ سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے تھے کہ الحمد للہ رب العالمین سات آیتیں ہیں' ان میں ایک بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بھی ہے' اس کا سبع المثانی اور قرآنِ عظیم' ام القرآن' فاتحہ الکتاب نام بھی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ نُوحِ بْنِ اَبِي بِلَالٍ اِلَّا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ

حضرت نوح بن ابی بلال سے اس حدیث کو عبدالحمید بن جعفر ہی نے روایت کیا ہے۔ علی بن ثابت اس حدیث کے ساتھ اکیلے ہیں۔

**5103** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

---

**5102**- أخرجه أبو داؤد: العلم جلد 3 صفحه 319 رقم الحديث: 3652' والترمذی: التفسير جلد 5 صفحه 200 رقم الحديث: 2952' والطبرانی فی الكبير جلد 2 صفحه 163 رقم الحديث: 1672' وقال: ورواه الطبری فی تفسيره وضعفه البخاری وأحمد وأبو حاتم من أجل سهيل بن أبی حزم لأنه لا يحتج به .

**5103**- اسناده فيه: منصور بن آذين' ترجمه البخاری' وابن أبی حاتم' ولم يذكرا فيه جرحًا ولا تعديلًا' وقال ابن حجر فی التعجيل: مجهول . أخرجه أيضًا أحمد' وقال الهيثمی في المجمع جلد 1 صفحه 95: وفيه منصور بن آذين'

Marfat.com

قَالَ: نَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ اُذَيْنٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُؤْمِنُ عَبْدُ الْإِيمَانَ كُلَّهُ حَتَّى يَتْرُكَ الْكَذِبَ فِي الْمُزَاحَةِ، وَالْمِرَاءِ، وَإِنْ كَانَ صَادِقًا

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی مکمل ایمان والا نہیں ہوسکتا ہے یہاں تک کہ جھوٹ چھوڑ دے مذاقاً اور دکھاوے کا بھی' اگرچہ وہ سچ ہی کیوں نہ ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ اِلَّا مَنْصُورُ بْنُ اُذَيْنٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي سَلَمَةَ

یہ حدیث مکحول سے منصور بن رزین روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالعزیز بن ابوسلمہ اکیلے ہیں۔

**5104** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا قَطَرِيٌّ الْخَشَّابُ، عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ لَيُوضَعُ طَعَامُهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَمَا يُرْفَعُ حَتَّى يُغْفَرَ لَهُ . فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بِمَ ذَاكَ؟ قَالَ: يَقُولُ: بِسْمِ اللّٰهِ اِذَا وُضِعَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ اِذَا رُفِعَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آدمی جب کھانا شروع کرتا اور کھانا کھا کر فارغ ہوتا ہے تو اس کو بخش دیا جاتا ہے۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! وجہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: جب کھانا شروع کرتا ہے تو بسم اللہ پڑھ کر جب فارغ ہوتا ہے تو الحمدللہ پڑھتا ہے۔

**5105** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا قَطَرِيٌّ الْخَشَّابُ، عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ آخِرُ الزَّمَانِ صَارَتْ اُمَّتِي ثَلَاثَ فِرَقٍ: فِرْقَةٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب قیامت قریب آئے گی تو میری اُمت تین فرقوں میں ہو جائے گی' ایک فرقہ ایسا ہوگا کہ وہ خلوص سے اللہ کی عبادت کرے گا' ایک فرقہ ایسا ہو گا جو اللہ کی عبادت دکھاوے کے لیے کرے گا' ایک فرقہ

---

ولم أر من ذكره .

**5104**- اسناده فيه: أ- عبيد بن اسحاق العطار . ب- عبد الوارث الأنصاري' ضعفه الدارقطني' وقال البخاري: منكر الحديث' وقال ابن معين: مجهول . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه25 .

**5105**- انظر مجمع الزوائدجلد10صفحه353 .

Marfat.com

يَعْبُدُونَ اللّٰهَ خَالِصًا، وَفِرْقَةٌ يَعْبُدُونَ اللّٰهَ رِيَاءً، وَفِرْقَةٌ يَعْبُدُونَ اللّٰهَ يَسْتَأْكِلُونَ بِهِ النَّاسَ، فَإِذَا جَمَعَهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، قَالَ لِلَّذِي يَسْتَأْكِلُ النَّاسَ: بِعِزَّتِي وَجَلَالِي، وَمَا أَرَدْتَ بِعِبَادَتِي؟ قَالَ: وَعِزَّتِكَ وَجَلَالِكَ أَسْتَأْكِلُ بِهِ النَّاسَ. قَالَ: لَمْ يَنْفَعْكَ مَا جَمَعْتَ شَيْئًا تَلْجَأُ إِلَيْهِ، انْطَلِقُوا بِهِ إِلَى النَّارِ، ثُمَّ قَالَ لِلَّذِي كَانَ يَعْبُدُهُ رِيَاءً: بِعِزَّتِي وَجَلَالِي مَا أَرَدْتَ بِعِبَادَتِي؟ قَالَ: بِعِزَّتِكَ وَجَلَالِكَ رِيَاءَ النَّاسِ. قَالَ: لَمْ يَصْعَدْ إِلَيَّ مِنْهُ شَيْءٌ، انْطَلِقُوا بِهِ إِلَى النَّارِ، ثُمَّ يَقُولُ لِلَّذِي كَانَ يَعْبُدُهُ خَالِصًا: بِعِزَّتِي وَجَلَالِي مَا أَرَدْتَ بِعِبَادَتِي؟ قَالَ: بِعِزَّتِكَ وَجَلَالِكَ أَنْتَ أَعْلَمُ بِذَلِكَ مِنِّي أَرَدْتُ بِهِ ذِكْرَكَ وَوَجْهَكَ. قَالَ: صَدَقَ عَبْدِي، انْطَلِقُوا بِهِ إِلَى الْجَنَّةِ

اللہ کی عبادت کرے گا' لوگوں سے کھانا کا ذریعہ بنانے کے لیے' جب اللہ عزوجل قیامت کے دن لوگوں کو جمع کرے گا' اس سے فرمائے گا: جو لوگوں سے کھانے کے لیے عبادت کرتا تھا' میری عزت وجلال کی قسم! تُو نے تو میری عبادت کا ارادہ نہیں کیا؟ وہ عرض کرے گا: تیری عزت وجلال کی قسم! میں اس کے ذریعے لوگوں سے کھاتا تھا' اللہ عزوجل فرمائے گا: جو تُو نے کوئی شی جمع کی تھی تجھے کوئی نفع نہیں دے گی' جس کی تُو امید رکھتا تھا' لے جاؤ اس کو جہنم کی طرف۔ پھر اس سے فرمائے گا: جو دکھاوے کے لیے عبادت کرتا تھا' میری عزت وجلال کی قسم! تُو نے تو میری عبادت کرنے کا ارادہ ہی نہیں کیا؟ وہ عرض کرے گا: تیری عزت وجلال کی قسم! لوگوں کو دکھاوے کے لیے عبادت کی تھی' اللہ عزوجل فرمائے گا: تیرا کوئی عمل پیش نہیں ہوا ہے' لے جاؤ اس کو جہنم کی طرف۔ پھر اس سے فرمائے گا: جو خلوص سے اللہ کی عبادت کرتا تھا' میری عزت وجلال کی قسم! تُو نے میری عبادت کرنے سے کیا ارادہ کیا تھا؟ وہ عرض کرے گا: تیری عزت وجلال کی قسم! تُو اس بات کو مجھ سے زیادہ جانتا ہے' میں نے تو تیری یاد اور تیری رضا کے لیے عبادت کی تھی' اللہ عزوجل فرمائے گا: میرے بندے نے سچ کہا' اس کو جنت کی طرف لے جاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ إِلَّا قَطَرِيٌّ الْخَشَّابُ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: عُبَيْدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْعَطَّارُ

یہ دونوں حدیثیں عبدالوارث سے قطری الخشاب روایت کرتے ہیں' ان دونوں حدیثوں کے ساتھ عبید بن اسحاق العطار اکیلے ہیں۔

Marfat.com

**5106** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ الْجَوْهَرِيُّ قَالَ: نَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ اَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، وَحَفْصَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَحِلُّ لِامْرَاَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ اَنْ تُحِدَّ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثٍ اِلَّا عَلَى زَوْجٍ

حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کسی عورت کے لیے جائز ہی نہیں ہے کہ جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتی ہو اپنے شوہر کے علاوہ کے وصال پر تین دن سے زیادہ سوگ منائے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُلَيْحٍ اِلَّا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ

یہ حدیث فلیح سے سریج بن نعمان روایت کرتے ہیں۔

**5107** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا وُهَيْبٌ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى ثَلَاثِ طَرَائِقَ: رَاغِبِينَ، رَاهِبِينَ، وَاثْنَانِ عَلَى بَعِيرٍ، وَثَلَاثَةٌ عَلَى بَعِيرٍ، وَعَشَرَةٌ عَلَى بَعِيرٍ، وَتَحْشُرُ بَقِيَّتَهُمُ النَّارُ، وَتَقِيلُ مَعَهُمْ حَيْثُ قَالُوا، وَتَبِيتُ مَعَهُمْ حَيْثُ بَاتُوا، وَتُصْبِحُ مَعَهُمْ حَيْثُ اَصْبَحُوا، وَتُمْسِي مَعَهُمْ حَيْثُ اَمْسَوْا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن لوگوں کو تین طریقوں سے اُٹھایا جائے گا: خوش ہوئے اور ڈرے ہوئے دو ایک اونٹ پر ہوں گے اور تین ایک اونٹ پر ہوں گے اور دس ایک اونٹ پر بقیہ کو جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔ وہ آگ وہیں قیلولہ کرے گی جہاں وہ قیلولہ کریں گے وہیں رات گزارے گی جہاں وہ رات گزاریں گے جہاں وہ صبح کریں گے وہیں صبح کرے گا جہاں وہ شام کریں گے وہیں وہ شام کرے گی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ اِلَّا وُهَيْبٌ، وَابْنُ جُرَيْجٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَجَّاجٌ الْاَعْوَرُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ

یہ حدیث ابن طاؤس سے وہیب اور ابن جریج روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں حجاج الاعور ابن جریج سے اکیلے ہیں۔

**5108** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

5106- اخرجه مسلم: الطلاق جلد2صفحه1126، ومالك في الموطا: الطلاق جلد2صفحه598 رقم الحديث:104 .

5107- اخرجه البخاري: الرقاق جلد11صفحه384 رقم الحديث:6522، ومسلم: الجنة جلد4صفحه2195 .

5108- اسناده حسن، فيه: عاصم بن بهدلة: صدوق يهم . وأخرجه أيضًا أحمد، وابن ماجة، بنحوه . وقال الهيثمي في

Marfat.com

قَالَ: نَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ لَيُبَلِّغُ الْعَبْدَ الدَّرَجَةَ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، اَنّٰى لِي هٰذِهِ الدَّرَجَةُ؟ فَيَقُولُ: بِاسْتِغْفَارِ وَلَدِكَ لَكَ

حضورﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل بندہ کو بلند درجے پر فائز کرے گا' وہ بندہ عرض کرے گا: اے رب! میرے لیے یہ درجہ کیسے ہو گیا؟ اللہ عزوجل فرمائے گا: تیرے بچوں کا تیرے لیے بخشش مانگنے کے ذریعے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث عاصم سے حماد بن سلمہ روایت کرتے ہیں۔

**5109** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ: نَا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ادْعُوا اللّٰهَ وَاَنْتُمْ مُوقِنُونَ بِالْاِجَابَةِ، وَاعْلَمُوا اَنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَجِيبُ دُعَاءً مِنْ قَلْبٍ غَافِلٍ لَاهٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: تم اللہ عزوجل سے دعا مانگو اس یقین سے کہ وہ تمہاری دعا قبول کرے گا' جان لو کہ بے شک اللہ عزوجل غفلت سے مانگی ہوئی دعا قبول نہیں کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانٍ اِلَّا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ

یہ حدیث ہشام بن حسان سے صالح المری روایت کرتے ہیں۔

**5110** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ كُلْثُومِ بْنِ جَبْرٍ، عَنْ خُثَيْمِ بْنِ مَرْوَانَ، عَنْ اَبِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اپنی سواریاں تین مسجدوں کی طرف باندھو: مسجد خیف' مسجد حرام' مسجد نبوی۔

---

المجمع جلد10صفحہ213: ورجاله رجال الصحيح غير عاصم بن بهدلة' وقد وثق .

**5109**- أخرجه الترمذي: الدعوات جلد 5صفحہ517 رقم الحديث: 3479' وقال: غريب . والحاكم في المستدرك جلد1صفحہ493' وقال: هذا حديث مستقيم الاسناد تفرد به صالح المروى وهو أحد زهاد أهل البصرة . انظر الترغيب للمنذري جلد2صفحہ492 رقم الحديث: 3 .

**5110**- اسناده فيه: خثيم بن مروان' ضعفه الأزدي' وابن الجارود' وقال العقيلي: لا يتابع على حديثه . وانظر مجمع الزوائد جلد4صفحہ7 .

Marfat.com

هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: مَسْجِدِ الْخَيْفِ، وَمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِي هٰذَا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ كُلْثُومِ بْنِ جَبْرٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَلَمْ يُذْكَرْ مَسْجِدُ الْخَيْفِ فِي شَدِّ الرِّحَالِ اِلَّا فِي هٰذَا الْحَدِيثِ

یہ حدیث کلثوم بن جبر سے حماد بن سلمہ روایت کرتے ہیں' مسجد خیف کا ذکر اس کے سوا کسی اور حدیث میں نہیں ہے۔

**5111** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نَا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي نَجِيحٍ، وَعَنْ حُمَيْدٍ الْاَعْرَجِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا كَانَتْ تَفْرُكُ الْمَنِيَّ مِنْ ثَوْبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ يُصَلِّي فِيهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے کپڑے سے منی کو کھرچتی تھیں' پھر آپ اس میں نماز پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَاهِدٍ اِلَّا ابْنُ اَبِي نَجِيحٍ، وَحُمَيْدٌ الْاَعْرَجُ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْهُمَا اِلَّا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ

یہ حدیث مجاہد سے ابن ابونجیح اور حمید الاعرج روایت کرتے ہیں' ان دونوں سے قزعہ بن سوید روایت کرتے ہیں۔

**5112** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا ابْنُ جُرَيْجٍ، اَنَّهُ سَمِعَ عَطَاءً، يُحَدِّثُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اسْمَحْ يُسْمَحْ لَكَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نرمی کرو تم پر نرمی کی جائے گی یا درگزر کرو۔

**5111**- اخرجه مسلم: الطهارة جلد 1 صفحه 238' وابو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 99 رقم الحديث: 372' والنسائی: الطهارة جلد 1 صفحه 127 (باب فرك المنی من الثوب) .

**5112**- ذكره الهيثمی فی المجمع جلد 10 صفحه 196 وقال: رواه البزار عن شيخه مهدی بن جعفر البرمكی' وقد وثقه غير واحد' وفيه كلام' وبقية رجاله رجال الصحيح' ورواه الطبرانی فی الصغير والأوسط ورجالهما رجال الصحيح .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث ابن جریج سے ولید بن مسلم روایت کرتے ہیں۔

**5113** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ: نَا مُجَالِدٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا شَبِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خُبْزِ بُرٍّ فِي يَوْمٍ مَرَّتَيْنِ حَتَّى لَحِقَ بِاللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ لگاتار دو دن گندم سیر ہو کر نہیں کھاتے تھے یہاں تک کہ اللہ سے جا ملے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَالِدٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ

یہ حدیث مجالد سے حماد بن زید روایت کرتے ہیں۔

**5114** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ: نَا مُجَالِدٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّكُمُ الْيَوْمَ عَلَى دِينٍ، وَاِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْاُمَمَ، فَلَا تَمْشُوا الْقَهْقَرَى بَعْدِي

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم پر آج کے دن کی طرح دین لازم ہے، میں کثرتِ اُمت کی وجہ سے فخر کروں گا، میرے بعد اُلٹے پاؤں نہ پلٹنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَالِدٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ

یہ حدیث مجالد سے حماد بن زید روایت کرتے ہیں۔

**5115** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ الْعِجْلِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دیہاتیوں سے زکوٰۃ لی جائے ان کے پانیوں اور زمینوں سے۔

---

**5113**- أصله عند مسلم . أخرجه مسلم: الزهد جلد4صفحه2283 .

**5114**- اسنادہ فيه: مجالد بن سعيد: ضعيف . تخريجه أبو يعلى، وأحمد، وقال الهيثمي في المجمع جلد7صفحه298: وفيه مجالد وفيه خلاف، وبقية رجاله ثقات .

**5115**- اسناده حسن: وأخرجه أيضًا البيهقي في الكبرى، وقال الهيثمي في المجمع جلد3صفحه82: واسناده حسن .

(١)ما بين المعقوفتين استدركناه من كلام الطبراني آخر الحديث .

Marfat.com

بَكْرٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُؤْخَذُ صَدَقَاتُ اَهْلِ الْبَادِيَةِ عَلَى مِيَاهِهِمْ، وَبِاَفْنِيَتِهِمْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ اِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ

یہ حدیث عبداللہ بن ابوبکر سے عبدالملک بن محمد بن ابوبکر روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں عبداللہ بن صالح اکیلے ہیں۔

**5116** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامِ بْنِ اَبِي الدُّمَيْكِ الْمُسْتَمْلِيُّ قَالَ: نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اُهْدِيَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَبٌّ فَلَمْ يَاْكُلْهُ ، قَالَتْ عَائِشَةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَلَا نُطْعِمُهُ الْمَسَاكِينَ؟ قَالَ: لَا تُطْعِمُوهُمْ مَا لَا تَاْكُلُونَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کو گوہ ہدیہ دی گئی' آپ نے اس کو کھایا نہیں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم مساکین کو نہ کھلا دیں؟ آپ نے فرمایا: جو تم خود نہیں کھاتے وہ لوگوں کو نہ کھلاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ

یہ حدیث حماد بن ابوسلیمان سے حماد بن سلمہ اور سفیان ثوری روایت کرتے ہیں۔

**5117** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ الْمُسْتَمْلِيُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ زِيَادٍ، سَبَلَانُ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُجَالِدٍ، عَنْ هِلَالٍ الْوَزَّانِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِحَسَّانَ: اهْجُ الْمُشْرِكِينَ، اللّٰهُمَّ اَيِّدْهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت حسان رضی اللہ عنہ کو فرمایا: مشرکین کی ہجو کرو' اے اللہ! جبریل امین کے ذریعے حسان کی مدد فرما!

---

**5116**- اسناده صحيح . وانظر مجمع الزوائد جلد**3** صفحه**116** .

**5117**- أصله عند مسلم . اخرجه مسلم: فضائل الصحابة جلد **4** صفحه**1935**' وأبو داؤد: الأدب جلد **4** صفحه**305** رقم الحديث: **5015**' والترمذي: الأدب جلد**5** صفحه**138** رقم الحديث: **2846** .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِلَالٍ الْوَزَّانِ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُجَالِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِبْرَاهِيمُ بْنُ زِيَادٍ سَبَلَانُ وَرَوَاهُ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ: عَنْ سَبَلَانَ

یہ حدیث ہلال الوزان سے اسماعیل بن مجالد روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں ابراہیم بن زیاد سبلان اکیلے ہیں' علی بن مدینی سبلان سے روایت کرتے ہیں۔

**5118** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ الْمُسْتَمْلِيُّ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ الْعِجْلِيُّ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَرَادَ الْحَاجَةَ لَمْ يَرْفَعْ ثَوْبَهُ حَتَّى يَدْنُوَ مِنَ الْأَرْضِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب قضاء حاجت کا ارادہ کرتے تو زمین پر بیٹھنے سے پہلے کپڑا نہیں اُٹھاتے تھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ جَابِرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحُسَيْنُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ الْعِجْلِيُّ

یہ حدیث جابر سے اسی سند کے ساتھ روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں حسین بن عبیداللہ العجلی اکیلے ہیں۔

**5119** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ الْمُسْتَمْلِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ صَالِحٍ الْهَرَوِيُّ قَالَ: نَا عَبَّادُ الْعَوَّامُ، عَنْ جَمِيلِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَحْبِبْ حَبِيبَكَ هَوْنًا مَا عَسَى أَنْ يَكُونَ بَغِيضَكَ يَوْمًا مَا، وَأَبْغِضْ بَغِيضَكَ هَوْنًا، مَا عَسَى أَنْ يَكُونَ حَبِيبَكَ يَوْمًا مَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے دوست سے دوستی تھوڑی رکھو' ہو سکتا ہے کہ کسی دن تو اُس سے ناراض ہو' کسی سے ناراضگی تھوڑی رکھ ہوسکتا ہے کہ تو اس سے کسی دن دوستی کرے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ

یہ حدیث عبداللہ بن عمر سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں عباد بن عوام اکیلے ہیں۔

---

5118- اسناده فيه: الحسين بن عبيد الله العجلي' كان يضع الحديث . انظر مجمع الزوائد جلد1صفحه209 .

5119- اسناده فيه: جميل بن زيد الطائي' قال ابن معين' والنسائي: ليس بثقة' وقال ابن حبان: واهي الحديث . وعزاه الهيثمي في المجمع جلد8صفحه91 الى الكبير' وقال: وفيه جميل بن زيد' وهو ضعيف .

Marfat.com

**5120** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ الْمُسْتَمْلِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْفِهْرِيُّ، نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي قَبِيلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَحْبِبْ حَبِيبَكَ هَوْنًا مَا عَسَى اَنْ يَكُونَ بَغِيضَكَ يَوْمًا مَا، وَاَبْغِضْ بَغِيضَكَ هَوْنًا، مَا عَسَى اَنْ يَكُونَ حَبِيبَكَ يَوْمًا مَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے دوست سے دوستی تھوڑی رکھو، ہو سکتا ہے کہ کسی دن تو اُس سے ناراض ہو کسی سے ناراضگی تھوڑی رکھ ہوسکتا ہے کہ تُو اس سے کسی دن دوستی کرے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْفِهْرِيُّ

یہ حدیث عبداللہ بن عمرو سے اسی سند سے روایت ہے ان سے روایت کرنے میں محمد بن کثیر اکیلے ہیں۔

**5121** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ الْمُسْتَمْلِيُّ قَالَ: نَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نَا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَوُوا تَسْتَوِي قُلُوبُكُمْ، وَتَمَاسُّوا تَرَاحَمُوا قَالَ سُرَيْجٌ: تَمَاسُّوا يَعْنِي: ازْدَحِمُوا فِي الصَّلَاةِ وَقَالَ غَيْرُهُ: تَمَاسُّوا: تَوَاصَلُوا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نماز میں کندھے سے کندھا ملاؤ' تمہارے دلوں کو ملا دیا جائے گا' صلہ رحمی کرو تم پر رحم کیا جائے گا۔ حضرت سریج فرماتے ہیں کہ "تماسوا" کا معنی ہے: نماز میں کندھے سے کندھا ملاؤ اور اس کے علاوہ میں صلہ رحمی کرو' اس کے معنی میں "تماسوا" استعمال ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ اِلَّا مُجَالِدٌ، وَلَا مُجَالِدٌ اِلَّا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث شعبی سے مجالد اور مجالد سے ابو خالد احمر روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں سریج بن یونس اکیلے ہیں' حضرت علی سے اسی سند سے روایت ہے۔

**5122** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی کریم

---

**5120**- اسناده فيه: محمد بن كثير الفهري: متروك . وعزاه الهيثمي في المجمع جلد **8** صفحه **91** الى الكبير' قال: وفيه محمد بن كثير الفهري' وهو ضعيف .

**5121**- اسناده فيه: الحارث الأعور: ضعيف رمي بالرفض . انظر مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **93** .

**5122**- اسناده فيه: عثمان بن عبد الرحمٰن بن عبد الله بن سلام الجمحي' قال البخاري: مجهول' وقال أبو حاتم: ليس بالقوي' يكتب حديثه ولا يحتج به . انظر مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **5** .

Marfat.com

الْمُسْتَمْلِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: ذُكِرَ الدَّجَّالُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: تَلِدُهُ أُمُّهُ، وَهِيَ مَنْبُوذَةٌ فِي قَبْرِهَا، فَإِذَا وَلَدَتْهُ حَمَلَتِ النِّسَاءُ بِالْخَطَّائِينَ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے دجال کا ذکر کیا گیا۔ آپ نے فرمایا: اس کی ماں اُسے اس حال میں جنے گی کہ وہ اپنی قبر میں ڈال دی گئی ہوگی۔ سو جب وہ اُسے جنے گی تو عورتیں خطا کرنے والوں سے حاملہ ہوں گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ إِلَّا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُمَحِيُّ

یہ حدیث ابن طاؤس سے صرف عثمان بن عبدالرحمٰن جمحی روایت کرتے ہیں۔

**5123** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ الْمُسْتَمْلِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ قَالَ: نَا صَالِحُ بْنُ مُوسَى الطَّلْحِيُّ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: جَرَتِ السُّنَّةُ مِنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَدَاقِ النِّسَاءِ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ أُوقِيَّةً، وَالْأُوقِيَّةُ أَرْبَعُونَ دِرْهَمًا، وَذَلِكَ ثَمَانُونَ وَأَرْبَعُ مِئَةٍ، وَجَرَتِ السُّنَّةُ مِنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غُسْلِ الْجَنَابَةِ صَاعٌ، وَالصَّاعُ ثَمَانِيَةُ أَرْطَالٍ، وَالْوُضُوءُ بِمُدٍّ، وَالْمُدُّ رِطْلَانِ، وَجَرَتِ السُّنَّةُ مِنْهُ فِي الْعُشْرِ أَنَّهُ لَيْسَ فِي دُونِ خَمْسِ أَوْسُقٍ زَكَاةٌ، وَالْوَسْقُ سِتُّونَ صَاعًا بِهَذَا الصَّاعِ، فَذَلِكَ ثَلَاثُ مِئَةِ صَاعٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مہر کے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت یہ ہے کہ بارہ اوقیہ ایک اوقیہ چالیس درہموں کا ہوتا ہے یہ ہو جائیں گے: چار سو اسّی درہم۔ غسل جنابت کرنے میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت یہ ہے کہ ایک صاع اور ایک صاع آٹھ رطل کا ہوتا ہے اور وضو ایک مُد سے اور ایک مُد دو رطل کا ہوتا ہے۔ عُشر کے متعلق سنت یہ ہے کہ پانچ وسق سے کم میں زکوۃ نہیں ہے ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے یہ ہو جائیں گے تین سو صاع۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ بْنِ مُوسَى

یہ حدیث منصور سے صالح بن موسیٰ روایت کرتے ہیں۔

**5124** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ

حضرت ابو مدینہ دارمی صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے

---

**5123**- اسناده فيه: صالح بن موسى الطلحي: متروك . وقال الهيثمي في المجمع جلد **3** صفحه **73**: وفيه صالح بن موسى الطلحي، وهو ضعيف .

**5124**- اخرجه البيهقي في شعب الايمان جلد **6** صفحه **501** رقم الحديث: **9057** . انظر الدر المنثور للسيوطي

Marfat.com

الْمُسْتَمْلِيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ ابْنُ عَائِشَةَ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَبِى مَدِينَةَ الدَّارِمِيِّ، وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ قَالَ: كَانَ الرَّجُلَانِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا الْتَقَيَا لَمْ يَفْتَرِقَا حَتَّى يَقْرَاَ اَحَدُهُمَا عَلَى الْآخَرِ: (وَالْعَصْرِ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِى خُسْرٍ) (العصر:2)، ثُمَّ يُسَلِّمَ اَحَدُهُمَا عَلَى الْآخَرِ قَالَ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ: اسْمُ اَبِى مَدِينَةَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حِصْنٍ

ہیں کہ حضور ﷺ کے اصحاب جب صحابہ سے ملاقات کرتے' دونوں جدا نہیں ہوتے تھے یہاں تک کہ ایک دوسرے پر والعصرO ان الانسان لفی خسر نہ پڑھ لیتے' پھر ایک دوسرے کو سلام کرتے۔ علی بن مدینی فرماتے ہیں کہ ابومدینہ کا نام عبداللہ بن حصن ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِى مَدِينَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث ابومدینہ سے اسی سند کے ساتھ روایت ہے' ان سے روایت کرنے میں حماد بن سلمہ اکیلے ہیں۔

**5125** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ الْمُسْتَمْلِيُّ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْقَاضِى قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ اَبِى الْكَهْتَلَةِ، قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ: اَظُنُّهُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَرَ جِبْرِيلَ فِى صُورَتِهِ اِلَّا مَرَّتَيْنِ: اَمَّا مَرَّةٌ فَاِنَّهُ سَاَلَهُ اَنْ يُرِيَهُ نَفْسَهُ فِى صُورَتِهِ، فَاَرَاهُ فَسَدَّ الْاُفُقَ، وَاَمَّا الثَّانِيَةُ فَاِنَّهُ كَانَ مَعَهُ اِذْ صَعِدَ فِى قَوْلِهِ: (دَنَا فَتَدَلَّى، فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنَى، فَاَوْحَى اِلَى عَبْدِهِ مَا اَوْحَى) (النجم:9)، فَلَمَّا حَسَّ جِبْرِيلُ رَبَّهُ تَبَارَكَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت جبریل علیہ السلام کو اصلی صورت میں دو مرتبہ دیکھا ہے' پہلی تو آپ نے فرمایا حضرت جبریل کو اصلی صورت دکھانے کی' حضرت جبریل نے دکھائی تو اُفق بند ہو گیا' دوسری مرتبہ جب آپ کو لے کر آسمانوں کی طرف گئے' پھر وہ جلوہ نزدیک ہوا' پھر خوب اُتر آیا تو اس جلوہ اور اس محبوب میں دو ہاتھ کا فاصلہ رہا' بلکہ اس سے بھی کم۔ اب وحی فرمائی اپنے بندے کو جو وحی فرمائی' جب حضرت جبریل علیہ السلام نے رب تعالیٰ کی ذات کو محسوس کیا' اب اپنی اصلی صورت میں آئے' یہ ہی مطلب ہے ارشادِ باری تعالیٰ کا:

جلد6صفحہ392۔

5125- أخرجه أحمد: المسند جلد1صفحه528 رقم الحديث: 3863 ۔ انظر الدر المنثور للسيوطى جلد 6 صفحه122-123۔

Marfat.com

وَتَعَالَى عَادَ فِي صُورَتِهِ، فَذَلِكَ قَوْلُهُ:(وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَى عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَأْوَى) (النجم: 13) إِلَى قَوْلِهِ:(لَقَدْ رَأَى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَى) (النجم: 18) قَالَ: خَلَقَ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

''پھر انہوں نے وہ جلوہ دوبارہ دیکھا سدرۃ المنتہیٰ کے پاس' اس کے پاس جنت الماویٰ ہے' یہاں تک کہ آپ نے اپنے رب کی بڑی نشانیاں دیکھیں''۔ فرمایا: حضرت جبریل علیہ السلام کو پیدا کیا۔

لَمْ يُرْوَ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ أَبِي الْكَهْتَلَةِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ

یہ حدیث اسحاق بن ابی کہتلہ سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں' اس حدیث کو روایت کرنے میں محمد بن طلحہ بن مصرف اکیلے ہیں۔

فائدہ: یاد رہے کہ حضور ﷺ کو کئی مرتبہ معراج ہوئی ہے' ایک معراج میں آپ نے اللہ عزوجل کی ذات کی زیارت کی۔ اس کی وضاحت حدیث میں آتی ہے کہ آپ نے فرمایا: ''رایت ربی فی احسن صورةٍ'' کہ میں نے اپنے رب کو بڑی اچھی صورت میں دیکھا۔ ثقہ مفسرین نے تمام آیتوں کی تفسیر میں حضور ﷺ کی معراج شریف کا ذکر کیا کہ آپ نے اللہ تعالیٰ کی ذات کا اپنی آنکھوں سے دیدار کیا۔ تفصیل کے لیے اس مقام کی تفسیر علمائے اہل سنت کی تفاسیر دیکھیں۔

(غلام دستگیر سیالکوٹی غفرلہٗ)

**5126** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ الْمُسْتَمْلِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ أَبِي أُسَامَةَ يَوْمًا، فَقَالَ الْمُسْتَمْلِيُّ: خُذْ إِلَيْكَ، حَدَّثَنِي الْأَحْوَصُ بْنُ حَكِيمٍ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، وَأَبِي الزَّاهِرِيَّةِ، قَالَا: سَمِعْنَا أَبَا الدَّرْدَاءِ، يَقُولُ: مَرَّ بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَحْفِرُ قَبْرًا، فَقَالَ: مَا تَصْنَعُونَ؟ قُلْنَا: نَحْفِرُ قَبْرًا لِهَذَا الْأَسْوَدِ، فَقَالَ: جَاءَتْ بِهِ مَنِيَّتُهُ إِلَى تُرْبَتِهِ قَالَ: أَبُو أُسَامَةَ: تَدْرُونَ يَا أَهْلَ الْكُوفَةِ لِمَ حَدَّثْتُكُمْ بِهَذَا الْحَدِيثِ؟ لِأَنَّ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ خُلِقَا مِنْ تُرْبَةِ

**5573** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي قَوْلِهِ:(سَاُرْهِقُهُ صَعُودًا) (المدثر:17) قَالَ: جَبَلٌ مِنْ نَارٍ فِي النَّارِ، يُكَلَّفُ اَنْ يَصْعَدَهُ، فَاِذَا وَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهِ ذَابَتْ، فَاِذَا رَفَعَهَا عَادَتْ، وَاِذَا وَضَعَ رِجْلَهُ عَلَيْهِ ذَابَتْ، فَاِذَا رَفَعَهَا عَادَتْ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے حوالہ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ عزوجل کے اس ارشاد ''سارهقه صعودا'' کے متعلق فرمایا: جہنم میں آگ کا ایک پہاڑ ہوگا' اس کو اس پہاڑ پر چڑھنے کا مکلف بنایا جائے گا' جب اس پر اپنا ہاتھ رکھے گا تو وہ جل جائے گا' جب اُٹھائے گا تو وہ ٹھیک ہو جائے گا' جب اس پر اپنا پاؤں رکھے گا تو وہ جل جائے گا' جب اُٹھائے گا تو ٹھیک ہو جائے گا۔

لَمْ يَرْفَعْ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ اِلَّا شَرِيكٌ وَرَوَاهُ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ، فَوَقَفَهُ

یہ حدیث عمار الدھنی سے شریک روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو سفیان بن عیینہ' عمار الدھنی سے روایت کرتے ہیں' ان کی موافقت کرتے ہیں۔

**5574** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا عُقْبَةُ بْنُ قَبِيصَةَ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ قَيْسٍ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ عَطِيَّةَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي هَذِهِ الْآيَةِ:(يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ) (ابراهيم:27) قَالَ: فِي الْآخِرَةِ: فِي الْقَبْرِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اس آیت کہ اللہ عزوجل ایمان والوں کو دنیا و آخرت کی زندگی میں لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے پڑھنے سے ثابت قدم رکھے گا' کے متعلق فرمایا: آخرت یعنی قبر میں ثابت رکھے گا۔

لَمْ يَرْفَعْ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ قَيْسٍ اِلَّا قَبِيصَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُقْبَةُ وَرَوَاهُ اَبُو نُعَيْمٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ قَيْسٍ، فَوَقَفَهُ

یہ حدیث مرفوعاً موسیٰ بن قیس سے قبیصہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عقبہ اکیلے ہیں۔ ابونعیم موسیٰ بن قیس سے روایت کرتے ہیں۔

Marfat.com

**5575** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْاَوْدِيُّ قَالَ: ثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِيَأْكُلْ اَحَدُكُمْ بِيَمِينِهِ، وَيَشْرَبْ بِيَمِينِهِ، فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْكُلُ بِشِمَالِهِ، وَيُشْرَبُ بِشِمَالِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کھائے تو دائیں ہاتھ سے کھائے اور پیئے کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا اور پیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا شَرِيكٌ وَرَوَاهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، وَالنَّاسُ: عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یہ حدیث عبداللہ نافع سے وہ ابن عمر سے عبیداللہ سے شریک روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو یحییٰ بن قطان اور لوگ عبیداللہ بن عمر سے وہ زہری سے وہ ابوبکر بن عبیداللہ بن عمر سے وہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔

**5576** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْاَشْعَثِيُّ قَالَ: نَا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عُبَيْدَةَ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِي الْجَعْدِ الضَّمْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: مَسْجِدِي، وَمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَالْمَسْجِدِ الْاَقْصَى

حضرت ابوالجعد ضمری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سواریاں تین مسجدوں کی طرف ہی باندھو: میری مسجد میں مسجد حرام مسجد اقصیٰ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا عَبْثَرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو، وَلَا يُرْوَى عَنْ

یہ حدیث محمد بن عمرو سے عبثر روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں سعید بن عمرو اکیلے ہیں۔ یہ

---

5575- أخرجه مسلم: الأشربة جلد 3 صفحه 1598، وأبو داؤد: الأطعمة جلد 3 صفحه 348 رقم الحديث: 3776، والترمذي: الأطعمة جلد 4 صفحه 258 رقم الحديث: 1800، ومالك في الموطأ: صفة النبي ﷺ جلد 2 صفحه 922 رقم الحديث: 6 بلفظ: اذا أكل أحدكم...... .

5576- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 22 صفحه 366 رقم الحديث: 919 .

Marfat.com

عُبَيْدَةَ بْنِ سُفْيَانَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

حدیث عبیدہ بن سفیان سے اسی سند سے روایت ہے۔

**5577** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْاَشْعَثِيُّ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَا يُزَكِّيهِمْ، وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيمٌ: اَشْمَطُ زَانٍ، وَعَائِلٌ مُسْتَكْبِرٌ، وَرَجُلٌ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُ بِضَاعَةً، فَلَا يَبِيعُ اِلَّا بِيَمِينِهِ، وَلَا يَشْتَرِي اِلَّا بِيَمِينِهِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین آدمیوں سے اللہ عزوجل گفتگو نہیں کرے گا نہ ان کو پاک کرے گا' ان کے لیے عذابِ الیم ہوگا: بوڑھا زنا کرنے والا' فقیر تکبر کرنے والا' ایک وہ آدمی جس کو اللہ عزوجل نے سامانِ تجارت کا مالک بنایا' وہ اس کو قسم اُٹھا کر فروخت کرتا ہے اور اس کو قسم اُٹھا کر خریدتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا حَفْصٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو، وَلَا يُرْوَى عَنْ سُلَيْمَانَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث عاصم سے حفص روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سعید بن عمرو اکیلے ہیں۔ حضرت سلیمان سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**5578** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ صَائِمٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے روزہ کی حالت میں پچھنا لگوایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مِنْجَابٌ

یہ حدیث عاصم سے شریک روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں منجاب اکیلے ہیں۔

**5579** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مِهْرَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَرَاْنَاهَا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم اس آیت کو حضور ﷺ کے زمانہ میں دو سال تک پڑھتے رہے' وہ لوگ جو اللہ کے ساتھ دوسرے خدا کو نہیں پکارتے ہیں' نہ کسی جان کو قتل کرتے ہیں' جس کو اللہ نے حرام کیا' قتل کرنا مگر حق کے ساتھ نہ وہ زنا کرتے ہیں۔ پھر یہ

---

5578- أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه205 رقم الحديث: 1939' ومسلم: الحج جلد2صفحه862 .

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِنِينَ: (وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا آخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُونَ) (الفرقان: 68) الْآيَةَ، ثُمَّ نَزَلَتْ: (اِلَّا مَنْ تَابَ وَآمَنَ) (مریم: 60)، فَمَا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرِحَ فَرَحًا قَطُّ اَشَدَّ فَرَحًا مِنْهُ بِهَا، وَبِـ (اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِينًا) (الفتح: 1)

آیت نازل ہوئی: ''ہاں جو توبہ کر لے اور ایمان لائے'' میں نے حضورﷺ کو کبھی بھی اتنا خوش ہوتے ہوئے نہیں دیکھا جتنا اس آیت پر کہ ''ہم نے آپ کو واضح فتح دی''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ الْمَكِّيُّ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے عبداللہ بن رجاء کی روایت کرتے ہیں۔

**5580** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ قَالَ: نَا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَافَ طَوَافًا وَاحِدًا لِحَجَّتِهِ وَعُمْرَتِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ حج وعمرہ کا ایک طواف کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ اِلَّا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ

یہ حدیث عبدالملک بن ابوسلیمان سے منصور بن ابواسود روایت کرتے ہیں۔

**5581** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا اَبُو بِلَالٍ الْاَشْعَرِيُّ قَالَ: نَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ، صَاحِبِ الْقَصَبِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو نردشیر (دو دھروں والا ایک صندوق نما کھیل جس میں پتھر ہوتے ہیں' قسمت پر اعتماد کر کے اس میں دھروں کے مطابق پتھروں کو اِدھر اُدھر کیا جاتا ہے) کے ساتھ کھیلے' اس نے اللہ اور اس کے رسول

**5580**- أخرجه الطبراني في الكبير جلد**11**صفحه**140** رقم الحديث: **11293** .

**5581**- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد**4**صفحه**286** رقم الحديث: **4938**' وابن ماجة: الأدب جلد **2**صفحه**1237** رقم الحديث: **3762**' ومالك في الموطأ: الرؤيا جلد**2**صفحه**958** رقم الحديث: **6**' وأحمد: المسند جلد **4** صفحه **482** رقم الحديث: **19540** . والحاكم في المستدرك جلد **1**صفحه**50** وقال: صحيح على شرط الشيخين وأقره الذهبي .

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدَشِيرِ فَقَدْ عَصَى اللَّهَ وَرَسُولَهُ

کی نافرمانی کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ إِلَّا قَيْسٌ

یہ حدیث ابوالہیثم سے قیس روایت کرتے ہیں۔

**5582** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا حُسَيْنُ بْنُ يُوسُفَ التَّمِيمِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَتَاكُمْ كَرِيمُ قَوْمٍ فَأَكْرِمُوهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں کسی قوم کا معزز آدمی آئے تو اس کی عزت کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: حُسَيْنُ بْنُ يُوسُفَ

یہ حدیث ابن جریج سے محمد بن مروان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسین بن یوسف اکیلے ہیں۔

**5583** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ عَمْرٍو الْحَنَفِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ بُرَيْدٍ الْأَشْعَرِيُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَحِبُّوا الْعَرَبَ لِثَلَاثٍ: لِأَنِّي عَرَبِيٌّ، وَالْقُرْآنُ عَرَبِيٌّ، وَلِسَانُ أَهْلِ الْجَنَّةِ عَرَبِيٌّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عرب والوں سے تین وجہ سے محبت کرو: میں عربی ہوں، قرآن عربی ہے، جنت والوں کی زبان عربی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا يَحْيَى بْنُ بُرَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْعَلَاءُ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث ابن جریج سے یحییٰ بن برید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں علاء بن عمرو اکیلے ہیں۔

**5584** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّلْحِيُّ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل میرے بعد سب سے پہلے حضرت عمر سے مصافحہ کرے گا اور میرے بعد سب

**5584**- أخرجه ابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 39 رقم الحديث: 104 .

Marfat.com

الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَّلُ مَنْ يُصَافِحُهُ الْحَقُّ بَعْدِي: عُمَرُ، وَأَوَّلُ مَنْ يُسَلِّمُ عَلَيْهِ، وَأَوَّلُ مَنْ يَأْخُذُ بِيَدِهِ فَيُدْخِلُ الْجَنَّةَ

سے پہلے آپ کوسلام کیا جائے گا' سب سے پہلے آپ کا ہاتھ پکڑے گا' پس وہ جنت میں داخل ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ إِلَّا دَاوُدُ بْنُ عَطَاءٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْمَاعِيلُ الطَّلْحِيُّ

یہ حدیث صالح بن کیسان سے داؤد بن عطاء روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسماعیل الطلحی اکیلے ہیں۔

**5585** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عِمَارَةَ بْنِ رُوَيْبَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: هُمَا الْمُوجِبَتَانِ: مَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَمَنْ مَاتَ يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ النَّارَ

حضرت عمار بن رویبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کوفرماتے ہوئے سنا: دو چیزیں واجب کرنے والی ہیں: جواس حالت میں مرے کہ اللہ کے ساتھ کسی کوشریک نہ ٹھہرایا ہو' وہ جنتی ہے' اور جو اس حالت میں مرے کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہراتا ہوتو وہ دوزخ میں جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عِمَارَةَ بْنِ رُوَيْبَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث ابواسحاق سے محمد بن ابان روایت کرتے ہیں۔ حضرت عمار بن رویبہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

**5586** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا أَبُو بِلَالٍ الْأَشْعَرِيُّ قَالَ: نَا أَبُو بَكْرٍ النَّهْشَلِيُّ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ ثَمَانِي رَكَعَاتٍ، وَيُوتِرُ بِثَلَاثٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ رات کو آٹھ رکعتیں پڑھتے تھے اور تین رکعت وتر۔

---

**5586**- اخرجه مسلم: المسافرين جلد **1** صفحه **528**' والنسائي: قيام الليل جلد **3** صفحه **195** (باب ذكر الاختلاف على حبيب بن أبي ثابت) ولفظه للنسائي .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ إِلَّا أَبُو بَكْرٍ النَّهْشَلِيُّ

یہ حدیث حبیب بن ابوثابت' یحییٰ بن وثاب سے روایت کرتے ہیں اور حبیب سے ابوبکر النہشلی روایت کرتے ہیں۔

**5587** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ حَبِيبٍ التَّمَّارُ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صِنْفَانِ مِنْ أُمَّتِي لَيْسَ لَهُمَا فِي الْإِسْلَامِ نَصِيبٌ: الْمُرْجِئَةُ وَالْقَدَرِيَّةُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت سے دوقسم کے لوگوں کے لیے اسلام میں کوئی حصہ نہیں ہے: (۱)مرجیہ (۲)قدریہ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى إِلَّا عَمْرُو بْنُ الْقَاسِمِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبَانَ

یہ حدیث ابن ابی لیلیٰ سے عمرو بن قاسم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن ابان اکیلے ہیں۔

**5588** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نَا أَبُو بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: أَصَابَ رَجُلًا حَاجَةٌ فَخَرَجَ إِلَى الْبَرِّيَّةِ، فَقَالَتِ امْرَأَتُهُ: اللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا مَا نَعْتَجِنُ وَمَا نَخْتَبِزُ، فَجَاءَ الرَّجُلُ وَالْجَفْنَةُ مَلْأَى عَجِينًا، وَفِي التَّنُّورِ جُنُوبُ الشِّوَاءِ، وَالرَّحَا تَطْحَنُ، فَقَالَ: مِنْ أَيْنَ هَذَا؟ قَالَتْ: مِنْ رِزْقِ اللّٰهِ، فَكَنَسَ مَا حَوْلَ الرَّحَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ تَرَكَهَا لَدَارَتْ أَوْ قَالَ: طَحَنَتْ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی کو بھوک لگی' وہ ایک جنگل کی طرف نکلا' اس کو بیوی نے کہا: اے اللہ! ہم کو رزق دے۔ یوں کہ نہ ہمیں آٹا گوندھنا پڑے اور نہ روٹی پکانا پڑے' اچانک ایک آدمی اس حال میں آیا کہ برتن بھرا ہوا تھا' تنور میں آگ لگی ہوئی تھی اور چکی چل رہی تھی' اس نے کہا: یہ کہاں سے آیا ہے؟ اس عورت نے کہا: اللہ نے رزق دیا ہے جو چکی کے اردگرد تھا وہ اس نے جھاڑ و دے کر اکٹھا کرلیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر اس کو چھوڑ دیا جاتا تو وہ چلتی رہتی قیامت کے دن تک۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ إِلَّا

یہ حدیث محمد بن سرین سے ہشام بن حسان اور

Marfat.com

هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، وَلَا عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانٍ اِلَّا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ

ہشام بن حسان سے ابوبکر بن عیاش روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن یونس اکیلے ہیں۔

**5589** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ السُّوقَ قَالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ هَذَا السُّوقِ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفُسُوقِ

حضرت سلیمان بن ابو بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب بازار میں داخل ہو تو یہ دعا کرو: ''اللّٰهم انی اسألك الی آخرہ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ بُرَيْدَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث علقمہ بن مرثد سے محمد بن ابان روایت کرتے ہیں۔ بریدہ سے روایت یہ حدیث اسی سند سے ہے۔

**5590** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْاَوْدِيُّ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا احْتَفَيْتَ فَاحْتَفِ جَمِيعًا، وَاِذَا انْتَعَلْتَ فَابْدَاْ بِالْيُمْنَى، فَاِذَا خَلَعْتَ فَاخْلَعِ الْيُسْرَى

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب جوتے اُتارو تو دونوں اُتارو، جب جوتے پہنو تو دائیں جانب سے پہنو، جب اُتارو تو بایاں اُتارو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَرِيكٍ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ

یہ حدیث شریک سے علی بن حکیم روایت کرتے ہیں۔

**5591** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ قَالَ: نَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگوں میں بڑا عاجز وہ ہے جو دعا مانگنے

**5590**- أخرجه البخاري: اللباس جلد **10** صفحه **324** رقم الحديث: **5856**، ومسلم: اللباس جلد **3** صفحه **1660** بنحوه.

Marfat.com

حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَعْجَزُ النَّاسِ مَنْ عَجَزَ فِي الدُّعَاءِ، وَاَبْخَلُ النَّاسِ مَنْ بَخِلَ بِالسَّلَامِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا حَفْصٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَسْرُوقٌ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

**5592** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رِزْمَةَ قَالَ: ثَنَا اَبِي، عَنْ عِيسَى بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي هَارُونَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ جُبَّةُ سُنْدُسٍ، فَمَا رَاَيْنَاهُ مُنْذُ زَمَانٍ اَجْمَلَ مِنْهُ فِي ذٰلِكَ الْيَوْمِ، فَقَامَ فَزِعًا فَوَضَعَهَا، ثُمَّ خَرَجَ عَلَيْنَا فِي بُرْدِ حِبَرَةٍ، فَقَالَ: الْحَرِيرُ لِبَاسُ اَهْلِ الْجَنَّةِ، مَنْ لَبِسَهُ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الْآخِرَةِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ اِلَّا عِيسَى بْنُ عُبَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي رِزْمَةَ

**5593** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنُ اَبِي زِيَادٍ الْقَطَوَانِيُّ قَالَ: ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الرَّبِيعِ الْعُصْفُرِيُّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

سے عاجز ہو اور لوگوں میں بخیل وہ ہے جو سلام کرنے میں بخل کرے۔

یہ حدیث عاصم سے حفص روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حفص اکیلے ہیں۔ حضور ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس آئے' آپ نے سندس کا جبہ زیب تن کیا ہوا تھا' ہم نے اس وقت آپ سے زیادہ خوبصورت کسی کو نہیں دیکھا' آپ گھبراہٹ سے اُٹھے' اس کو اُتارا' پھر ہمارے پاس آئے' آپ نے حبرہ کی چادر زیب تن کی ہوئی تھی' آپ نے فرمایا: ریشم جنتی لوگوں کا لباس ہے' جو دنیا میں پہنتا ہے اس کو آخرت میں نہیں پہنایا جائے گا۔

یہ حدیث یونس بن عبید سے عیسیٰ بن عبید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالعزیز بن ابورزمہ اکیلے ہیں۔

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو صلہ رحمی کرتا ہے تو وہ اللہ سے مانگے اللہ اس کو عطا کرتا ہے۔ جو بخل کرتا ہے صلہ رحمی کرنے سے' اللہ عزوجل قیامت کے دن جہنم سے ایک سانپ کو نکالے گا' اس کو شجاع کہا جاتا ہے' وہ اس کو ڈسے

Marfat.com

وَسَلَّمَ: مَا مِنْ ذِي رَحِمٍ يَأْتِي ذَا رَحِمِهِ، يَسْأَلُهُ فَضْلًا أَعْطَاهُ اللّٰهُ إِيَّاهُ، فَيَبْخَلُ عَلَيْهِ إِلَّا أَخْرَجَ اللّٰهُ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ جَهَنَّمَ حَيَّةً يُقَالُ لَهَا: شُجَاعٌ يَتَلَمَّظُ، فَيُطَوَّقُ بِهِ

گا' اس کے گلے میں طوق بنا کر ڈالا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ إِلَّا إِسْحَاقُ بْنُ الرَّبِيعِ الْعُصْفُرِيُّ

یہ حدیث داؤد بن ابوہند سے اسحاق بن ربیع عصفری روایت کرتے ہیں۔

**5594** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ طَالُوتَ بْنِ عَبَّادٍ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ أَبُو غَسَّانَ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ سَيْفُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحْنَفَ، وَكَانَتْ قَبِيعَتُهُ فِضَّةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی احنف نام کی تلوار تھی' اس کا دستہ چاندی کا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ سَعْدٍ إِلَّا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ

یہ حدیث عثمان بن سعید سے یحییٰ بن کثیر روایت کرتے ہیں۔

**5595** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ الذَّارِعُ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِيَسْأَلْ أَحَدُكُمْ رَبَّهُ حَاجَتَهُ حَتَّى يَسْأَلَهُ شِسْعَ نَعْلِهِ إِذَا انْقَطَعَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تم میں سے ہر کوئی اپنی ضرورت اللہ سے مانگے' یہاں تک کہ جوتی کا تسمہ اگر ٹوٹ جائے تو وہ بھی مانگے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ إِلَّا جَعْفَرُ بْنُ

یہ حدیث ثابت سے جعفر بن سلیمان روایت کرتے

---

**5594**- أخرجه أبو داؤد: الجهاد جلد 3 صفحه 31 رقم الحديث: 2585' والترمذي: الجهاد جلد 4 صفحه 201 رقم الحديث: 1691 وقال: حسن غريب . والنسائي: الزينة جلد 8 صفحه 194 (باب حلية السيف) . والدارمي: السير جلد 2 صفحه 292 رقم الحديث: 2457 ولم يذكروا الا القبيعة .

Marfat.com

سُلَيْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

ہیں۔اس کو روایت کرنے میں قطن بن نسیر اکیلے ہیں۔ حضور ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**5596** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا مَعْمَرُ بْنُ بَكَّارٍ السَّعْدِيُّ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الْمُطَّلِبِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: النَّاسُ تَبَعٌ لِقُرَيْشٍ، خِيَارُهُمْ لِخِيَارِهِمْ، وَشِرَارُهُمْ لِشِرَارِهِمْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگ قریش کے تابع ہیں' ان کے بہتر بہتروں کے بُرے بُروں کے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ إِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُطَّلِبِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَعْمَرُ بْنُ بَكَّارٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث ابوحازم سے عبدالعزیز بن مطلب اور عبدالعزیز سے ابراہیم بن سعد روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں معمر بن بکار اکیلے ہیں۔حضرت سہل بن سعد سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**5597** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا مَعْمَرُ بْنُ بَكَّارٍ السَّعْدِيُّ قَالَ: ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ الْأَسْلَمِيِّ، عَنْ خَالِهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ مِنَ الْبِرِّ الصِّيَامُ فِي السَّفَرِ

حضرت ابوبرزہ اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سفر میں روزہ رکھنا کوئی نیکی نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ، وَلَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَعْمَرُ بْنُ بَكَّارٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَبِي بَرْزَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن حرملہ سے عبداللہ بن عامر اور حضرت عبداللہ بن عامر سے ابراہیم بن سعد روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں معمر بن بکار اکیلے ہیں۔حضرت ابوبرزہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

Marfat.com

**5598** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا جُمْهُورُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ: ثَنَا سَيْفُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: نَا اَشْعَثُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَغْتَسِلُ بِالصَّاعِ، وَيَتَوَضَّأُ بِالْمُدِّ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک صاع سے غسل اور ایک مُد سے وضو کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ اِلَّا سَيْفُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: جُمْهُورُ بْنُ مَنْصُورٍ

یہ حدیث اشعث بن عبدالملک سے سیف بن محمد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں جمہور بن منصور اکیلے ہیں۔

**5599** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الصِّينِيُّ قَالَ: نَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرَى بَاْسًا بِقَضَاءِ رَمَضَانَ فِي عَشْرِ ذِي الْحِجَّةِ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ذی الحجہ کے عشرہ میں رمضان کے روزوں کی قضاء میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُمَرَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الصِّينِيُّ

یہ حدیث حضرت عمر سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن اسحاق الصینی اکیلے ہیں۔

**5600** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ قَالَ: نَا الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي عَلَى رَاحِلَتِهِ اَيْنَمَا تَوَجَّهَتْ بِهِ،

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی سواری پر نماز پڑھتے تھے سواری کا منہ جہاں بھی ہوتا تھا' آپ سجدہ کرتے وقت رکوع سے زیادہ جھکتے تھے۔

5600- أخرجه البخاري: الصلاة جلد1صفحه691 رقم الحديث: 507' ومسلم: الصلاة جلد 1 صفحه359' والترمذي: الصلاة جلد2صفحه183 رقم الحديث: 352 .

Marfat.com

وَيَجْعَلَ السُّجُودَ اَخْفَضَ مِنَ الرُّكُوعِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الشَّافِعِيُّ

یہ حدیث ایوب سے حارث بن عمیر روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں شافعی اکیلے ہیں۔

**5601** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُيَيْنَةَ الْبَصْرِيُّ قَالَ: ثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ الْيَمَامِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: خَيْرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا: اَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اس اُمت میں حضورﷺ کے بعد افضل ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَابِرٍ اِلَّا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُيَيْنَةَ

یہ حدیث سلمہ بن کہیل سے محمد بن جابر اور محمد بن جابر سے عمر بن یونس روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن عیینہ اکیلے ہیں۔

**5602** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْهَيَّاجِيُّ قَالَ: نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوَفَّقٍ قَالَ: نَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى الْفَجْرَ لَمْ يَقُمْ مِنْ مَجْلِسِهِ حَتّٰى تُمْكِنَهُ الصَّلَاةُ ، وَقَالَ: مَنْ صَلَّى الصُّبْحَ، ثُمَّ جَلَسَ فِي مَجْلِسِهِ حَتّٰى تُمْكِنَهُ الصَّلَاةُ، كَانَتْ بِمَنْزِلَةِ عُمْرَةٍ وَحَجَّةٍ مُتَقَبَّلَتَيْنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورﷺ جب فجر کی نماز پڑھ لیتے تو آپ اس جگہ سے نہیں اُٹھتے تھے یہاں تک کہ نفل نہ ادا کر لیتے۔آپ نے فرمایا: جس نے فجر کی نماز پڑھی پھر اس جگہ بیٹھا رہا یہاں تک کہ نفل پڑھے اس کو ایک مقبول حج وعمرہ کا ثواب ملے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ اِلَّا الْفَضْلُ بْنُ مُوَفَّقٍ

یہ حدیث مالک بن مغول سے فضل بن موفق روایت کرتے ہیں۔

**5603** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

---

**5601**- تقدم تخريجه .

**5603**- اخرجه البخاری: فضائل الصحابة جلد 7 صفحه 23 رقم الحديث: 3664، ومسلم: فضائل الصحابة جلد 4

Marfat.com

الْحَضْرَمِیُّ قَالَ: نَا عَلِیُّ بْنُ سَعِیدٍ الرَّقِّیُّ الْمَسْرُوقِیُّ قَالَ: نَا یَحْیَی بْنُ زَکَرِیَّا بْنِ اَبِی زَائِدَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانٍ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیرِینَ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: بَیْنَا اَنَا عَلَی قَلِیبٍ اَنْزِعُ اِذْ دَخَلَ اَبُو بَکْرٍ، فَنَزَعَ ذَنُوبًا اَوْ ذَنُوبَیْنِ، وَفِی نَزْعِهِ ضَعْفٌ، وَاللّٰهُ یَغْفِرُ لَهُ، ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ، فَنَزَعَ، فَمَا رَاَیْتُ عَبْقَرِیًّا مِنَ النَّاسِ یَفْرِی فَرِیَّهُ حَتَّی ضَرَبَ النَّاسُ بِعَطَنٍ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں ایک کنوئیں کے پاس تھا' میں نے اس سے پانی کھینچا' اچانک حضرت ابوبکر نے ایک بار ڈول کھینچا' آپ کے کھینچنے میں کمزوری تھی' اللہ نے آپ کو معاف کیا' پھر عمر آئے تو انہوں نے کھینچا' میں نے لوگوں میں اس سے زیادہ خوش ہوتے نہیں دیکھا یہاں تک کہ آپ نے لوگوں کی وادی بھر دی۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ اِلَّا هِشَامٌ، وَلَا عَنْ هِشَامٍ اِلَّا ابْنُ اَبِی زَائِدَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِیُّ بْنُ سَعِیدٍ

یہ حدیث مطر الوراق سے ہشام اور ہشام سے ابن ابی زائدہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں علی بن سعید اکیلے ہیں۔

**5604** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ قَالَ: نَا یَحْیَی بْنُ عَبْدِ الْحَمِیدِ الْحِمَّانِیُّ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ عِمَارَةَ، عَنْ اَبِی رَوْقٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَمَّا اَرَادَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یَخْرُجَ اِلَی غَزْوَةِ تَبُوكَ قَالَ لِجَدِّ بْنِ قَیْسٍ: یَا جَدُّ بْنَ قَیْسٍ، مَا تَقُولُ فِی مُجَاهَدَةِ بَنِی الْاَصْفَرِ؟ فَقَالَ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّی امْرُؤٌ صَاحِبُ نِسَاءٍ، وَمَتَی اَرَی نِسَاءَ بَنِی الْاَصْفَرِ اَفْتَتِنْ، فَاْذَنْ لِی وَلَا تَفْتِنِّی، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَمِنْهُمْ مَنْ یَقُولُ ائْذَنْ لِی وَلَا تَفْتِنِّی اَلَا فِی الْفِتْنَةِ سَقَطُوا وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِیطَةٌ بِالْکَافِرِینَ) (التوبة: **49**)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غزوۂ تبوک کی طرف جانے کا ارادہ فرمایا تو جد بن قیس سے فرمایا: اے جد بن قیس! بنی اصفر سے جہاد کرنے کے بارے تُو کیا کہتا ہے؟ تو عرض کی: اے االلہ کے رسول! میں ایسا آدمی ہوں جو کئی عورتیں رکھتا ہوں' جب میں بنی اصفر کی عورتوں کو دیکھوں گا تو فتنہ میں مبتلا ہو جاؤں گا۔ سو مجھے اجازت عطا کیجئے (کسی اور کا انتخاب کیجئے) اور مجھے فتنہ سے بچا لیجئے۔ تو اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''لوگوں میں سے کچھ وہ ہیں جو کہتے ہیں مجھے اجازت دو اور فتنہ میں نہ ڈالو' خبردار! وہی فتنہ میں پڑیں گے اور بے شک جہنم کافروں کو گھیرنے والی ہے''۔

صفحہ**1860** .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي رَوْقٍ اِلَّا بِشْرُ بْنُ عِمَارَةَ

اس حدیث کو ابی روق سے بشر بن عمارہ روایت کرتے ہیں۔

**5605** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ بَكْرٍ الْبَالِسِيُّ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْقَسْرِيُّ قَالَ: نَا اَبُو سَعْدٍ الْبَقَّالُ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا رَجَعَ مِنْ غَزْوَةٍ قَالَ: آيِبُونَ تَائِبُونَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، لِرَبِّنَا حَامِدُونَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب جہاد سے واپس آتے تو پڑھتے: ''ایبون تائبون ان شاء اللہ لربنا حامدون''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي سَعْدٍ الْبَقَّالِ اِلَّا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْقَسْرِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ بَكْرٍ الْبَالِسِيُّ

یہ حدیث ابوسعید البقال سے خالد بن یزید القری روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن بکر البالسی اکیلے ہیں۔

**5606** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ سَهْلٍ الْحَنَّاطُ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يَقُولُ لِلنَّاسِ حِينَ تَزَوَّجَ بِنْتَ عَلِيٍّ: اَلَا تُهَنِّئُونِي؟ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَنْقَطِعُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كُلُّ سَبَبٍ وَنَسَبٍ اِلَّا سَبَبِي وَنَسَبِي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا لوگوں کو جس وقت آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بیٹی سے شادی کی کہ تم مجھے عار دلاتے ہو؟ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت کے دن ہر نسب وسبب ختم ہو جائے گا مگر میرا سبب اور نسب ختم نہیں ہوگا۔

لَمْ يُجَوِّدْ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ اِلَّا الْحَسَنُ بْنُ سَهْلٍ وَرَوَاهُ غَيْرُهُ: عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِيهِ، وَلَمْ يَذْكُرُوا: جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث سفیان بن عیینہ سے حسن بن سہل روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو سفیان کے علاوہ جعفر اپنے والد سے انہوں نے جابر بن عبداللہ کا ذکر نہیں کیا۔

**5607** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ

---

**5606**- اسناده صحيح . واخرجه أيضًا في الكبير جلد 3 صفحه 45 رقم الحديث: 2635 . انظر مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 176 .

Marfat.com

الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا أَبُو بِلَالٍ الْأَشْعَرِيُّ قَالَ: ثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَكْذِبُوا عَلَيَّ، إِنَّ الَّذِي يَكْذِبُ عَلَيَّ لَجَرِيءٌ

نے فرمایا: مجھ پر جھوٹ مت باندھو کیونکہ مجھ پر جھوٹ باندھنا جرأت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ إِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو بِلَالٍ

یہ حدیث منصور، ربعی سے وہ حذیفہ سے اور منصور سے شریک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابو بلال اکیلے ہیں۔

**5608** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الْأَوَّلِ قَالَ: نَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْخَيْرُ كَثِيرٌ، وَمَنْ يَعْمَلُ بِهِ قَلِيلٌ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بھلائی بہت زیادہ ہے جو تھوڑی پر عمل کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ إِلَّا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ أَبِي خَالِدٍ إِلَّا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الْأَوَّلِ وَأَسَدُ بْنُ مُوسَى

یہ حدیث اسماعیل بن خالد سے ابوخالد الاحمر روایت کرتے ہیں اور ابوخالد سے حسین بن عبداللہ اور اسد بن موسیٰ روایت کرتے ہیں۔

**5609** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ قَالَ: نَا شُعَيْبُ بْنُ صَفْوَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ كَلْبَةً كَانَتْ فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ مُجِحًّا، فَضَافَ أَهْلَهَا ضَيْفٌ، فَقَالَتْ: لَا أَنْبَحُ ضَيْفَنَا اللَّيْلَةَ، فَعَوَى جِرَاؤُهَا فِي بَطْنِهَا، فَأُوحِيَ إِلَى رَجُلٍ مِنْهُمْ: إِنَّ مَثَلَ هَذِهِ الْكَلْبَةِ مَثَلُ أُمَّةٍ يَأْتُونَ مِنْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ قوم بنی اسرائیل میں بڑے پیٹ والی ایک کتیا تھی، اس کے گھر والوں کے پاس ایک مہمان آیا تو اس نے کہا: رات کو میں اپنے مہمانوں کو نہیں بھونکوں گی، سو اس کے پیٹ میں اس کے بچے نے چیخنا اور بھونکنا شروع کر دیا تو ان میں سے ایک آدمی کو الہام ہوا کہ اس کتیا کی مثال اس اُمت کی ہے جو تمہارے بعد آئیں گے، اُن کے اَن پڑھ جاہل ان کے علماء پر بلند مرتبہ چاہیں گے۔

Marfat.com

بَعْدِكُمْ، تَسْتَعْلِي سُفَهَاؤُهَا عَلَى عُلَمَائِهَا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ إِلَّا شُعَيْبُ بْنُ صَفْوَانَ وَأَبُو عَوَانَةَ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ أَبِي عَوَانَةَ إِلَّا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ

یہ حدیث عطاء بن سائب سے شعیب بن صفوان اور ابوعوانہ روایت کرتے ہیں' اور ابوعواہ سے یحییٰ بن حماد روایت کرتے ہیں۔

**5610** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ قَالَ: نَا شُعَيْبُ بْنُ صَفْوَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَانَ جَدْيٌ فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ تُرْضِعُهُ أُمُّهُ فَتَرْوِيَهُ، فَانْفَلَتَ يَوْمًا، فَرَضَعَ غَنَمًا كَثِيرَةً، فَلَمْ يَرْوِ، فَأُوحِيَ إِلَى رَجُلٍ مِنْهُمْ: أَنَّ مَثَلَ هَذَا الْجَدْيِ مَثَلُ قَوْمٍ يَأْتُونَ مِنْ بَعْدِكُمْ، يُعْطَى الرَّجُلُ مَا يَكْفِي الْأُمَّةَ أَوِ الْقَبِيلَةَ فَلَا يَشْبَعُ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ' حضورﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بنی اسرائیل میں ایک بھیڑ کا بچہ تھا' اس کی ماں اس کو دودھ پلاتی تو وہ سیر ہو جاتا' ایک دن نہ پلایا' اس نے بہت زیادہ بکریوں کا دودھ پیا' وہ سیر نہ ہوا' ان میں سے کسی آدمی کو بتایا گیا کہ اس بھیڑ کے بچے کی مثال اس قوم کی طرح ہے جو تمہارے بعد آئیں گے' ایک آدمی اس کو دے گا جو ایک اُمت یا قبیلہ کے لیے کافی ہوگا' وہ سیر نہیں ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ إِلَّا شُعَيْبُ بْنُ صَفْوَانَ وَأَبُو عَوَانَةَ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ أَبِي عَوَانَةَ إِلَّا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ

یہ حدیث عطاء بن سائب سے شعیب بن صفوان اور ابوعوانہ روایت کرتے ہیں۔ ابوعوانہ سے یہ حدیث یحییٰ بن حماد روایت کرتے ہیں۔

**5611** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ الْجَعْدِ، عَنْ قَتَادَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ الْحَجُورِيِّ حُجْرٍ الْمَدَرِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى فِي الْعُمْرَى أَنَّهَا جَائِزَةٌ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے غیر آباد زمین کو آباد کرنے کے بارے فیصلہ فرمایا کہ یہ جائز ہے۔

**5611**- اخرجه النسائي: الرقي جلد6صفحه226 (باب ذكر الاختلاف على أبي الزبير) .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ مُجَوَّدًا كَمَا رَوَاهُ النَّاسُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ الْجَعْدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ وَرَوَاهُ مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ الْحَجُورِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

یہ حدیث قتادہ' حضرت عمرو بن دینار سے عمدہ طور پر روایت کرتے ہیں' جس طرح اور لوگ عمرو بن دینار سے روایت کرتے ہیں۔ عمرو سے حماد بن جعد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ہدبہ بن خالد اکیلے ہیں اور اس کو معاذ بن ہشام نے اپنے باپ سے' انہوں نے عمر بن دینار سے' انہوں نے حجوری سے اور انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا۔

**5612** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ عَمْرٍو الْحَنَفِيُّ قَالَ: نَا أَبُو بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: أَوَّلُ مَنْ رَمَى بِسَهْمٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ سَعْدٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے جس نے تیر اللہ کی راہ میں مارا ہے وہ حضرت سعد تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ إِلَّا أَبُو بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْعَلَاءُ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث عاصم سے ابوبکر بن عیاش روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں علاء بن عمرو اکیلے ہیں۔

**5613** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ عَطَاءٍ الْبَزَّارِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُصِيبُ أَحَدُكُمْ حَقِيقَةَ الْإِيمَانِ حَتَّى يَخْزِنَ مِنْ لِسَانِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں کوئی ایمان کی حقیقت کو نہیں پا سکتا ہے یہاں تک کہ اپنی زبان کو قابو نہ کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ إِلَّا حَفْصٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُفْيَانُ بْنُ بِشْرٍ

یہ حدیث ابن عون سے حفص روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سفیان بن بشر اکیلے ہیں۔

---

**5612**- اسناده فيه: العلاء بن عمرو الحنفي: متروك ـ وأخرجه أيضًا في الكبير ـ انظر مجمع الزوائد جلد 9 صفحه158 ـ

**5613**- اسناده فيه: عطاء البزار' قال فيه يحيى بن معين: ليس بشيء ـ (اللسان جلد4صفحه174) ـ

Marfat.com

**5614** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَبَلَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ الْعُقَيْلِيُّ قَالَ: ثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْشَانَا وَيُخَالِطُنَا، وَكَانَ عِنْدَنَا صَبِيٌّ، يُقَالُ لَهُ: أَبُو عُمَيْرٍ، فَقَالَ: يَا أَبَا عُمَيْرٍ، مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس رات کو آتے‘ ہمارے ساتھ کھانا کھاتے اور ہمارے پاس ایک بچہ تھا‘ اس کا نام عمیر تھا‘ آپ فرماتے: اے عمیر! تمہاری چڑیا کا کیا ہوا؟

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَبَلَةَ

یہ حدیث ہشام سے محمد بن مروان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عمرو بن جبلہ اکیلے ہیں۔

**5615** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا مَلِيحُ بْنُ وَكِيعِ بْنِ الْجَرَّاحِ قَالَ: نَا أَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ شَرِيكٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَوْسٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الَّذِينَ يَقْطَعُونَ السِّدْرَ يُصَبُّونَ فِي النَّارِ عَلَى وُجُوهِهِمْ صَبًّا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ لوگ جو بیری کا درخت کاٹتے ہیں‘ ان کو جہنم میں اوندھے منہ ڈالا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ شَرِيكٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَلِيحُ بْنُ وَكِيعٍ، عَنْ أَبِيهِ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے محمد بن شریک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ملیح بن وکیع اپنے والد سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**5616** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت شریک مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ حکومت

---

**5614**- أخرجه البخاري: الأدب جلد**10**صفحه**543** رقم الحديث: **6129**‘ ومسلم: الآداب جلد**3**صفحه**1692** .

**5615**- اسناده حسن‘ فيه: مليح بن وكيع بن الجراح‘ قال ابن حبان: مستقيم الحديث . انظر: مجمع الزوائد جلد **8** صفحه**118** .

**5616**- اسناده فيه: شريك بن عبد الله النخعي: صدوق‚يخطئ كثيرًا . (التقريب) . انظر مجمع الزوائد جلد **5** صفحه**204** .

Marfat.com

الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ شَرِيكٌ: لَا اَدْرِي رَفَعَهُ اُمْ لَا قَالَ: الْإِمَارَةُ اَوَّلُهَا نَدَامَةٌ وَاَوْسَطُهَا غَرَامَةٌ، وَآخِرُهَا عَذَابٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اوّلاً ندامت ہے، درمیان میں قرض ہے اور آخرت میں قیامت کے دن عذاب ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ

یہ حدیث عبداللہ بن عیسیٰ سے شریک روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں محمد بن ابان اکیلے ہیں۔

**5617** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ اَبُو نُعَيْمٍ قَالَ: نَا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، اَنَّ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ

حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بچہ بستر والے کا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ

یہ حدیث حسین بن علی سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں ضرار بن صرد اکیلے ہیں۔

**5618** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ مِينَاءَ قَالُونُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ اَبِي الْمُثَنَّى الْقَارِيِّ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمَدِينَةُ قُبَّةُ الْإِسْلَامِ، وَدَارُ الْإِيمَانِ، وَاَرْضُ الْهِجْرَةِ، وَمُبَوَّاُ الْحَلَالِ وَالْحَرَامِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مدینہ اسلام کا قبہ ایمان کا گھر اور ہجرت کی زمین ہے، حلال اور حرام کو واضح کرنے والا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ النَّبِيِّ عَلَيْهِ السَّلَامُ

حدیث حضور ﷺ سے اسی سند سے روایت ہے،

**5617**- اسْناده فيه: ضراربن صرد: ضعيف . انظر: مجمع الزوائد جلد**5**صفحه**18** .

**5618**- اسناده فيه: أبو المثنى القارى: ضعيف . (التقريب) . انظر مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**301** .

Marfat.com

اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: قَالُونُ

**5619** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْمَوْصِلِيُّ قَالَ: ثَنَا اَبُو اِسْمَاعِيلَ الْمُؤَدِّبُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اُمِّ هَانِءٍ، قَالَتْ: خَطَبَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: مَا بِي رَغْبَةٌ عَنْكَ، وَلَكِنِّي لَا اُحِبُّ اَنْ اَتَزَوَّجَ وَبَنِيَّ صِغَارٌ، فَقَالَ: لَكِ غَيْرُ ذَلِكَ؟ فَقُلْتُ: لَا . فَقَالَ: خَيْرُ نِسَاءٍ رَكِبْنَ الْاِبِلَ نِسَاءُ قُرَيْشٍ، اَحْنَاهُ عَلَى طِفْلٍ صَغِيرٍ، وَاَرْعَاهُ عَلَى بَعْلٍ فِي ذَاتِ يَدٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ اِلَّا اَبُو اِسْمَاعِيلَ الْمُؤَدِّبُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

**5620** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ بَهْرَامَ قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَيَّارٍ اَبِي الْحَكَمِ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: رَاَيْتُ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلَيْهِ عِمَامَةٌ حَمْرَاءُ، يُرْخِيهَا بَيْنَ كَتِفَيْهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ

**5621** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

اس کو روایت کرنے میں قالون اکیلے ہیں۔

حضرت اُم ھانی رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے نکاح کا پیغام بھیجا' میں نے عرض کی: مجھے آپ سے نکاح کی رغبت نہیں ہے لیکن میں شادی کرنا پسند نہیں کرتی ہوں' میرے بچے چھوٹے ہیں۔ آپ نے فرمایا: آپ کے علاوہ کوئی اور ہو؟ میں نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: قریش کی عورتیں بہتر ہیں' اونٹوں پر سوار ہوتی ہیں' اپنے چھوٹے بچوں کا خیال کرتی ہیں' اپنے شوہر کے گھر کی دیکھ بھال کرتی ہیں۔

یہ حدیث اسماعیل بن ابو خالد شعبی سے ابواسماعیل المؤدب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضرت جبریل علیہ السلام کو دیکھا' آپ سرخ عمامہ پہنے ہوئے تھے' اس کا شملہ دونوں کندھوں کے درمیان چھوڑا ہوا تھا۔

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے الدراوردی روایت کرتے ہیں۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً

---

5619- اسناده حسن' فيه: أبو اسماعيل المؤدب: صدوق يغرب . انظر مجمع الزوائد جلد4صفحه274 .

5620- اسناده حسن' فيه: اسماعيل بن بهرام: صدوق . (التقريب) . انظر مجمع الزوائد جلد5صفحه133 .

5621- اسناده فيه: عبد الله بن بكير الغنوى: ضعيف . انظر مجمع الزوائد جلد5صفحه298 .

Marfat.com

الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ بِلَالٍ الْغَنَوِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بُكَيْرٍ الْغَنَوِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قُتِلَ يَلْتَمِسُ بِهِ وَجْهَ اللَّهِ لَمْ يُعَذِّبْهُ اللَّهُ

روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: جس نے اللہ کی رضا کے لیے قتل کیا (یعنی کافر کو) اللہ اس کو عذاب نہیں دے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ إِلَّا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بُكَيْرٍ

یہ حدیث محمد بن سوقہ سے عبداللہ بن بکیر روایت کرتے ہیں۔

**5622** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ قَالَ: نَا الْمُطَّلِبُ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْغَرَرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دھوکہ کی بیع سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ إِلَّا ابْنُ أَبِي لَيْلَى وَلَا عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى إِلَّا الْمُطَّلِبُ بْنُ زِيَادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ

یہ حدیث عطاء سے ابن ابولیلیٰ اور ابن ابولیلیٰ سے مطلب بن زیاد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ضرار بن صرد اکیلے ہیں۔

**5623** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْغَنَوِيُّ قَالَ: نَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الطَّائِيُّ قَالَ: نَا أَبُو هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: أَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَغْتَسِلَ فِي كُلِّ

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں: ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر ہفتہ میں ایک مرتبہ غسل کرنے کا حکم دیتے تھے یعنی جمعہ کے دن۔

---

**5622**- اخرجه مسلم: البيوع جلد 3 صفحه 1153' وابو داؤد: البيوع جلد 3 صفحه 252 رقم الحديث: 3376' والترمذى: البيوع جلد 3 صفحه 523 رقم الحديث: 1230' والنسائى: البيوع جلد 7 صفحه 230 (باب بيع الحصاة)' وابن ماجة: التجارات جلد 2 صفحه 739 رقم الحديث: 2194 .

**5623**- اسناده فيه: زكريا بن يحيىٰ' قال العقيلى: لا يتابع على حديثه . انظر مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 176 .

Marfat.com

أُسْبُوعٍ مَرَّةً مَا يَعْنِي: الْجُمُعَةَ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ بُرَيْدَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو هِلَالٍ

یہ حدیث بریدہ سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کوروایت کرنے میں ابوھلال اکیلے ہیں۔

**5624** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا أَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى بْنِ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حَسَنٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي أَوْفَى، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ فِي صَلَاتِهِ: رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ، مِلْءَ السَّمَاوَاتِ وَمِلْءَ الْأَرْضِ، وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ

یہ حدیث حضرت انس بن مالک سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں بکر بن یونس بن بکیر اکیلے ہیں۔

**5712** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ السَّرِيِّ بْنِ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ، يَخْطُبُنَا

حضرت شعبی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نعمان بن بشیر کو سنا' آپ ہم کو کوفہ کی مسجد کے منبر پر خطبہ دے رہے تھے' جس وقت حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ہم پر امیر بنے' فرمایا: اے لوگو! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: شراب انگور سے' کشمش کی شراب

**5712**- أخرجه أبو داؤد: الأشربة جلد3 صفحه325 رقم الحديث: 3676-3677' والترمذي: الأشربة جلد4 صفحه297 رقم الحديث: 1872 وقال: حديث غريب . وابن ماجة: الأشربة جلد2 صفحه1121 رقم الحديث: 3379' وأحمد: المسند جلد4 صفحه328 رقم الحديث: 18380 .

Marfat.com

عَلَى مِنْبَرِ الْكُوفَةِ حِينَ أَمَّرَهُ عَلَيْنَا مُعَاوِيَةُ، يَقُولُ: أَيُّهَا النَّاسُ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ مِنَ الْعِنَبِ خَمْرًا، وَإِنَّ مِنَ الزَّبِيبِ خَمْرًا، وَإِنَّ مِنَ التَّمْرِ خَمْرًا، وَإِنَّ مِنَ الْعَسَلِ خَمْرًا، وَأَنَا أَنْهَى عَنْ كُلِّ مُسْكِرٍ

ہے شہد کی بھی شراب ہے میں تم کو ہر نشہ آور شی سے منع کرتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ الْحَرَّانِيُّ

یہ حدیث زہری سے محمد بن اسحاق اور محمد سے محمد بن سلمہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن حارث الحرانی اکیلے ہیں۔

**5713** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الشَّامِيُّ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُنْزِلُوهُنَّ الْغُرَفَ، وَلَا تُعَلِّمُوهُنَّ الْكِتَابَةَ، وَعَلِّمُوهُنَّ الْمِغْزَلَ، وَسُورَةَ النُّورِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عورتوں کو کمرہ میں اکیلے نہ رہنے دو‘ ان کو لکھنا نہ سکھاؤ‘ ان کو چرخہ کاتنا اور سورۂ نور سکھاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ إِلَّا شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے شعیب بن اسحاق روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں محمد بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

**5714** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ قَالَ: ثنا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كَانَ عِدَّةُ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ ثَلَاثَمِائَةٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بدر کے دن حضور ﷺ کے اصحاب کی تعداد تین سو تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ

یہ حدیث عاصم سے حماد بن سلمہ اور حماد سے ابوداؤد

Marfat.com

سَلَمَةَ، وَلَا عَنْ حَمَّادٍ إِلَّا أَبُو دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحِمَّانِيُّ

روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حمانی اکیلے ہیں۔

**5715** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْأَوْدِيُّ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، رَفَعَهُ قَالَ: مَنْ قَرَأَ الْآيَتَيْنِ مِنْ آخِرِ سُورَةِ الْبَقَرَةِ فِي لَيْلَةٍ كَفَتَاهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے ہیں' آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے سورۂ بقرہ رات کو پڑھی اس کے لیے کفایت کرے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ إِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث عاصم سے شریک روایت کرتے ہیں۔

**5716** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الْأَوَّلِ قَالَ: ثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، وَعَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، وَيُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، وحُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ صَعْصَعَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ أَحَدٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَمُوتُ لَهُ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ، إِلَّا أَدْخَلَهُمَا اللَّهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مسلمانوں میں سے کسی کے تین بچے فوت ہو جائیں تو اللہ عزوجل اس کے ماں باپ دونوں کو اپنی رحمت کے فضل سے جنت میں داخل کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، وَأَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَلَا عَنْ حَمَّادٍ إِلَّا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الْأَوَّلِ

یہ حدیث علی بن زید اور ابوعمران الجونی سے حماد بن سلمہ اور حماد سے عمرو بن عاصم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسین بن عبدالاول روایت کرتے ہیں۔

---

5715- أخرجه البخاري: فضائل القرآن جلد 8 صفحه 672 رقم الحديث: 5009، ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 555.

5716- أخرجه النسائي: الجنائز جلد 4 صفحه 21 (باب من يتوفى له ثلاثة)، وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 183 رقم الحديث: 21416.

Marfat.com

**5717** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ اللَّانِيُّ قَالَ: ثَنَا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ، عَنِ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: وَرِثَ اَبَا طَالِبٍ عُقَيْلٌ، وَطَالِبٌ، وَلَمْ يَرِثْهُ عَلِيٌّ، قَالَ عَلِيٌّ: فَمِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ تَرَكْنَا نَصِيبَنَا مِنَ الشِّعْبِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ابوطالب کی وراثت حضرت عقیل اور طالب کو ملی' حضرت علی نے وراثت نہیں لی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم نے شِعب (گھاٹی) سے اپنا حصہ چھوڑ دیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ

یہ حدیث سفیان سے معافی بن عمران روایت کرتے ہیں۔

**5718** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ بَهْرَامَ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي كَرِيمَةَ، عَنْ غَالِبِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وسُفْيَانَ، وَمُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ صَالِحٍ، مَوْلَى التَّوْاَمَةِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، وَاَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ، يَشُدُّ بَعْضُهُ بَعْضًا

حضرت ابوہریرہ اور ابوسعید رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک مؤمن دوسرے مؤمن کے لیے دیوار کی طرح ہے' جس کا ایک جز دوسرے جز کو مضبوط کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِي كَرِيمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيُّ بْنُ بَهْرَامَ

یہ حدیث سفیان سے عبدالملک بن ابوکریمہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں علی بن بہرام اکیلے ہیں۔

**5719** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ دِينَارٍ قَالَ: ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ: ثَنَا خَالِدٌ الْعَبْدُ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَظَرَ اِلَى الْكَعْبَةِ، فَقَالَ: لَقَدْ شَرَّفَكِ اللّٰهُ، وَكَرَّمَكِ،

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے کعبہ کی طرف دیکھا' فرمایا: بے شک اللہ نے تجھے مقام وعزت و مرتبہ دیا ہے (اس کے باوجود) مؤمن کی عزت تجھ سے زیادہ ہے۔

Marfat.com

وَعَظَّمَكِ، وَالْمُؤْمِنُ اَعْظَمُ حُرْمَةً مِنْكِ

**5720** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْاَوْدِيُّ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ عَوْفٍ الْاَعْرَابِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ، وَعَلِّمُوهُ النَّاسَ، وَتَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ، وَعَلِّمُوهَا النَّاسَ، فَاِنِّي مَقْبُوضٌ، وَاُوشِكُ اَنْ يَخْتَلِفَ الرَّجُلَانِ فِي الْفَرِيضَةِ، فَلَا يَجِدَانِ مَنْ يَفْصِلُ بَيْنَهُمَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قرآن سیکھو اور لوگوں کو سکھاؤ' وراثت سیکھو اور لوگوں کو سکھاؤ' میں دنیا سے جانے والا ہوں اور قریب ہے دو آدمی وراثت کے مسئلہ میں اختلاف کریں' ان دونوں کے درمیان فیصلہ کرنے کے لیے کوئی نہ ملے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَرِيكٍ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ الْحَكَمِ الْاَوْدِيُّ

یہ حدیث شریک سے علی بن حکم اودی روایت کرتے ہیں۔

**5721** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ حَبِيبٍ يَعْنِي ابْنَ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ حُدَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا سَمَرَ اِلَّا لِمُصَلٍّ، اَوْ مُسَافِرٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رات کو گفتگو نمازی یا مسافر کے لیے جائز ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ الصَّيْرَفِيُّ

یہ حدیث سفیان بن عیینہ سے ابراہیم بن یوسف صیرفی روایت کرتے ہیں۔

**5722** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى التَّيْمِيُّ قَالَ: نا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی بندہ جوتی اور موزے لباس علم حاصل کرنے کے لیے پہنتا ہے تو اللہ عزوجل اس کے گناہ

---

**5720**- أخرجه النسائی فی الکبری: الفرائض جلد 4 صفحه 63 (باب الأمر بتعلیم الفرائض)' والدارمی: المقدمة جلد 1 صفحه 83-84 رقم الحدیث: 221' والدارقطنی: سننه جلد 4 صفحه 81-82 رقم الحدیث: 45-46 .

Marfat.com

فِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا انْتَعَلَ عَبْدٌ قَطُّ، وَلَا تَخَفَّفَ، وَلَا لَبِسَ ثَوْبًا لِيَغْدُو فِي طَلَبِ عِلْمٍ، اِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ ذُنُوبَهُ حَيْثُ يَخْطُو عَتَبَةَ بَابِهِ

دروازہ کی چوکھٹ پر رکھتے ہی معاف کر دیتا ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى التَّيْمِيُّ

یہ حدیث حضرت علی سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن یحییٰ تیمی اکیلے ہیں۔

**5723** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، وَاَبُو بَكْرِ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْاَسَدِيُّ قَالَ: ثَنَا اَبُو هِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوقٌ، وَقِتَالُهُ كُفْرٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مسلمان کو گالی دینا فسق اور قتل کفر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ اِلَّا اَبُو هِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ابن سیرین سے ابوہلال روایت کرتے ہیں'اس کو روایت کرنے میں محمد بن حسین اکیلے حضرت ابوہریرہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**5724** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا صَالِحُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ وَرْدَانَ قَالَ: ثَنَا اَبِي قَالَ: ثَنَا اَيُّوبُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ: قَدِمَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْبِيَةٌ، فَقَسَّمَهَا بَيْنَ اَصْحَابِهِ،

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس قبائیں آئیں' آپ نے اس کو اپنے صحابہ کے درمیان تقسیم کر دیا' مجھے ابومخرمہ نے کہا: ہم چلتے ہیں ہوسکتا ہے کہ ہم کو اس سے کچھ مل جائے' حضور ﷺ کے دروازہ پر پہنچے' کہا: وہ ہے۔ حضور ﷺ

**5723**- أخرجه ابن ماجة: الفتن جلد 2 صفحه 1299 رقم الحديث: 3940 . في الزوائد: اسناده حسن' وأبو هلال اسمه محمد بن سليم' مختلف فيه' وكذلك محمد بن الحسن الأسدي وباقي رجال الاسناد ثقات .

**5724**- أخرجه البخاري: فرض الخمس جلد 6 صفحه 361 رقم الحديث: 3127' ومسلم: الزكاة جلد 2 صفحه 732 .

Marfat.com

فَقَالَ لِي أَبِي مَخْرَمَةُ: انْطَلِقْ بِنَا إِلَيْهِ لَعَلَّهُ أَنْ يُعْطِيَنَا مِنْهَا شَيْئًا، فَانْتَهَى إِلَى الْبَابِ، فَقَالَ: هَا هُوَ، فَسَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَهُ، فَخَرَجَ إِلَيْهِ مَعَهُ بِقَبَاءٍ، فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ يُرَى أَبِي مَحَاسِنَ الْقَبَاءِ، وَيَقُولُ: خَبَّأْتُ هَذَا لَكَ قَالَ صَالِحُ بْنُ حَاتِمٍ: قُلْتُ لِأَبِي: لِأَيِّ شَيْءٍ فَعَلَ هَذَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَخْرَمَةَ؟ قَالَ: كَأَنَّهُ اتِّقَاءُ لِسَانِهِ

نے ان کی آواز سنی' آپ باہر نکلے' آپ کے پاس قباء تھی' گویا میں اب بھی وہ منظر دیکھ رہا ہوں' جو میرے باپ قباء کی خوبصورتی کو دیکھ کر خوش ہوئے تھے۔ آپ نے فرمایا: میں نے تیرے لیے رکھی تھی۔ حضرت صالح بن حاتم فرماتے ہیں: میں نے اپنے والد سے کہا: کون سی شی تھی جو حضور ﷺ نے یہ مخرمہ کے ساتھ کیا؟ فرمایا: گویا زبان کو بچانے کی وجہ سے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا حَاتِمُ بْنُ وَرْدَانَ

یہ حدیث ایوب سے حاتم بن وردان روایت کرتے ہیں۔

**5725** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا جُمْهُورُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ: نا وَهْبُ بْنُ حَكِيمٍ الْأَزْدِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَحْرُمُ عَلَى النَّارِ كُلُّ هَيِّنٍ لَيِّنٍ، سَهْلٍ قَرِيبٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جہنم ہر نرمی و آسانی کرنے والے پر حرام کی گئی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ إِلَّا وَهْبُ بْنُ حَكِيمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ جُمْهُورُ بْنُ مَنْصُورٍ

یہ حدیث محمد بن سیرین سے وہب بن حکیم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں جمہور بن منصور اکیلے ہیں۔

**5726** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ: ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ حَكِيمٍ الْخُزَاعِيُّ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عِيسَى الرَّقَاشِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا الشُّؤْمُ؟ قَالَ: سُوءُ الْخُلُقِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عرض کی گئی: یا رسول اللہ! نحوست کیا شی ہے؟ آپ نے فرمایا: بداخلاقی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ جَابِرٍ إِلَّا بِهَذَا

یہ حدیث حضرت جابر سے اسی سند سے روایت

Marfat.com

الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْفَضْلُ بْنُ عِيسَى

ہے۔اس کو روایت کرنے میں فضل بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

**5727** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ طَلْحَةَ الْيَرْبُوعِيُّ قَالَ: ثَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَشَجِّ عَبْدِ الْقَيْسِ: إِنَّ فِيكَ لَخَصْلَتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللَّهُ: الْحِلْمُ، وَالْأَنَاةُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اشج عبد القیس سے فرمایا: آپ میں دو باتیں ہیں جن کو اللہ پسند کرتا ہے: بردباری، رجوع الی اللہ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ إِلَّا يَحْيَى بْنُ طَلْحَةَ

یہ حدیث فضیل بن عیاض سے یحییٰ بن طلحہ روایت کرتے ہیں۔

**5728** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ مُوَفَّقٍ قَالَ: نا أَبِي، عَنِ السَّرِيِّ بْنِ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ لِي أَهْلًا وَأُمًّا وَأَبًا، فَأَيُّهُمْ أَحَقُّ بِصِلَتِي؟ قَالَ: أُمَّكَ، وَأَبَاكَ، وَأُخْتَكَ، وَأَخَاكَ، ثُمَّ أَدْنَاكَ أَدْنَاكَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میری بیوی' ماں باپ ہیں' ان میں سے کون میری صلہ رحمی کا زیادہ حق دار ہے؟ آپ نے فرمایا: تیری ماں اور تیرا باپ' تیرے بہن بھائی پھر درجہ بدرجہ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ إِلَّا السَّرِيُّ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث شعبی سے سری بن اسماعیل روایت کرتے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن مسعود سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**5729** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَالِمٍ قَالَ: ثَنَا مَحْبُوبُ بْنُ مُحْرِزٍ، عَنْ دَاوُدَ الْأَوْدِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر میں کسی کو دوست بناتا تو میں ابوبکر کو دوست بناتا۔

Marfat.com

قَالَ: لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ اَبَا بَكْرٍ خَلِيلًا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ الْاَوْدِيِّ اِلَّا مَحْبُوبُ بْنُ مُحْرِزٍ

یہ حدیث داؤد اودی سے محبوب بن محرز روایت کرتے ہیں۔

**5730** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: ثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ: نا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قل ھو اللہ احد کا ثواب تہائی قرآن کے برابر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ

یہ حدیث جریر بن حازم سے یزید بن ہارون روایت کرتے ہیں۔

**5731** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: ثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى، عَنْ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: كَانَ اَحَبُّ الْاَلْوَانِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخُضْرَةَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو سب رنگوں میں سبز رنگ پسند تھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث قتادہ سے سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**5732** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: ذُكِرَتِ الْبَرَاغِيثُ عِنْدَ النَّبِيِّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس مچھر کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا: یہ نماز کے لیے جگاتا ہے۔

---

5730- أخرجه ابن ماجة: الأدب جلد2صفحه1244 رقم الحديث:3788 .

Marfat.com

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّهَا تُوقِظُ لِلصَّلَاةِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، وَسُوَيْدٌ أَبُو حَاتِمٍ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ إِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث قتادہ سے سعید بن بشیر اور سوید ابوحاتم روایت کرتے ہیں۔ حضرت سعید بن بشیر سے ولید بن مسلم روایت کرتے ہیں۔

**5733** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي خَلَفٍ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا أَبُو عَبَّادٍ يَحْيَى بْنُ عَبَّادٍ الْبَصْرِيُّ قَالَ: ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَرَّتْ بِهِ جَنَازَةُ يَهُودِيٍّ، فَقَامَ، فَقِيلَ: إِنَّهَا جَنَازَةُ يَهُودِيٍّ؟ فَقَالَ: إِنَّمَا قُمْنَا لِإِخْوَانِكُمْ مِنَ الْمَلَائِكَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے ایک یہودی کا جنازہ گزرا' آپ کھڑے ہوئے' آپ سے عرض کی گئی: یہ یہودی کا جنازہ ہے؟ آپ نے فرمایا: ہم تمہارے بھائی فرشتوں کو دیکھ کر کھڑے ہوئے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ عَبَّادٍ

یہ حدیث قتادہ سے حماد بن سلمہ روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن عباد اکیلے ہیں۔

**5734** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ طَالُوتَ بْنِ عَبَّادٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ: نا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمَّا حُضِرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ أَبَا بَكْرٍ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، وَوَجَدَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، خِفَّةً فَقَامَ مَعَ النَّاسِ خَلْفَ أَبِي بَكْرٍ فِي ثَوْبٍ مُتَوَشِّحًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب نماز کا وقت ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر کو لوگوں کو نماز پڑھانے کا حکم دیا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے افاقہ پایا تو آپ حضرت ابوبکر کے پیچھے لوگوں کے ساتھ ایک کپڑا لپیٹ کر کھڑے ہوئے۔

---

**5733**- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد 1 صفحه 357 وقال: صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه بهذا اللفظ . ووافقه الذهبي .

**5734**- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 197 رقم الحديث: 363 وقال: حسن صحيح . والنسائي: الامامة جلد 2 صفحه 61 (باب صلاة الامام خلف رجل من رعيته)، وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 298 رقم الحديث: 13563 .

Marfat.com

**5735** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ طَالُوتَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ: نا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا حَكَمْتُمْ فَاعْدِلُوا، وَإِذَا قَتَلْتُمْ فَأَحْسِنُوا، فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ مُحْسِنٌ يُحِبُّ الْإِحْسَانَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جب تم فیصلہ کرو تو عدل کرو' جب تم ذبح کرو تو اچھے طریقے سے ذبح کرو' بے شک اللہ عزوجل احسان کرنے والا ہے' احسان کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، تَفَرَّدَ بِهِمَا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ

یہ دونوں حدیثیں قتادہ سے عمران القطان روایت کرتے ہیں۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں محمد بن بلال اکیلے ہیں۔

**5736** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: ثَنَا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمَّا مَاتَتْ رُقَيَّةُ بِنْتُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَقِي بِسَلَفِنَا الصَّالِحِ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضورﷺ کی صاحبزادی کا وصال ہوا تو آپ نے فرمایا: اس کو ہم سے پہلے گزرے ہوئے نیک عثمان بن مظعون کے ساتھ دفن کرو' یعنی ان کے ساتھ ہی قبر بنا کر دفن کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث قتادہ سے صالح المری روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یونس بن محمد اکیلے ہیں۔

**5737** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْنٍ الْخَرَّازُ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ: ثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى تَوَرَّمَتْ قَدَمَاهُ، فَقِيلَ لَهُ: أَلَيْسَ قَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ؟ قَالَ: أَفَلَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ ساری رات کھڑے رہتے' آپ کے دونوں قدم میں ورم پڑ گئے' آپ سے عرض کی گئی: کیا اللہ عزوجل نے آپ کے صدقہ سے آپؐ کی اُمت کے اگلے پچھلے گناہ معاف نہیں کیے ہیں؟ آپ نے فرمایا: کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں۔

---

5737- اسناده صحيح . تخريجه أبو يعلىٰ والبزار . وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه274 .

Marfat.com

اَكُونُ عَبْدًا شَكُورًا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ وَرَوَاهُ غَيْرُهُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ وَرَوَاهُ اَبُو قَتَادَةَ الْحَرَّانِيُّ: عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ، عَنْ اَبِي جُحَيْفَةَ، وَرَوَاهُ سَيْفُ بْنُ مُحَمَّدٍ ابْنِ اُخْتِ سُفْيَانَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ

یہ حدیث مسعر' قتادہ سے' وہ حضرت انس سے۔ حضرت قتادہ' حضرت عبداللہ بن عون' محمد بن بشر روایت کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ نے محمد بن بشر' مسعر سے' وہ زیاد بن علاقہ سے' وہ مغیرہ بن شعبہ سے۔ اس حدیث کو ابوقتادہ الحرانی' مسعر سے' وہ حضرت علی بن اقمر سے' وہ ابن ابوجحیفہ سے روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو سیف بن محمد سفیان کی بہن کے بیٹے زیاد بن علاقہ سے' وہ مغیرہ بن شعبہ سے روایت کرتے ہیں۔

**5738** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، مِنْ كِتَابِهِ اِمْلَاءً قَالَ: نا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: ثَنَا شَيْبَانُ اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كُنَّا نَتَوَضَّاُ مِنَ الْاَبْرَصِ اِذَا مَسَسْنَاهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم برص کی بیماری میں وضو کرتے جب وہ ہم کو لگتی۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، وَلَمْ نَكْتُبْهُ اِلَّا عَنِ الْحَضْرَمِيِّ، كَتَبَهُ عَنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ

یہ حدیث ابن مسعود سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبداللہ بن نمیر اکیلے ہیں۔ ہم حضرمی کے حوالے سے لکھتے ہیں' انہوں نے عبداللہ بن احمد بن حنبل سے لکھا ہے۔

**5739** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، عَنْ اَبِي يَحْيَى الْقَتَّاتِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَهَى عَنِ الْمُثْلَةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مثلہ کرنے سے منع کیا ہے۔

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي يَحْيَى الْقَتَّاتِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ صَالِحٍ

یہ حدیث ابو یحییٰ القتات سے محمد بن ابان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالمجید بن صالح اکیلے ہیں۔

**5740** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا صَالِحُ بْنُ زِيَادٍ السُّوسِيُّ قَالَ: ثَنَا خَلَفُ بْنُ تَمِيمٍ قَالَ: ثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ اَشْعَثَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَصُومُوا قَبْلَ رَمَضَانَ، وَصُومُوا لِرُؤْيَتِهِ، وَاَفْطِرُوا لِرُؤْيَتِهِ، فَاِنْ حَالَتْ دُونَهُ غَيَامَةٌ فَاَكْمِلُوا ثَلَاثِينَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رمضان سے پہلے روزے نہ رکھو، چاند دیکھ کر روزہ رکھو، چاند دیکھ کر عید کرو، اگر آسمان پر بادل ہوں تو تیس مکمل کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ اِلَّا اَبُو الْاَحْوَصِ، وَلَا عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ اِلَّا خَلَفُ بْنُ تَمِيمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ صَالِحُ بْنُ زِيَادٍ

یہ حدیث اشعث سے ابواحوص اور ابواحوص سے خلف بن تمیم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں صالح بن زیاد روایت کرتے ہیں۔

**5741** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا صَالِحُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُمْسِكُوا عَلَى شَيْءٍ، فَاِنِّي لَا اُحِلُّ اِلَّا مَا اَحَلَّ اللّٰهُ فِي كِتَابِهِ، وَلَا اُحَرِّمُ اِلَّا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فِي كِتَابِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم کسی شی پر نہ رکو، میں وہی حلال کرتا ہوں جو اللہ نے اپنی کتاب میں حلال کیا ہے، وہی حرام کرتا ہوں جو اللہ نے اپنی کتاب میں حرام کیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے علی بن عاصم روایت

---

5740- أخرجه أبو داؤد: الصوم جلد 2 صفحه 308 رقم الحديث: 2327، والترمذي: الصوم جلد 3 صفحه 63 رقم الحديث: 688 وقال: حسن صحيح . والنسائي: الصيام جلد 4 صفحه 109-110 (باب ذكر الاختلاف على منصور في حديث ربعي فيه)، وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 291 رقم الحديث: 1936 .

Marfat.com

عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الزَّعْفَرَانِيُّ

کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں زعفرانی اکیلے ہیں۔

**5742** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا جَحْدَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّحَبِيُّ قَالَ: ثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِي الْجَنَّةِ بَيْتٌ يُقَالُ لَهُ: بَيْتُ السَّخَاءِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک گھر ہے اس کو بیت السخاء کہا جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ إِلَّا بَقِيَّةُ، تَفَرَّدَ بِهِ جَحْدَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّحَبِيُّ

یہ حدیث اوزاعی سے بقیہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں جحدر بن عبداللہ الرحبی اکیلے ہیں۔

**5743** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا جَنْدَلُ بْنُ وَالِقِ بْنِ هَجْرَسٍ التَّغْلِبِيُّ قَالَ: ثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: أَوْلَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ بِتَمْرٍ، وَسَمْنٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: حضور ﷺ نے حضرت اُم سلمہ سے شادی کے وقت کھجور اور گھی سے ولیمہ کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ إِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث حمید سے شریک روایت کرتے ہیں۔

**5744** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الزُّبَيْرِ الْأَسَدِيُّ قَالَ: ثَنَا أَبِي قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: اشْتَرَى مِنِّي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعِيرًا، وَاسْتَثْنَى ظَهْرَهُ إِلَى الْمَدِينَةِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھ سے اونٹ خریدا اور میں نے اس کی پشت پر مدینہ تک سواری کرنے کے لیے مانگ لیا۔

---

5744- أصله عند البخاري ومسلم من حديث طويل . أخرجه البخاري: الجهاد جلد 6 صفحه 141 رقم الحديث: 2967' ومسلم: المساقاة جلد 3 صفحه 1223 رقم الحديث: 113 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ التَّلِّ

یہ حدیث منصور سے شریک روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن حسن التل اکیلے ہیں۔

**5745** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعُقَيْلِيُّ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الْعَظِيمِ بْنُ حَبِيبٍ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مِنْكُمْ فَرَطٌ لَمْ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ اِلَّا تَصَرِيدًا فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا لِكُلِّنَا فَرَطٌ قَالَ: اَوَ لَيْسَ مِنْ فَرَطِ اَحَدِكُمْ اَنْ يَفْقِدَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ؟

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے جس کا آگے جا کر انتظام کرنے والا نہ ہو وہ جنت میں گھسٹتا ہوا داخل ہوگا' ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم میں سے ہر ایک کا فرط نہیں ہے' آپ نے فرمایا: کیا تم میں سے کسی ایک کے لیے فرط ایسے نہیں ہوسکتا ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو نہ پائے۔ (فرط کا معنی ہے: جس کا چھوٹا بچہ جو فوت ہو جائے)

**5746** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعُقَيْلِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَظِيمِ بْنُ حَبِيبٍ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَزَوَّجُوا، فَاِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْاُمَمَ، وَاِنَّ السِّقْطَ لَيُرَى مُحْبَنْطِئًا بِبَابِ الْجَنَّةِ، فَيُقَالُ لَهُ: ادْخُلْ، فَيَقُولُ: حَتَّى يَدْخُلَ اَبَوَايَ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: شادی کرو کیونکہ میں کثرتِ اُمت کی وجہ سے تم پر فخر کروں گا' جو بچہ مرجاتا ہے اس کو آپ جنت کے دروازے پر دیکھیں گے' اس کو کہا جائے گا: جنت میں داخل ہو جاؤ (وہ کہے گا: میں داخل نہیں ہو گا) یہاں تک کہ میرے ماں باپ داخل ہو جائیں۔

لَا يُرْوَى هَذَانِ الْحَدِيثَانِ عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا عَبْدُ الْعَظِيمِ بْنُ حَبِيبٍ

یہ دونوں حدیثیں سہل بن حنیف سے اسی سند سے روایت ہے۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں عبدالعظیم بن حبیب اکیلے ہیں۔

**5747** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَرْدَانْبَهْ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے سورج کی تپش میں پانی گرم کیا' اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِی زِیَادٍ الْقَطَوَانِیِّ قَالَ: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ السُّدِّیِّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اَسْخَنْتُ مَاءً فِی الشَّمْسِ، فَاَتَیْتُ بِهِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِیَتَوَضَّاَ، فَقَالَ: یَا عَائِشَةُ، لَا تَفْعَلِی، فَاِنَّ هٰذَا یُورِثُ الْبَیَاضَ

کی بارگاہ میں لائی' تاکہ آپ وضو کرلیں' آپ نے فرمایا: اے عائشہ! تو ایسے نہ کیا کر' کیونکہ اس سے برص کی بیماری پیدا ہوتی ہے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ، وَلَا یُرْوَی عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے محمد بن مروان روایت کرتے ہیں اور حضور ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**5748** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ زَیْدٍ الْخَطَّابِیُّ قَالَ: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَیْمَانَ بْنِ اَبِی دَاوُدَ قَالَ: نا اَبِی، عَنْ عَبْدِ الْکَرِیمِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ الْمُسَیِّبِ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، یَقُولُ یَوْمًا فِی مَلَاٍ مِنَ الْمُسْلِمِینَ فِیهِمُ ابْنُ عُمَرَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: مَنْ یُسَمِّعِ النَّاسَ بِعَمَلِهِ یُسَمِّعُ اللّٰهُ بِهِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ خَلْقَهُ، وَصَغَّرَهُ، وَحَقَّرَهُ فَرَاَیْتُ عَیْنَیِ ابْنِ عُمَرَ تَذْرِفَانِ

حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عبداللہ بن عمرو کو ایک دن مسلمانوں کے گروہ میں فرماتے ہوئے سنا: جو کوئی عمل لوگوں کے دکھاوے کے لیے کرتا ہے تو قیامت کے دن اللہ عزوجل اس کا دکھاوا اپنی مخلوق کے سامنے کرے گا' اس کے چھوٹے اور حقیر' میں نے دیکھا ابن عمر کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ سَعِیدِ بْنِ الْمُسَیِّبِ اِلَّا عَبْدُ الْکَرِیمِ بْنُ مَالِكٍ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَیْمَانُ بْنُ اَبِی دَاوُدَ

یہ حدیث سعید بن مسیّب سے عبدالکریم بن مالک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن ابوداؤد اکیلے ہیں۔

**5749** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ قَالَ: ثنا اِسْمَاعِیلُ بْنُ مُوسَی الْفَزَارِیُّ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوالقاسم ﷺ نے فرمایا: حضرت خضر کا نام خضر اس لیے

---

5749- أخرجه البخاري: أحاديث الأنبياء جلد 6 صفحه 499 رقم الحديث: 3402، والترمذي: التفسير جلد 5 صفحه 313 رقم الحديث: 3151 .

Marfat.com

ثَنَا الْحَكَمُ بْنُ ظُهَيْرٍ، عَنْ بِلَالِ بْنِ مِرْدَاسٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: إِنَّمَا سُمِّيَ الْخَضِرُ؛ لِأَنَّهُ قَامَ عَلَى فَرْوَةٍ مِنَ الْأَرْضِ، فَاهْتَزَّتْ خَضْرَاءَ

تھا کہ آپ خشک زمین پر کھڑے ہوتے تو وہ سبز ہو جاتی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِكْرِمَةَ إِلَّا بِلَالُ بْنُ مِرْدَاسٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَكَمُ بْنُ ظُهَيْرٍ

یہ حدیث عکرمہ سے بلال بن مرداس روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حکم بن ظہیر اکیلے ہیں۔

**5750** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زُرَارَةَ الرَّقِّيُّ قَالَ: ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِي ثَابِتٍ وَهُوَ يَعْلَى بْنُ مُرَّةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ سَرَقَ شِبْرًا مِنَ الْأَرْضِ، أَوْ غَلَّهُ، جَاءَ يَحْمِلُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَى أَسْفَلِ الْأَرَضِينَ

حضرت یعلیٰ بن مرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے ایک بالشت زمین چوری کی یا خیانت کی تو وہ قیامت کے دن سات زمینوں کو اُٹھائے ہوئے آئے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قُرَّةَ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ أَبِي أُنَيْسَةَ

یہ حدیث اسماعیل بن ابوخالد، قرہ سے اور اسماعیل سے زید بن ابوانیسہ روایت کرتے ہیں۔

**5751** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ هَارُونَ بْنِ آدَمَ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا الْمُعَلَّى بْنُ تُرْكَةَ أَبُو عَبْدِ الصَّمَدِ قَالَ: ثَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذَا أَرَادَ أَنْ يُوَجِّهَ سَرِيَّةً أَغْدَاهَا، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لِأُمَّتِي فِي بُكُورِهَا

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب صبح کو کوئی سریہ بھیجنے کا ارادہ کرتے تو آپ عرض کرتے: اے اللہ! میری اُمت کے صبح کے کاموں میں برکت دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا

یہ حدیث قتادہ سے مسعودی روایت کرتے ہیں۔

Marfat.com

الْـمَسْـعُودِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ الْمُعَلَّى بْنُ تُرْكَةَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

اس کو روایت کرنے میں معلٰی بن ترکہ اکیلے ہیں۔ حضرت عمران بن حصین سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**5752** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا مُقَدَّمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى قَالَ: نا الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ آمُرَ بِلَالًا يُقِيمُ الصَّلَاةَ، ثُمَّ أَنْصَرِفُ إِلَى قَوْمٍ سَمِعُوا النِّدَاءَ فَلَمْ يُجِيبُوا، فَأُحَرِّقُ عَلَيْهِمْ بُيُوتَهُمْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے ارادہ کیا کہ میں بلال کو نماز کے لیے اقامت پڑھنے کا حکم دوں' پھر میں ان لوگوں کی طرف چلا جاؤں جنہوں نے اذان سنی ہے' وہ نماز کے لیے نہیں آئے' تو ان کو ان کے گھروں میں جلا دوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ إِلَّا الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ مُقَدَّمُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث ابوحمزہ سے قاسم بن یحیٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مقدم بن محمد اکیلے ہیں۔

**5753** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْأَوْدِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْأَعْشَى، عَنْ مُحِلِّ بْنِ مُحْرِزٍ الضَّبِّيِّ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَاتَ لَهُ وَلَدٌ، ذَكَرٌ أَوْ أُنْثَى، سَلَّمَ أَوْ لَمْ يُسَلِّمْ، رَضِيَ أَوْ لَمْ يَرْضَى، صَبَرَ أَوْ لَمْ يَصْبِرْ لَمْ يَكُنْ لَهُ ثَوَابٌ إِلَّا الْجَنَّةُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کا کوئی بچہ یا بچی مر جائے' مسلمان ہو یا غیر مسلم' خوش ہو یا نہ ہو' صبر کرے یا نہ کرے' اس کے لیے ثواب جنت ہی ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرٌو الْأَوْدِيُّ

یہ حدیث ابن مسعود سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عمر اودی اکیلے ہیں۔

---

**5752**- أصله عند مسلم من طريق زهير؛ ثنا أبو اسحاق عن أبي الأحوص به . أخرجه مسلم: المساجد جلد **1** صفحه **452**' والطبراني في الكبير جلد **10** صفحه **71** رقم الحديث: **9981** ولفظه للطبراني . وقال الهيثمي في المجمع جلد **2** صفحه **46**: رواه الطبراني في الأوسط ورجاله رجال الصحيح .

Marfat.com

**5754** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا مَحْفُوظُ بْنُ بَحْرٍ الْاَنْطَاكِيُّ قَالَ: ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ التَّمِيمِيُّ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ مُهْلِكَاتٌ، وَثَلَاثٌ مُنَجِّيَاتٌ، وَثَلَاثٌ كَفَّارَاتٌ، وَثَلَاثٌ دَرَجَاتٌ. فَأَمَّا الْمُهْلِكَاتُ: فَشُحٌّ مُطَاعٌ، وَهَوًى مُتَّبَعٌ، وَإِعْجَابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهِ. وَأَمَّا الْمُنَجِّيَاتُ: فَالْعَدْلُ فِي الْغَضَبِ، وَالرِّضَى، وَالْقَصْدُ فِي الْفَقْرِ، وَالْغِنَى، وَخَشْيَةُ اللّٰهِ فِي السِّرِّ، وَالْعَلَانِيَةِ. وَأَمَّا الْكَفَّارَاتُ: فَانْتِظَارُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصَّلَاةِ، وَإِسْبَاغُ الْوُضُوءِ فِي السَّبَرَاتِ، وَنَقْلُ الْأَقْدَامِ إِلَى الْجَمَاعَاتِ. وَأَمَّا الدَّرَجَاتُ: فَإِطْعَامُ الطَّعَامِ، وَإِفْشَاءُ السَّلَامِ، وَصَلَاةٌ بِاللَّيْلِ، وَالنَّاسُ نِيَامٌ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ إِلَّا عَطَاءُ بْنُ دِينَارٍ، وَلَا عَنْ عَطَاءٍ إِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عُمَرَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین چیزیں ہلاک کرنے والی ہیں' تین نجات دینے والی ہیں' تین گناہوں کو ختم کرنے والی ہیں' تین درجات کو بلند کرنے والی ہیں' جو ہلاک کرنے والی ہیں وہ یہ ہیں: (۱) کنجوسی جس کی اطاعت کی جائے (۲) خواہشات جس کی پیروی کی جائے (۳) آدمی اپنے آپ کو بڑا سمجھے۔ تین چیزیں جو نجات دینے والی ہیں' وہ یہ ہیں: (۱) غصہ کی حالت میں عدل کرنا اور خوش رہنا (۲) تنگی وخوشحالی میں میانہ روی اختیار کرنا (۳) ظاہراً علانیہ اللہ سے ڈرنا۔ جو چیزیں گناہوں کو ختم کرنے والی ہیں' وہ یہ ہیں: (۱) ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا (۲) مشکلات میں مکمل وضو کرنا (۳) باجماعت نماز ادا کرنے کے لیے قدم اُٹھانا۔ جو چیزیں درجات بلند کرتی ہیں' وہ یہ ہیں: (۱) کھانا کھلانا (۲) سلام عام کرنا (۳) اس وقت نماز پڑھنا جس وقت لوگ سو رہے ہوں۔

یہ حدیث سعید بن جبیر سے عطاء بن دینار اور عطاء سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ولید بن عبدالواحد اکیلے ہیں۔ حضرت ابن عمر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**5755** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ قَالَ: نا عُبَيْسُ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُولُوا سُورَةَ الْبَقَرَةِ، وَلَا سُورَةَ آلِ

حضرت موسیٰ بن انس بن مالک اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سورۃ البقرہ' سورۂ آل عمران' سورۂ نساء اسی طرح سارے قرآن کے متعلق نہ کہو' لیکن کہو کہ وہ سورت جس میں گائے کا ذکر ہے' وہ سورت جس میں آل عمران کا ذکر ہے' اسی طرح

Marfat.com

عِـمْـرَانَ، وَلَا سُورَةَ النِّسَاءِ، وَكَذَلِكَ الْقُرْآنُ كُلُّهُ، وَلَـكِـنْ قُـولُـوا السُّـورَـةَ الَّتِـي يُـذْكَـرُ فِيهَـا الْبَقَرَةُ، وَالسُّـورَـةُ الَّتِـي يُـذْكَـرُ فِيهَـا آلُ عِـمْرَانَ وَهَكَذَا الْقُرْآنُ كُلُّهُ

سارے قرآن کے متعلق۔

لَـمْ يَـرْوِ هَـذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ اَنَسٍ اِلَّا عُبَيْـسُ بْـنُ مَيْـمُـونٍ، تَفَرَّدَ بِهِ خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث موسیٰ بن انس سے عبیس بن میمون روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں خلف بن ہشام اکیلے ہیں۔ حضرت انس سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**5756** - حَـدَّثَـنَـا مُـحَـمَّـدُ بْـنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْـحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ اَبِي رَاشِدٍ قَالَ: ثنا عَمْرُو بْنُ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ اَبِيهِ عَـطِيَّةَ قَـالَ: حَـدَّثَـنِـي عَبْـدُ الـلّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، اَنَّ اَبَاهُ حَـدَّثَـهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَعَثَ عَـلِـيَّ بْـنَ اَبِـي طَالِبٍ، وَخَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ، وَقَالَ: اِنْ كَـانَ قِتَالٌ فَعَلِيٌّ عَلَيْكُمْ ، وَاَنَّهُ فُتِحَ عَلَيْهِمْ، فَاَصَابُوا سَبْيًا، فَـاَخَـذَ عَـلِـيٌّ جَـارِيَةً حَسْنَاءَ لِيَبْعَثَ بِهَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَبَى عَلَيْهِ خَالِدٌ، وَقَـالَ: اَنَا اَبْعَثُ بِهَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ فَـلَـمَّـا مَـنَعَهُ انْطَلَقَ خَالِدٌ، فَبَعَثَ بُرَيْدَةَ اِلَى رَسُـولِ الـلّٰـهِ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ـ قَـالَ بُرَيْدَةُ: فَـاَتَيْـتُ رَسُـولَ الـلّٰـهِ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ يَـغْسِـلُ رَاْسَهُ: فَقُلْتُ فِي عَلِيٍّ عِنْدَهُ، وَكُنَّا اِذَا قَعَدْنَا

حضرت عبداللہ بن بریدہ فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بتایا کہ حضور ﷺ نے حضرت علی بن ابوطالب اور خالد بن ولید رضی اللہ عنہما کو بھیجا اور فرمایا: اگر لڑائی ہو تو علی تم پر امیر ہیں کیونکہ ان کے ذریعے فتح ہو گی' جنگ سے ان کو کچھ قیدی ملے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک خوبصورت لونڈی پکڑی تا کہ اس کو رسول اللہ ﷺ کی طرف بھیج دیں۔ حضرت خالد نے دینے سے انکار کر دیا' کہنے لگے: میں خود حضور ﷺ کی بارگاہ میں بھیجوں گا' جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انکار کیا تو حضرت خالد چلے۔ اس کے بعد حضرت بریدہ کو رسول اللہ ﷺ کی طرف بھیجا، حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' آپ اپنے سر کو دھو رہے تھے۔ میں نے آپ کے پاس حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق عرض کی اور ہماری عادت تھی کہ

**5756**- أخرجه البخاري: المغازي جلد **7** صفحه **664** رقم الحديث: **4350**' وأحمد: المسند جلد **5** صفحه **421** رقم الحديث: **32100** .

Marfat.com

عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَمْ نَرْفَعْ اَبْصَارَنَا اِلَيْهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْ، يَا بُرَيْدَةُ، فَرَفَعْتُ رَاْسِي اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا وَجْهُهُ مُتَغَيِّرٌ، فَلَمَّا رَاَيْتُ ذٰلِكَ قُلْتُ: اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ، وَغَضَبِ رَسُولِ اللّٰهِ. قَالَ بُرَيْدَةُ: وَاللّٰهِ لَا اَبْغَضُهُ اَبَدًا بَعْدَ الَّذِي رَاَيْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ہم جب رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوتے تھے تو ہم آپ کی بارگاہ میں اپنی نگاہیں اونچی نہیں کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے بریدہ! چھوڑو! میں نے اپنا سر حضور ﷺ کی طرف اُٹھایا' آپ کے چہرۂ مبارک کی رنگت بدلی ہوئی تھی' میں نے یہ دیکھا تو میں نے عرض کی: میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی ناراضگی سے پناہ مانگتا ہوں۔ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ کی قسم! میں نے اس کے بعد جس وقت سے رسول اللہ ﷺ کو حالت غصہ میں دیکھا' میں ہمیشہ کے لیے رسول اللہ ﷺ کو ناراض نہیں کروں گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطِيَّةَ اِلَّا ابْنُهُ عَمْرٌو

یہ حدیث حضرت عطیہ سے ان کے بیٹے عمرو روایت کرتے ہیں۔

**5757** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ اَبِي رَاشِدٍ قَالَ: ثنا عَمْرُو بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِيهِ عَطِيَّةَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، اَنَّ بُرَيْدَةَ، حَدَّثَهُ اَنَّهُ: شَهِدَ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُؤَمَّرُ رَجُلٌ عَلَى عَشَرَةٍ فَمَا فَوْقَهُمْ اِلَّا جِيءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَغْلُولَةً يَدُهُ اِلَى عُنُقِهِ، فَاِنْ كَانَ مُحْسِنًا فُكَّ عَنْهُ، وَاِنْ كَانَ مُسِيئًا زَادَ غُلًّا اِلَى غُلِّهِ

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے پاس موجود تھے' آپ نے فرمایا: کوئی دس یا اس سے اوپر آدمیوں کا نگہبان نہ بنے' اگر بنے گا تو اس کو قیامت کے دن لایا جائے گا اس حالت میں کہ اس کے ہاتھ گردن سے بندھے ہوئے ہوں گے' اگر نیکیاں ہوں گی تو وہ اُن کے ذریعے خلاصی پالے گا' اگر برائیاں ہوں گی تو اس کے ہاتھ اور زیادہ سخت کر کے باندھے جائیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطِيَّةَ اِلَّا ابْنُهُ عَمْرٌو، وَعِيسَى بْنُ الْمُسَيَّبِ

یہ حدیث عطیہ سے ان کے بیٹے عمرو اور عیسیٰ روایت کرتے ہیں۔

**5758** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: نا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ انصار کہنے لگے کہ ان سے جو ان کے آگے تھے اگر ہم

Marfat.com

حُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ الْاَشْقَرُ قَالَ: ثَنَا نُصَيْرُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ عُثْمَانَ اَبِي الْيَقْظَانِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَتِ الْاَنْصَارُ فِيمَا بَيْنَهُمْ: لَوْ جَمَعْنَا لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَالًا، فَبَسَطَ يَدَهُ، لَا يَحُولُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ اَحَدٌ؟، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَنَا اَرَدْنَا اَنْ نَجْمَعَ لَكَ مِنْ اَمْوَالِنَا، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (قُلْ لَا اَسْاَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبَى) (الشورى:23) فَخَرَجُوا يَخْتَلِفُونَ، فَقَالُوا: اَلَمْ تَرَوْنَ اِلَى مَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: اِنَّمَا قَالَ: هَذَا لِنُقَاتِلَ عَنْ اَهْلِ بَيْتِهِ، وَنَنْصُرُهُمْ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (اَمْ يَقُولُونَ افْتَرَى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا) (الشورى: 24) اِلَى قَوْلِهِ: (وَهُوَ الَّذِي يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ) (الشورى:25)، فَعَرَّضَ لَهُمْ بِالتَّوْبَةِ اِلَى قَوْلِهِ: (وَيَسْتَجِيبُ الَّذِينَ آمَنُوا، وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ، وَيَزِيدُهُمْ مِنْ فَضْلِهِ) (الشورى: 26)، هُمُ الَّذِينَ قَالُوا هَذَا، اَنْ يَتُوبُوا اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُونَهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُثْمَانَ اَبِي الْيَقْظَانَ اِلَّا نُصَيْرُ بْنُ زِيَادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ حُسَيْنٌ الْاَشْقَرُ

رسول اللہ ﷺ کے لیے مال جمع کریں' آپ کے سامنے بچھا دیں۔ آپ کے اور ان کے درمیان کوئی حائل نہ ہو؟ انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم نے اپنے اموال سے آپ کے لیے مال جمع کرنے کا ارادہ کیا ہے' اللہ عزوجل نے یہ نازل فرمایا: اے پیارے مصطفیٰ! آپ فرمائیں کہ میں تم سے اس تبلیغ پر اُجرت نہیں مانگتا سوائے اس کے کہ تم میرے قریبیوں سے مودّت کرو۔ وہ نکلے اور اختلاف کرنے لگے' کہنے لگے: کیا تم نے دیکھا نہیں اس کی طرف کہ رسول اللہ ﷺ نے کیا فرمایا ہے؟ ان میں سے بعض کہنے لگے: آپ نے یہ اس لیے فرمایا کہ ہم آپ کی اہل بیت کے ساتھ مل کر لڑیں اور ہم ان کی مدد کریں۔ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: کیا وہ کہتے ہیں کہ اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں' یہاں وہ وہی ذات ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے' ان کو توبہ کرنے میں توفیق دی' اللہ ان لوگوں کی دعا قبول کرتا ہے جو لوگ ایمان لائے اور اچھے عمل کیے اور اپنے فضل سے اضافہ کرتا ہے' ان لوگوں کے لیے جنہوں نے یہ کہا کہ وہ اللہ سے توبہ کرتے ہیں اور بخشش طلب کرتے ہیں۔

یہ حدیث عثمان ابوالیقظان سے نصیر بن زیاد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسین اشقر اکیلے ہیں۔

**5759** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْاَحْوَلُ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ نَافِعٍ الْاَشْعَرِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ،

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

Marfat.com

عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ اِلَّا خَالِدُ بْنُ نَافِعٍ

یہ حدیث سعید بن ابوبردہ سے خالد بن نافع روایت کرتے ہیں۔

**5760** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمُحَارِبِيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِيُّ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ، وَاَمَرَ بِلُحُومِ الْخَيْلِ اَنْ تُؤْكَلَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے پالتو گدھوں کے گوشت سے منع کیا اور گھوڑوں کا گوشت کھانے کا حکم دیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ اِلَّا سِمَاكٌ، وَلَا عَنْ سِمَاكٍ اِلَّا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ

یہ حدیث حضرت جابر بن زید سے سماک اور سماک سے عمر بن عبید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبید اکیلے ہیں۔

یہ حدیث عطاء' ابوہریرہ سے اور عطاء سے عامر احول روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ہمام اکیلے ہیں۔

**5913** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ قَالَ: نا هَمَّامٌ قَالَ: نا لَيْثُ بْنُ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَهُمُ الصَّلَاةَ عَلَى الْمَيِّتِ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِأَحْيَائِنَا، وَأَمْوَاتِنَا، وَأَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا، وَأَلِّفْ بَيْنَ قُلُوبِنَا. اللّٰهُمَّ هَذَا عَبْدُكَ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ لَا نَعْلَمُ إِلَّا خَيْرًا، وَأَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ، فَاغْفِرْ لَنَا وَلَهُ، فَقُلْتُ لَهُ: وَأَنَا أَصْغَرُ الْقَوْمِ: فَإِنْ لَمْ أَعْلَمْ خَيْرًا؟ قَالَ: فَلَا تَقُلْ إِلَّا مَا تَعْلَمُ

حضرت عبداللہ بن حارث اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نمازِ جنازہ پڑھانے کا طریقہ سکھاتے: اے اللہ! ہمارے زندوں کو مردوں کو بخش دے اور ہمارے درمیان اصلاح رکھ' ہمارے دلوں میں محبت ڈال دے! اے اللہ! یہ تیرا فلاں بن فلاں بندہ ہے' ہم اس کے متعلق بھلائی جانتے ہیں' تُو اس کے متعلق زیادہ جانتا ہے' اس کو اور ہم کو بخش دے۔ میں نے آپ سے عرض کی: میں قوم میں سب سے چھوٹا ہوں' میں اس کے متعلق بھلائی نہیں جانتا؟ آپ نے فرمایا: تو وہی کہہ جو تُو جانتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ إِلَّا لَيْثُ بْنُ أَبِي سُلَيْمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ هَمَّامٌ، وَلَا يُرْوَى عَنِ الْحَارِثِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث علقمہ بن مرثد سے لیث بن ابوسلیم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ہمام اکیلے ہیں۔ حضرت حارث سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**5914** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: ثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، وَعِيسَى بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْبِرَكِيُّ، قَالَا: ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَطَرٍ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ

• حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجلس میں ہونے والی غلطیوں کا کفارہ یہ ہے: ''سبحانك اللّٰهم وبحمدك الى آخره''۔

Marfat.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَفَّارَةُ الْمَجْلِسِ: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَسْتَغْفِرُكَ، وَاَتُوبُ اِلَيْكَ

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عُثْمَانُ بْنُ مَطَرٍ

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کوروایت کرنے میں عثمان بن مطر اکیلے ہیں۔

5915 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: نا السَّكَنُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنِ الْوَلِيدِ اَبِي هَاشِمٍ، عَنْ فَرْقَدٍ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جَنَابٍ قَالَ: شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَثَّ عَلَى جَيْشِ الْعُسْرَةِ، فَقَامَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عَلَيَّ مِائَةُ بَعِيرٍ بِاَحْلَاسِهَا وَاَقْتَابِهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَاَنَا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُولُ: مَا عَلَى عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ هٰذَا مِنْ شَيْءٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن جناب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غزوۂ تبوک میں صدقہ دینے پر اُبھارا' حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! میں سو اونٹ بمع ساز و سامان کے دیتا ہوں' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منبر پر دیکھا کہ آپ فرما رہے تھے: عثمان کے ذمے اس کے بعد کوئی گناہ نہیں ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جَنَابٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ سَكَنُ بْنُ الْمُغِيرَةِ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن جناب سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں سکن بن مغیرہ اکیلے ہیں۔

5916 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْلَى زُنْبُورٌ قَالَ: نا عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ

حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نمازِ عشاء میں دعا قنوت پڑھنے سے منع کیا۔

5915- أخرجه الترمذي: المناقب جلد5صفحه625 رقم الحديث: 3700 . وقال: غريب من هذا الوجه لا نعرفه الا من حديث السكن بن المغيرة . وأحمد: المسند جلد4صفحه93 رقم الحديث: 16701 .

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَهَى عَنِ الْقُنُوتِ فِي صَلَاةِ الْعَتَمَةِ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْلَى زُنْبُورٌ

یہ حدیث اُم سلمہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن یعلیٰ زنبورا کیلے ہیں۔

**5917** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْبَقَرَةُ عَنْ سَبْعَةٍ، وَالْجَزُورُ عَنْ سَبْعَةٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: گائے اور اونٹ کی قربانی میں سات آدمی شریک ہو سکتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، إِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث قیس بن سعد سے حماد بن سلمہ روایت کرتے ہیں۔

**5918** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ أَبُو يَعْلَى التَّوَّزِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ الْمَكِّيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: مَرَرْتُ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَأَشَارَ إِلَيَّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس سے گزرا تو آپ نماز پڑھ رہے تھے' میں نے آپ کو سلام کیا' آپ نے میری طرف اشارہ کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ إِلَّا هِشَامٌ، وَلَا عَنْ هِشَامٍ إِلَّا ابْنُ رَجَاءٍ، تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو يَعْلَى التَّوَّزِيُّ

یہ حدیث ابو ہریرہ' ابن مسعود سے روایت کرتے ہیں۔ حضرت ابو ہریرہ سے محمد بن سیرین اور سیرین سے ہشام اور ہشام سے ابن رجاء روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابو یعلیٰ التوزی روایت کرتے ہیں۔

**5917**- أخرجه مسلم: الحج جلد **2** صفحه **955**' وأبو داؤد: الضحايا جلد **3** صفحه **98** رقم الحديث: **2808**' والترمذي: الحج جلد **3** صفحه **239** رقم الحديث: **904**' ومالك في الموطأ: الضحايا جلد **2** صفحه **486** رقم الحديث: **9** .

**5918**- اسناده صحيح . وأخرجه أيضًا في الصغير . وانظر مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **84** .

Marfat.com

**5919** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ الْمُقْرِءُ قَالَ: ثَنَا عَمْرُو بْنُ شَقِيقٍ قَالَ: نا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ: اَنَّ الشَّمْسَ، انْكَسَفَتْ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِهِمْ، فَقَرَاَ سُورَةً مِنَ الطِّوَالِ، ثُمَّ رَكَعَ خَمْسَ رَكَعَاتٍ، وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ قَامَ الثَّانِيَةَ فَقَرَاَ سُورَةً مِنَ الطِّوَالِ، ثُمَّ رَكَعَ خَمْسَ رَكَعَاتٍ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ جَلَسَ كَمَا هُوَ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةَ يَدْعُو حَتَّى انْجَلَى كُسُوفُهَا

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ کے زمانہ میں سورج کوگرہن لگ گیا اور حضورﷺ نے نماز پڑھائی' ان میں آپ نے لمبی سورتیں پڑھیں' پھر رکوع کیا' پانچ رکوع کیے اور دو سجدے کیے' پھر دوسری رکعت کے لیے کھڑے ہوئے' آپ نے لمبی سورت پڑھی' پھر پانچ رکوع کیے پھر دو سجدے کیے' پھر آپ قبلہ رخ ہو کر بیٹھ گئے' دعا کرتے رہے یہاں تک کہ گرہن ختم ہو گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَّ الْكُسُوفَ عَشْرُ رَكَعَاتٍ فِي اَرْبَعِ سَجَدَاتٍ، اَلا اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ

یہ حدیث رسول اللہﷺ کے حوالہ سے کہ آپﷺ نماز سورج گرہن میں دس رکوع اور چار سجدے کرتے تھے' صرف ابی بن کعب سے روایت کی جاتی ہے۔ حضرت ابی بن کعب سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابوجعفر الرازی اکیلے ہیں۔

**5920** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُقْبَةَ السَّدُوسِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ اَبِي سَارَةَ قَالَ: سَمِعْتُ ثَابِتًا الْبُنَانِيَّ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَمَلَ جَوَانِبَ السَّرِيرِ الْاَرْبَعَ كَفَّرَ اللّٰهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو جنازہ کے ساتھ چار طرفوں کو پکڑ کر چلا' اللہ عزوجل اس کے چالیس کبیرہ گناہ معاف کرے گا۔

---

**5919**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **306** رقم الحديث: **1182**' والبيهقي في الكبرى جلد **3** صفحه **459** رقم الحديث: **6326**

Marfat.com

عَنْهُ اَرْبَعِينَ كَبِيرَةً

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيُّ بْنُ اَبِي سَارَةَ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ

یہ حدیث حضرت انس بن مالک سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں حضرت علی بن ابوسارہ اکیلے روایت کرتے ہیں۔ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ حدیث صرف انس بن مالک روایت کرتے ہیں۔

5921 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نَا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نَا الْحَارِثُ بْنُ نَبْهَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ فِي الْخَضْرَوَاتِ صَدَقَةٌ

حضرت موسیٰ بن طلحہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سبزیوں میں زکوٰۃ نہیں ہے۔

لَمْ يَصِلْ هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ اِلَّا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، وَلَا رَوَاهُ مَوْصُولًا عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا الْحَارِثُ بْنُ نَبْهَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ

یہ حدیث موسیٰ بن طلحہ اپنے والد سے روایت کرنے میں عطاء بن سائب روایت کرتے ہیں۔ حضرت عطاء سے حارث بن نبہان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوکامل جحدری اکیلے ہیں۔

5922 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ التَّمَّارِ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نَا اَبُو هِلَالٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ الْعَبْدُ بِخَيْرٍ مَا لَمْ يَسْتَعْجِلْ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَيْفَ يَسْتَعْجِلُ؟ قَالَ: يَقُولُ: دَعَوْتُ رَبِّي فَلَمْ يَسْتَجِبْ لِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بندہ ہمیشہ بھلائی پر رہے گا جب تک وہ جلدی نہ کرے۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! جلدی سے مراد کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ کہے کہ میں نے اپنے رب سے دعا کی' میری قبول نہیں ہوئی۔

5923 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نَا اَبُو هِلَالٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: مَا خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا قَالَ: لَا اِيمَانَ لِمَنْ لَا اَمَانَةَ لَهُ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ دیا' فرمایا: وہ ایمان والا نہیں ہے جس میں امانت نہیں ہے' اس کا دین نہیں جس میں وعدہ وفائی نہیں ہے۔

Marfat.com

وَلَا دِينَ لِمَنْ لَا عَهْدَ لَهُ

5924 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ شَبِيبٍ قَالَ: ثَنَا اَبُو هِلَالٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَهَانَ قُرَيْشًا اَهَانَهُ اللّٰهُ قَبْلَ مَوْتِهِ

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا اَبُو هِلَالٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے قریش کی اہانت کی اللہ عزوجل اس کو مرنے سے پہلے اس کی اہانت کرے گا۔

یہ تمام احادیث حضرت قتادہ سے ابوہلال روایت کرتے ہیں۔

5925 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: ثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ: ثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ، عَنْ اَبِي مَطَرٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَانَ اِذَا سَمِعَ صَوْتَ الرَّعْدِ قَالَ: اللّٰهُمَّ لَا تُهْلِكْنَا بِشَيْءٍ مِنْ عَذَابِكَ، وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَالِمٍ اِلَّا اَبُو مَطَرٍ، وَلَا عَنْ اَبِي مَطَرٍ اِلَّا الْحَجَّاجُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ

حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ جب کڑک کی آواز سنتے تو آپ عرض کرتے: اے اللہ! ہم کو اپنے عذاب میں سے کسی شی سے ہلاک نہ کر، ہم کو اس سے پہلے عافیت دے۔

یہ حدیث سالم سے ابومطر اور ابومطر سے حجاج روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالواحد بن زیاد اکیلے ہیں۔

5926 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ قَالَ: نا مُرَجَّى بْنُ رَجَاءٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سُحِرَ، فَدَعَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ پر جادو کیا گیا، آپ نے اپنے رب سے دعا کی، پھر فرمایا: کیا آپ کو معلوم ہے کہ میرے رب نے میری دعا قبول کی ہے؟ میرے پاس دو فرشتے آئے، ان

5925- أخرجه الترمذي: الدعوات جلد5صفحه503 رقم الحديث: 3450 . وقال: غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه . وأحمد: المسند جلد2صفحه137 رقم الحديث: 5765 .

5926- أخرجه البخاري: الطب جلد 10صفحه232 رقم الحديث: 5763، ومسلم: السلام: جلد 4صفحه1719 بنحوه .

Marfat.com

رَبَّهُ، ثُمَّ قَالَ: اَمَا عَلِمْتُ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اسْتَجَابَ لِي؟ اَتَانِي مَلَكَانِ، فَقَعَدَ اَحَدُهُمَا عِنْدَ رَاْسِي وَالْآخَرُ عِنْدَ رِجْلِي، فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِلْآخَرِ: مَا بِالرَّجُلِ؟ فَقَالَ: مَسْحُورٌ. فَقَالَ: مَنْ سَحَرَهُ؟ قَالَ: لَبِيدُ بْنُ اَعْصَمَ الْيَهُودِيُّ. قَالَ: فِي اَيِّ شَيْءٍ؟ قَالَ: فِي مُشْطٍ وَمُشَاطَةٍ فِي جُفِّ نَخْلَةٍ بِبِئْرِ بَنِي رَيْسَانَ تَحْتَ الرَّاعُوفَةِ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَلِيُّ، ائْتِهَا، فَاِذَا مَاؤُهَا مِثْلُ نُقَاعَةٍ، فَاَرَدْتُ اَنْ اَنْزَحَهَا، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ قَدْ شَفَانِي

میں ایک میرے سر کے پاس اور دوسرا میرے پاؤں کے پاس بیٹھ گیا۔ ان میں سے ایک دوسرے سے کہنے لگا: اس آدمی کو کیا ہوا ہے؟ دوسرے نے کہا: اس پر جادو کیا گیا ہے؟ پہلے نے کہا: کس نے کیا ہے؟ دوسرے نے کہا: لبید بن اعصم یہودی نے' پہلے نے کہا: کس شی میں؟ دوسرے نے کہا: کنگھی میں' وہ کنگھی کھجور کے خوشوں کی تھیلی میں ہے اور وہ تھیلی' بنی ریسان کے کنویں میں پتھر کے نیچے ہے۔ رسول کریم ﷺ نے حضرت علی سے فرمایا: اے علی! اسے نکال کر لے آؤ۔ پس اچانک حضرت علی کی نگاہ پڑی تو اس کا پانی بھیگے ہوئے انگور کی مانند تھا' سو میں نے اسے کھولنے کا ارادہ کیا تو آپ نے فرمایا: اللہ نے مجھے شفاء دی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُرَجَّى بْنِ رَجَاءٍ اِلَّا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ

یہ حدیث مرجی بن رجاء سے حفص بن عمر حوضی روایت کرتے ہیں۔

**5927** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: ثَنَا سَهْلُ بْنُ تَمَّامِ بْنِ بَزِيعٍ قَالَ: ثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يُوَقِّرْ كَبِيرَنَا، وَيَرْحَمْ صَغِيرَنَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے جو ہمارے بزرگوں کا احترام اور بچوں پر شفقت نہیں کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اِلَّا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ سَهْلُ بْنُ تَمَّامِ بْنِ بَزِيعٍ

یہ حدیث ابوزبیر سے مبارک بن فضالہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سہل بن تمام بن بزیع اکیلے ہیں۔

**5928** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، وَمُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ

حضرت یحییٰ بن زرارہ بن کریم بن حارث بن عمرو سہمی فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے' انہوں نے

Marfat.com

التَّبُوذَكِیُّ، قَالَا: نا یَحْیَی بْنُ زُرَارَةَ بْنِ كَرِیمِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَمْرٍو السَّهْمِیُّ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ جَدِّهِ الْحَارِثِ، اَنَّهُ: لَقِیَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فِی حَجَّةِ الْوَدَاعِ، وَهُوَ عَلَی نَاقَتِهِ الْعَضْبَاءِ قَالَ: قُلْتُ: بِاَبِی اَنْتَ وَاُمِّی یَا رَسُولَ اللّٰهِ، اسْتَغْفِرْ لِی، فَقَالَ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكُمْ . ثُمَّ اسْتَدَرْتُ مِنَ الشِّقِّ الْآخَرِ رَجَاءَ اَنْ یَخُصَّنِی، فَقُلْتُ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، اسْتَغْفِرْ لِی . فَقَالَ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكُمْ . فَقَالَ رَجُلٌ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، الْفَرَائِعُ وَالْعَتَائِرُ؟ فَقَالَ: مَنْ شَاءَ فَرَّعَ، وَمَنْ شَاءَ عَتَرَ، وَمَنْ شَاءَ لَمْ یَعْتِرْ، وَفِی الْغَنَمِ اُضْحِیَتُهَا ، ثُمَّ قَالَ: اَلَا اِنَّ دِمَاءَكُمْ وَاَمْوَالَكُمْ عَلَیْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ یَوْمِكُمْ هَذَا فِی شَهْرِكُمْ هَذَا

اپنے دادا حارث سے بیان کیا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حجۃ الوداع کے موقع پر ملا' آپ عضباء اونٹنی پر سوار تھے' میں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! میرے لیے بخشش مانگیں! آپ نے فرمایا: اللہ تم کو بخشے! پھر میں گھوم کر دوسری طرف سے آیا' اس اُمید کے ساتھ کہ آپ خاص میرے لیے دعا کریں گے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے بخشش مانگیں! آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل تم کو بخشے! ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! مویشیوں کے بچوں اور زمانۂ جاہلیت میں بتوں کے نام پر چھوڑے ہوئے جانوروں کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: جو چاہے جانوروں سے عتیرہ کرلے' جو چاہے نہ کرے اور بکریوں کی قربانی ہے۔ پھر فرمایا: تمہارے خون اور تمہارے اموال تم پر حرام ہیں دوسروں سے جس طرح آج کے دن اور اس مہینہ میں ہے۔

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا مِنْ حَدِیثِ وَلَدِهِ بِهَذَا الْاِسْنَادِ وَرَوَاهُ عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِیدٍ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ السَّهْمِیِّ، عَنْ كَرِیمِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِیهِ

یہ حدیث حارث بن عمرو سے ان کے بیٹے اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔ عبدالوارث بن سعید' عقبہ بن عبدالملک سہمی سے' وہ کریم بن حارث سے' وہ اپنے والد سے۔

**5929** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: ثنا اَبُو الْوَلِیدِ الطَّیَالِسِیُّ قَالَ: ثنا قَیْسُ بْنُ الرَّبِیعِ قَالَ: ثنا عَمْرٌو، مَوْلَی عَنْبَسَةَ، عَنْ رَائِطَةَ بِنْتِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ، قَالَتْ: حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ قَالَ: قَالَ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علی! آپ عورتوں کو حکم دیں کہ کوئی بغیر زیور کے نماز نہ پڑھے اگرچہ وہ گٹھلی کی جالی لٹکالیں۔

Marfat.com

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَلِيُّ، مُرْ نِسَاءَكَ لَا يُصَلِّينَ عُطْلًا، وَلَوْ اَنْ يَتَقَلَّدْنَ سَيْرًا

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ

یہ حدیث حضرت علی سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں قیس بن ربیع اکیلے ہیں۔

**5930** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ اَبِي هُبَيْرَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَامَ وَهُوَ قَاعِدٌ حَتَّى غَطَّ، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى، وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ بیٹھے بیٹھے سو گئے یہاں تک کہ آپ خراٹے مارنے لگے، پھر کھڑے ہو کر نماز پڑھائی اور وضو نہیں کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ، عَنْ اَبِي هُبَيْرَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ اِلَّا شَرِيكٌ، وَرَوَاهُ غَيْرُهُ، عَنْ اَشْعَثَ، عَنْ اَبِي هُبَيْرَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ.

یہ حدیث اشعث، ابو ہبیرہ سے وہ سعید بن مسیب سے اور اشعث سے شریک روایت کرتے ہیں۔ ان کے علاوہ اشعث سے، وہ ابو ہبیرہ سے، وہ سعید بن جبیر سے روایت کرتے ہیں۔

**5931** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ: ثَنَا الْاَغَرُّ بْنُ الصَّبَّاحِ، عَنْ خَلِيفَةَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ اَبِي نَصْرٍ الْاَسَدِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: تَرَدَّدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي آيَةٍ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ، فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ اَقْبَلَ عَلَى الْقَوْمِ بِوَجْهِهِ، فَقَالَ: اَشَهِدَ الصَّلَاةَ مَعَكُمْ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ؟ قَالُوا: لَا قَالَ: فَرَاَى الْقَوْمُ اَنَّهُ اِنَّمَا تَفَقَّدَهُ لِيَفْتَحَ عَلَيْهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ صبح کی نماز میں ایک آیت میں رُک گئے، جب آپ نے نماز پڑھائی تو آپ نے اپنا چہرہ قوم کی طرف کیا، فرمایا: کیا تمہارے ساتھ ابی بن کعب نماز میں حاضر ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: جب قوم دیکھے کہ اس کا امام رُک جائے تو اسے چاہیے کہ وہ اُسے لقمہ دے۔

---

**5930**- اخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد **1** صفحه **51** رقم الحديث: **202** بنحوه . وقال: هو حديث منكر لم يروه الا يزيد (أبو خالد) الدالاني عن قتادة . والترمذي: الطهارة جلد **1** صفحه **111** رقم الحديث: **77**، وأحمد: المسند جلد **1** صفحه **336** رقم الحديث: **2319** .

Marfat.com

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ

یہ حدیث ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں قیس بن ربیع اکیلے ہیں۔

**5932** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: ثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، وَمُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، قَالَا: ثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْمَاجِشُونُ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ جَدَّتِهِ رُمَيْثَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ أَشَاءُ أَنْ أُقَبِّلَ مَوْضِعَ الْخَاتَمِ مِنْهُ لِقُرْبِي لَفَعَلْتُ، وَهُوَ يَقُولُ: اهْتَزَّ لَهُ عَرْشُ الرَّحْمَنِ يَوْمَ مَاتَ يُرِيدُ بِذَلِكَ سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ

حضرت محمود بن لبید اپنی دادی رمیثہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اگر میں چاہوں ان (یعنی سعد) کی رشتہ داری کی وجہ سے انگوٹھی کی جگہ کو بوسہ دوں' تو میں ایسے کرسکتا تھا' آپ فرما رہے تھے: رحمٰن کا عرش کانپ اُٹھا' جس دن سعد بن معاذ کا وصال ہوا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رُمَيْثَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يُوسُفُ الْمَاجِشُونُ

یہ حدیث رمیثہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں یوسف الماجشون اکیلے ہیں۔

**5933** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: ثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ سُحَيْمٍ الْبَاهِلِيُّ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ قَالَ: كَتَبْتُ إِلَى نَافِعٍ أَسْأَلُهُ عَنِ الدُّعَاءِ، قَبْلَ الْقِتَالِ، فَكَتَبَ إِلَيَّ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَغَارَ عَلَى بَنِي الْمُصْطَلِقِ، فَقَتَلَ مُقَاتِلَتَهُمْ، وَسَبَى ذَرَارِيَهُمْ حَدَّثَنِي بِذَلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَكَانَ فِي ذَلِكَ الْجَيْشِ

حضرت ابن عون رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نافع کی طرف خط لکھا لڑائی سے پہلے دعا کرنے کے متعلق' آپ نے میری طرف لکھا کہ حضور ﷺ نے بنی مصطلق سے لڑائی کی' ان کو قتل کیا' ان کے بچوں کو قتل کیا اور مجھے بتایا کہ حضرت عبداللہ بن عمر لشکر میں ایسے کرتے تھے۔

لَمْ يُسْنِدْ عَلِيُّ بْنُ سُحَيْمٍ الْبَاهِلِيُّ بَصْرِيٌّ غَيْرَ هَذَا الْحَدِيثِ، تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو الْوَلِيدِ

علی بن سحیم الباہلی بصری سے اس حدیث کے علاوہ کوئی روایت نہیں ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابوالولید اکیلے ہیں۔

5933- أخرجه البخاري: العتق جلد5صفحه202 رقم الحديث: 2541' ومسلم: الجهاد جلد3صفحه1356 .

Marfat.com

**5934** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا اَبُو الْوَلِيدِ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي سَلَمَةَ الْمَاجِشُونُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى الْمَازِنِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: جَاءَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاَخْرَجْنَا لَهُ تَوْرًا مِنْ صُفْرٍ، فَتَوَضَّا، وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا، وَذِرَاعَيْهِ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ، وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ وَاَقْبَلَ بِهِمَا وَاَدْبَرَ

حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہمارے پاس رسول اللہ ﷺ تشریف لائے' ہم نے آپ کے لیے چاندی کا ایک برتن نکالا' آپ نے وضو کیا اور اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' دونوں کلائیوں کو دو دو مرتبہ دھویا اور اپنے سر کا مسح کیا آگے اور پیچھے۔

لَمْ يَقُلْ فِي هَذَا الْحَدِيثِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ: فَاَخْرَجْنَا لَهُ تَوْرًا مِنْ صُفْرٍ اِلَّا الْمَاجِشُونُ

اس حدیث میں یہ الفاظ ''فاخرجنا له تورًا من صفر'' کے الفاظ صرف ماجشون نے روایت کیے ہیں' ان کے علاوہ نے نہیں۔

**5935** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ شَابُورَ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى سَلْمَانَ، فَدَعَا بِمَا كَانَ فِي الْبَيْتِ، وَقَالَ: لَوْلَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَهَانَا عَنِ التَّكَلُّفِ لِلضَّيْفِ لَتَكَلَّفْتُ لَكُمْ

حضرت شقیق بن سلمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' آپ نے پانی منگوایا جو آپ کے پاس تھا اور فرمایا: اگر ہم کو رسول اللہ ﷺ نے مہمان کے لیے تکلف کرنے سے منع نہ کیا ہوتا تو میں تمہارے لیے تکلف کرتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ شَابُورَ اِلَّا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ

یہ حدیث عثمان بن شابور سے قیس بن ربیع روایت کرتے ہیں۔

**5936** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: حَدَّثَنِي ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ اَبُو نُعَيْمٍ قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَبَرَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فاطمہ کے لیے ان کے پیچھے سے کپڑے کو بالشت سے ناپا اور فرمایا: یہ عورت کے کپڑے کا پلّو ہے (یعنی اگر اتنا بھی لٹکائے گی تو تکبر والی شمار ہوگی)۔

---

**5934**- أخرجه البخاري: الوضوء جلد 1 صفحه 361 رقم الحديث: 197' ومسلم: الطهارة جلد 1 صفحه 210 . ولفظه عند البخاري' وفي مسلم فدعا باناء فاكفأ منها على يديه...... به .

Marfat.com

لِفَاطِمَةَ مِنْ عَقِبِهَا شِبْرًا، وَقَالَ: هَذَا ذَيْلُ الْمَرْاَةِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ إِلَّا مُعْتَمِرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ

یہ حدیث حمید سے معتمر روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ضرار بن صرد اکیلے ہیں۔

**5937** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا اَبُو عَقِيلٍ الدَّوْرَقِيُّ قَالَ: نا اَبُو نَضْرَةَ قَالَ: سَاَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ، عَزَّ وَجَلَّ: (لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ) (النساء: 95)، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: هُمْ قَوْمٌ حَبَسَتْهُمْ اَوْجَاعٌ اَوْ اَمْرَاضٌ، فَكَانُوا اُولَئِكَ اُولِي الضَّرَرِ، وَكَانَ الْقَاعِدُ الْمَرِيضُ اَعْذَرَ مِنَ الْقَاعِدِ الصَّحِيحِ

حضرت ابونضرہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اللہ عزوجل کے اس ارشاد ''لا یستوی القاعدون من المؤمنین غیر اولی الضرر'' کے متعلق پوچھا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: وہ لوگ جو بھوک اور بیماری کی وجہ سے رُک گئے' یہ لوگ اولی الضرر ہیں' بیٹھنے والے مریض کا عذر تندرست بیٹھنے والے سے زیادہ تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي نَضْرَةَ إِلَّا اَبُو عَقِيلٍ الدَّوْرَقِيُّ، بَشِيرُ بْنُ عُقْبَةَ

یہ حدیث ابونضرہ سے ابوعقیل الدورقی' بشیر بن عقبہ روایت کرتے ہیں۔

**5938** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ، وَيُونُسُ بْنُ مُوسَى الشَّامِيُّ، قَالَا: نا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مَسْمُولٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامَ، عَنْ مِيلِ بِنْتِ مِشْرَحٍ، قَالَتْ: رَاَيْتُ اَبِي قَلَّمَ اَظْفَارَهُ، ثُمَّ دَفَنَهَا، وَقَالَ: اَيْ بُنَيَّةُ، رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ هَكَذَا

حضرت میل بنت مشرح رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے اپنے والد کو دیکھا انہوں نے ناخن کاٹے پھر ان کو دفن کر دیا' پھر فرمایا: اے بیٹی! میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایسے کرتے دیکھا ہے۔

**5937**- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 2 صفحه 165 رقم الحديث: 12775 . وقال في المجمع: رواه الطبراني من طريقين ورجال أحدهما ثقات . انظر مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 12 .

**5938**- أخرجه البيهقي في شعب الايمان جلد 5 صفحه 232 رقم الحديث: 6487' والطبراني في الكبير جلد 20 صفحه 322 رقم الحديث: 762 . وعزاه الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 171 الى البزار أيضًا وقال: من طريق عبيد الله بن سلمة بن وهرام' عن أبيه وكلاهما ضعيف' وأبوه وثق .

Marfat.com

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مِشْرَحٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مَسْمُولٍ

یہ حدیث مشرح سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن سلیمان بن مسمول اکیلے ہیں۔

**5939** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْكَرَابِيسِيُّ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَجَرَ عَلَى مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ مَالَهُ، وَبَاعَهُ بِدَيْنٍ كَانَ عَلَيْهِ

حضرت ابن کعب بن مالک اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت معاذ بن جبل کو اپنے مال پر تصرف کرنے سے روک دیا اور اس کو اس قرض کے بدلے فروخت کیا جو ان پر تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ مَوْصُولًا عَنْ مَعْمَرٍ إِلَّا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث موصولاً معمر سے ہشام بن یوسف روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن معاویہ اکیلے ہیں۔

**5940** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ قَالَ: نا الطَّيِّبُ بْنُ سَلْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَةَ، تَقُولُ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ، تَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى الْغَدَاةَ، وَقَعَدَ فِي مُصَلَّاهُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، ثُمَّ صَلَّى أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ غَفَرَ اللَّهُ لَهُ ذُنُوبَهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے صبح کی نماز پڑھی' پھر اس جگہ سورج طلوع ہونے تک بیٹھا رہا' پھر چار رکعت نفل پڑھے تو اللہ عزوجل اس کے گناہ معاف کردے گا۔

**5941** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: ثنا ابْنُ فَرُّوخٍ قَالَ: ثنا الطَّيِّبُ بْنُ سَلْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَةَ، تَقُولُ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ، تَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا نِسَاءَ الْمُؤْمِنِينَ، تَهَادَيْنَ، وَلَوْ بِفِرْسَنِ شَاةٍ، فَإِنَّهُ يُثْبِتُ الْمَوَدَّةَ، وَيُذْهِبُ الضَّغَائِنَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ایمان والی عورتو! ہدیہ دیا کرو' اگرچہ بکری کا پایا ہی کیوں نہ ہو کیونکہ ایسا کرنے سے محبت مضبوط ہوتی ہے اور بغض نکل جاتا ہے۔

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ اَرْطَاةَ وَهِيَ الْعَدَوِيَّةُ، بَصْرِيَّةٌ، وَلَيْسَتْ بِعُمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا الطَّيِّبُ بْنُ سَلْمَانَ الْمُؤَدِّبُ، وَيُكَنَّى اَبَا حُذَيْفَةَ بَصْرِيٌّ ثِقَةٌ

یہ دونوں حدیثیں عمرہ بنت ارطاۃ' عدویہ بصریہ سے طبیب بن سلیمان المؤدب روایت کرتے ہیں۔ ان کی کنیت ابوحذیفہ ہے۔ بصری ہیں' ثقہ ہیں۔

**5942** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: ثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ قَالَ: نا حَرْبُ بْنُ سُرَيْجٍ قَالَ: نا اَيُّوبُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كُنَّا نُمْسِكُ عَنِ الِاسْتِغْفَارِ، لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ، حَتَّى سَمِعْنَا نَبِيَّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنِّي ادَّخَرْتُ شَفَاعَتِي لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَاَمْسَكْنَا عَنْ كَثِيرٍ مِمَّا كَانَ فِي اَنْفُسِنَا، وَرَجَوْنَا لَهُمْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لیے بخشش مانگتے' جب ہم نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے قیامت کے دن اپنی اُمت کے کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لیے شفاعت رکھی ہے تو ہم میں سے بہت زیادہ رُک گئے' جو ہم اپنے دلوں میں پاتے تھے اور ہم اس کی شفاعت کے لیے اُمیدوار ہو گئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ اِلَّا حَرْبُ بْنُ سُرَيْجٍ، تَفَرَّدَ بِهِ شَيْبَانُ

یہ حدیث ایوب سختیانی سے حرب بن سریج روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شیبان اکیلے ہیں۔

**5943** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: ثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ قَالَ: نا اَبُو الرَّبِيعِ السَّمَّانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ حُمْرَانَ بْنِ اَبَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رَحِمَ اللّٰهُ سَهْلَ الشِّرَاءِ، سَهْلَ الْقَضَاءِ، سَهْلَ التَّقَاضِي

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ رحم کرتا ہے اس پر جو خریدتے اور قرض دیتے اور لیتے وقت آسانی کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ غَيْرُ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے سوائے ابوالربیع

5943- أخرجه النسائي: البيوع جلد7صفحه279 (باب حسن المعاملة' والرفق في المطالبة) . وابن ماجة: التجارات جلد2صفحه742 رقم الحديث: 2202' وأحمد: المسند جلد1صفحه72 رقم الحديث: 412 بلفظ: أدخل الله عزوجل رجلًا كان سهلًا...... .

Marfat.com

اَبِی الرَّبِیعِ السَّمَّانِ

السمان کے کوئی روایت نہیں کرتا ہے۔

**5944** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ طَالُوتَ قَالَ: نا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ هَاشِمٍ الْبَزَّارُ قَالَ: ثنا حَنْبَلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْهِرْمَاسِ بْنِ زِيَادٍ الْبَاهِلِيِّ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي نَعْلَيْهِ

حضرت ہرماس بن زیاد الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نعلین میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْهِرْمَاسِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ هَاشِمٍ الْبَزَّارُ

یہ حدیث ہرماس سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالسلام بن ہاشم بزار اکیلے ہیں۔

**5945** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: ثنا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: ثنا وُهَيْبٌ، عَنْ اَبِي وَاقِدٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا: اسْتَعِيذِي بِاللّٰهِ مِنَ الْعَيْنِ، فَاِنَّهَا حَقٌّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (مجھے) فرمایا: اللہ عزوجل سے نظر لگنے سے پناہ مانگو کیونکہ نظر کا لگنا حق ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ اِلَّا اَبُو وَاقِدٍ صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَائِدَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ وُهَيْبٌ

یہ حدیث ابوسلمہ سے ابوواقد صالح بن محمد بن زائدہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں وہیب اکیلے ہیں۔

**5946** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: ثنا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: ثنا وُهَيْبٌ، عَنْ اَبِي وَاقِدٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَطَعَ فِي مِجَنٍّ قِيمَتُهُ خَمْسَةُ دَرَاهِمَ

حضرت عامر بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ڈھال کے چوری کرنے پر ہاتھ کاٹا' اس کی قیمت پانچ درہم تھی۔

---

**5945**- اخرجه الحاكم فی المستدرك جلد **4** صفحه **215** وقال: صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه بهذه السياقة انما اتفقا على حديث ابن عباس العين حق' ووافقه الذهبی۔

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي وَاقِدٍ إِلَّا وُهَيْبٌ، وَلَا يُرْوَى عَنْ سَعْدٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث ابوواقد سے وہیب روایت کرتے ہیں۔ حضرت سعد سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**5947** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: ثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ أَبِي وَاقِدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَضَرَ إِمَامًا فَلْيَقُلْ خَيْرًا، أَوْ فَلْيَسْكُتْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو امام کے پاس آئے وہ بہتر بات کرے یا خاموش رہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي وَاقِدٍ إِلَّا وُهَيْبٌ

یہ حدیث ابوواقد سے وہیب روایت کرتے ہیں۔

**5948** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ قَالَ: أَنَا جَعْفَرٌ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَرَدَّ عَلَيْهِ، ثُمَّ جَلَسَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَشْرٌ . ثُمَّ جَاءَ آخَرُ فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللَّهِ، فَرَدَّ عَلَيْهِ، ثُمَّ جَلَسَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عِشْرُونَ . ثُمَّ جَاءَ آخَرُ فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ، فَرَدَّ عَلَيْهِ، ثُمَّ جَلَسَ، فَقَالَ: ثَلَاثُونَ حَسَنَةً

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: السلام علیکم! آپ نے اس کا جواب دیا' پھر وہ بیٹھ گیا' حضور ﷺ نے فرمایا: دس نیکیاں' پھر دوسرا آیا اور عرض کی: السلام علیکم ورحمۃ اللہ! آپ نے اس کے سلام کا جواب دیا' پھر وہ بیٹھ گیا' حضور ﷺ نے فرمایا: بیس نیکیاں! پھر تیسرا آدمی آیا اور عرض کی: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! آپ نے اس کے سلام کا جواب دیا اور فرمایا: تیس نیکیاں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَوْفٍ إِلَّا جَعْفَرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث عوف سے جعفر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن کثیر اکیلے ہیں۔ حضرت عمران بن حصین سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**5948**- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد4صفحه351 رقم الحديث: 5195' والترمذي: الاستئذان جلد5صفحه52 رقم الحديث: 2689 وقال: حسن صحيح غريب . والدارمي: الاستئذان جلد 2صفحه360 رقم الحديث: 2640' وأحمد: المسند جلد4صفحه537 رقم الحديث: 19970 .

Marfat.com

**5949** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي هَارُونَ الْعَبْدِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كُنَّا حَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ رَجُلٌ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ . فَقَالَ النَّبِيُّ عَلَيْهِ السَّلَامُ: عَشْرُ حَسَنَاتٍ . ثُمَّ جَاءَ آخَرُ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ . فَقَالَ النَّبِيُّ عَلَيْهِ السَّلَامُ: عِشْرُونَ . ثُمَّ جَاءَ آخَرُ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ . فَقَالَ النَّبِيُّ عَلَيْهِ السَّلَامُ: ثَلَاثُونَ حَسَنَةً

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضورﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: السلام علیکم! آپ نے اس کا جواب دیا' پھر وہ بیٹھ گیا' حضورﷺ نے فرمایا: دس نیکیاں' پھر دوسرا آیا اور عرض کی: السلام علیکم ورحمۃ اللہ! آپ نے اس کے سلام کا جواب دیا' پھر وہ بیٹھ گیا' حضورﷺ نے فرمایا: بیس نیکیاں! پھر تیسرا آدمی آیا اور عرض کی: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! آپ نے اس کے سلام کا جواب دیا اور فرمایا: تیس نیکیاں۔

**5950** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُومُ اِلَى جِذْعٍ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَجْعَلَ الْمِنْبَرَ، فَلَمَّا جُعِلَ الْمِنْبَرُ حَنَّ الْجِذْعُ حَتَّى سَمِعْنَا حَنِينَهُ، فَوَضَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَدَهُ عَلَيْهِ فَسَكَنَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ منبر بننے سے پہلے کھجور کے تنے کا سہارا لے کر خطبہ دیتے تھے' جب منبر بنالیا گیا تو وہ تنا رونے لگا یہاں تک کہ ہم نے اس کی سسکیاں سنیں' حضورﷺ نے اپنا دست مبارک رکھا تو وہ خاموش ہوگیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ

یہ حدیث زہری سے سلیمان بن کثیر روایت کرتے ہیں۔

**5951** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْمُبَارَكِ الْعَيْشِيُّ قَالَ: نا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ، يَقُولُ:

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میری دونوں آنکھیں خراب ہوگئیں' حضورﷺ نے میری آنکھ خراب ہونے پر عیادت کی' آپ نے فرمایا: اے زید! اگر تیری دونوں آنکھیں ایسی ہی رہیں تو تم کیا

---

**5951**- أخرجه أبو داؤد: الجنائز جلد 3 صفحه 183 رقم الحديث: 3102 مختصرًا . وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 458 رقم الحديث: 19369 . والطبراني في الكبير جلد 5 صفحه 190 رقم الحديث: 5052 .

Marfat.com

رَمِدَتْ عَيْنَایَ، فَعَادَنِی النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی الرَّمَدِ، فَقَالَ: يَا زَيْدُ، لَوْ اَنَّ عَيْنَيْكَ لِمَا بِهِمَا، كَيْفَ كُنْتَ تَصْنَعُ؟ قَالَ: كُنْتُ اَصْبِرُ وَاَحْتَسِبُ . قَالَ: يَا زَيْدُ لَوْ اَنَّ عَيْنَيْكَ لِمَا بِهِمَا، فَصَبَرْتَ وَاحْتَسَبْتَ لَمْ يَكُنْ لَكَ ثَوَابٌ اِلَّا الْجَنَّةُ

کرو گے؟ عرض کی: میں صبر کروں گا اور ثواب حاصل کروں گا۔ آپ نے فرمایا: اے زید! اگر تیری آنکھیں ایسی ہی رہیں تو صبر کرے اور ثواب حاصل کرے تو تیرے لیے اس کا بدلہ صرف جنت ہی ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ اِلَّا ابْنُهُ يُونُسُ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو قُتَيْبَةَ

یہ حدیث ابواسحاق سے ان کے بیٹے یونس روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوقتیبہ اکیلے ہیں۔

**5952** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيدِ الرَّقَّامُ قَالَ: نا عَبْدُ الْاَعْلَى قَالَ: نا حُمَيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِی سَفَرٍ، فَسَمِعَ قَائِلًا يَقُولُ: اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ . فَقَالَ: عَلَى الْفِطْرَةِ فَقَالَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ قَالَ: خَرَجَ مِنَ النَّارِ فَابْتَدَرَهُ الْقَوْمُ، فَاِذَا رَاعِی غَنَمٍ، حَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَاَذَّنَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک سفر میں تھے، آپ نے آواز سنی وہ پڑھ رہا تھا: اللہ اکبر! آپ نے فرمایا: فطرت پر ہے، اس نے پڑھا: اشہدان لا الٰہ الا اللہ! آپ نے فرمایا: جہنم سے نکل گیا، قوم نے اس کو دیکھنے کے لیے جلدی کی تو وہ ایک بکریاں چرانے والا تھا، نماز کا وقت ہوا تو اُس نے اذان دی۔

**5953** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا اَبُو يَعْلَى التَّوْزِیُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُؤْمِنُ الَّذِی

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤمن وہ ہے جو لوگوں کے ساتھ مل جل کر رہتا ہے اور ان کی تکلیفوں پر صبر کرتا ہے۔

---

**5952**- أخرجه مسلم: الصلاة جلد**1**صفحه**288**' والترمذي: السير جلد**4**صفحه**163** رقم الحديث:**1618** .

**5953**- أخرجه الترمذي: القيامة جلد **4**صفحه**662** رقم الحديث: **2507** من طريق شعبة' عن سليمان الأعمش' عن يحيى بن وثاب' عن شيخ من أصحاب النبي ﷺ فذكره وقال أبو موسى: قال ابن أبي عدي: كان شعبة يرى أنه ابن عمر . وابن ماجة: الفتن جلد **2**صفحه**1338** رقم الحديث: **4032**' وأحمد: المسند جلد **5**صفحه**428** رقم الحديث: **23161** .

Marfat.com

يُخَالِطُ النَّاسَ، وَيَصْبِرُ عَلَى اَذَاهُمْ اَفْضَلُ مِنَ الْمُؤْمِنِ الَّذِي لَا يُخَالِطُ النَّاسَ، وَلَا يَصْبِرُ عَلَى اَذَاهُمْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُصَيْنٍ اِلَّا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو يَعْلَى التَّوْزِيُّ

یہ حدیث حضرت حصین سے سفیان بن عیینہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابویعلیٰ التوزی اکیلے ہیں۔

**5954** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّكُمْ رَاعٍ، وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں ہر کوئی نگہبان ہے اور ہر ایک سے نگہبانی کے متعلق پوچھا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ اِلَّا سُفْيَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ الرَّمَادِيُّ

یہ حدیث یزید سے سفیان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں الرمادی اکیلے ہیں۔

**5955** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا اَبُو مَعْنٍ الرَّقَاشِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْاَعْلَى قَالَ: ثَنَا سَعِيدُ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: غَلَا السِّعْرُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، سَعِّرْ لَنَا فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمُسَعِّرُ، اِنِّي لَاَرْجُو اَنْ اَلْقَى اللّٰهَ وَلَيْسَ اَحَدٌ مِنْكُمْ يُطَالِبُنِي بِمَظْلِمَةٍ فِي دِينٍ، وَلَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے زمانہ میں غلہ مہنگا ہوگیا' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے لیے نرخ مقرر کریں' آپ نے فرمایا: نرخ اللہ عزوجل مقرر کرنے والا ہے' میں اُمید کرتا ہوں کہ اللہ عزوجل اس کے متعلق کوئی بات میرے دل میں ڈالے گا' تم میں سے کوئی مجھ سے مطالبہ نہ کرے اپنی زیادتی کا' قیامت اور دنیا میں۔

**5954**- أخرجه أبو نعيم في الحلية جلد7صفحه318 وقال: غريب من حديث سفيان' عن يزيد تفرد به: ابراهيم .

**5955**- أخرجه ابن ماجة: التجارات جلد 2صفحه742 رقم الحديث: 2201 . في الزوائد: في اسناده سعيد بن أبي عروبة' اختلط بآخره لكن عبد الأعلى الشامي روى عنه قبل الاختلاط . ومحمد بن زياد' قال الذهبي: روى له البخاري مقرونًا بغيره . وقال ابن حبان: في الثقات وربما أخطأ . وباق رجال الاسناد ثقات . وأحمد: المسند جلد3صفحه105 رقم الحديث: 11815 .

Marfat.com

دُنْيَا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ إِلَّا عَبْدُ الْأَعْلَى، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

حضرت جریری سے یہ حدیث عبدالاعلیٰ روایت کرتے ہیں۔ حضرت ابوسعید الخدری سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**5956** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ سُلَيْمَانَ، مُؤَذِّنُ مَسْجِدِ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ قَالَ: ثَنَا أَبِي قَالَ: ثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَشِّرِ الْمَشَّائِينَ فِي الظُّلَمِ بِاللَّيْلِ إِلَى الْمَسَاجِدِ بِالنُّورِ التَّامِّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن مکمل نور کی خوشخبری ان کے لیے ہے جو اندھیری رات میں مسجدوں کی طرف چل کر آتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ إِلَّا دَاوُدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُهُ سُلَيْمَانُ

یہ حدیث ثابت سے داؤد بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے سلیمان اکیلے ہیں۔

**5957** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ قَالَ: نا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَأَلْتُ رَبِّيَ اللَّاهِينَ مِنْ ذُرِّيَّةِ الْبَشَرِ، فَأَعْطَانِيهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے اپنے رب سے انسان کے کھیلنے والے بچوں کے متعلق سوال کیا تو مجھے اللہ نے یہ عطا کیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِسْحَاقَ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ إِلَّا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ

یہ حدیث زہری سے عبدالرحمٰن بن اسحاق اور عبدالرحمٰن سے فضیل بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن متوکل اکیلے ہیں۔

---

**5956**- اخرجه ابن ماجة: المساجد جلد 1 صفحه 256 رقم الحديث: 781 . وفي الزوائد: اسناده ضعيف . والحاكم في المستدرك جلد 1 صفحه 212، والبيهقي في الكبرى جلد 3 صفحه 90 رقم الحديث: 4976 .

Marfat.com

الْمُتَوَكِّلِ

5958 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ قَالَ: نا اِسْرَائِيلُ، عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى، عَنْ بِلَالِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ بْنِ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ الْحَجَّاجَ اَرَادَ اَنْ يُجْعَلَ اِلَيْهِ قَضَاءُ الْبَصْرَةِ، فَقَالَ اَنَسٌ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ طَلَبَ الْقَضَاءَ، وَاسْتَعَانَ عَلَيْهِ، وُكِلَ اِلَى نَفْسِهِ، وَمَنْ لَمْ يَطْلُبْهُ، وَلَمْ يَسْتَعِنْ عَلَيْهِ اَنْزَلَ عَزَّ وَجَلَّ مَلَكًا يُسَدِّدُهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حجاج نے (مجھے) بصرہ کا قاضی بنانے کا ارادہ کیا۔ حضرت انس فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے قاضی بننے کے لیے مطالبہ کیا‘ اس کے لیے مدد طلب کی‘ وہ سپرد کر دی جائے گی‘ جس نے مطالبہ نہیں کیا اور مدد طلب نہیں کی تو اللہ عزوجل اس کی راہنمائی کرنے کے لیے ایک فرشتے کو مقرر کر دے گا۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْاَعْلَى الثَّعْلَبِيُّ

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالاعلیٰ ثعلبی اکیلے ہیں۔

5959 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ قَالَ: نا اَبُو ظُفُرٍ عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ مُطَهَّرٍ قَالَ: نا نَافِعٌ اَبُو هُرْمُزٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَاءَ ثَلَاثَةُ نَفَرٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ الْاَوَّلُ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَرَدَّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَلَامٌ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ فَجَاءَ الثَّانِي، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، فَرَدَّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَلَامٌ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ وَجَاءَ الثَّالِثُ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، فَرَدَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ تین آدمی حضور ﷺ کے پاس آئے‘ پہلے نے کہا: السلام علیکم! حضور ﷺ نے اس کا جواب دیا: السلام علیکم ورحمۃ اللہ! دوسرا آیا اور عرض کی: السلام علیکم ورحمۃ اللہ! حضور ﷺ نے اس کا جواب دیا: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! تیسرا آیا اور عرض کی: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! حضور ﷺ نے اس کا جواب دیا: وعلیکم! ابوالفتیٰ حضور ﷺ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے‘ عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے فلاں فلاں کے لیے اضافہ کیا اور میرے بیٹے کے لیے کوئی اضافہ نہیں کیا؟ حضور ﷺ نے فرمایا: ہم نے

5958- أخرجه أبو داؤد: الأقضية جلد3صفحه298 رقم الحديث: 3578‘ والترمذي: الأحكام جلد 3صفحه605 رقم الحديث: 1323-1324‘ وابن ماجة: الأحكام جلد 2صفحه774 رقم الحديث: 2309‘ وأحمد: المسند جلد3صفحه270 رقم الحديث: 13307 .

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَعَلَيْكُمْ . وَأَبُو الْفَتَى جَالِسٌ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْتَ فُلَانًا، وَفُلَانًا، وَلَمْ تَزِدِ ابْنِي شَيْئًا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا وَجَدْنَا لَهُ مَزِيدًا، فَرَدَدْنَا عَلَيْهِ مَا قَالَ

اضافہ کرنے کے لیے کوئی پایا نہیں اس لیے ہم نے وہی جواب دیا جو اس نے کہا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِكْرِمَةَ إِلَّا نَافِعٌ أَبُو هُرْمُزٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ مُطَهَّرٍ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث عکرمہ سے نافع ابوھرمز روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالسلام بن مطہر اکیلے ہیں۔ حضرت ابن عباس سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**6111** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ بُكَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عُكَاشَةَ الْكِرْمَانِيَّ، يَقُولُ: اَخْبَرَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ حَمَّادٍ الْكِرْمَانِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: مَنِ اغْتَسَلَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ فَقَرَاَ فِيهِمَا اَلْفَ مَرَّةٍ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، ثُمَّ نَامَ عَلَى طُهْرٍ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَنَامِ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عُكَاشَةَ: دُمْتُ عَلَيْهِ اَكْثَرَ مِنْ سَنَتَيْنِ اَغْتَسِلُ فِي كُلِّ لَيْلَةِ جُمُعَةٍ، اُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ اَقْرَاُ فِيهِمَا: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَلْفَ مُرَّةٍ طَمَعًا اَنْ اَرَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَنَامِ، فَصَلَّيْتُ لَيْلَةَ جُمُعَةٍ رَكْعَتَيْنِ، قَرَاْتُ فِيهِمَا: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَلْفَ مَرَّةٍ، فَلَمَّا اَخَذْتُ مَضْجَعِي اَصَابَنِي حُلْمٌ، فَقُمْتُ فَاغْتَسَلْتُ، وَصَلَّيْتُ رَكْعَتَيْنِ، قَرَاْتُ فِيهِمَا: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَلْفَ مَرَّةٍ، فَلَمَّا فَرَغْتُ مِنْهُمَا كَانَ وَقْتَ السَّحَرِ اسْتَنَدْتُ اِلَى الْحَائِطِ وَوَجْهِي اِلَى الْقِبْلَةِ، فَدَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَلَى النَّعْتِ، وَالصِّفَةِ وَعَلَيْهِ بُرْدَانِ مِنْ هَذِهِ الْبُرُودِ الْيَمَانِيَةِ قَدْ تَاَزَّرَ بِوَاحِدٍ، وَارْتَدَى بِالْآخَرِ، فَجَاءَ فَاسْتَوَى عَلَى رِجْلِهِ الْيُسْرَى، وَاَقَامَ الْيُمْنَى، قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عُكَاشَةَ: فَاَرَدْتُ اَنْ اَقُولَ: حَيَّاكَ اللّٰهُ، فَبَدَاَنِي، فَقَالَ: حَيَّاكَ اللّٰهُ، وَكُنْتُ اُحِبُّ اَنْ اَرَى ثَنِيَّتَهُ الْمَكْسُورَةَ، فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَظَرْتُ اِلَى رَبَاعِيَتِهِ الْمَكْسُورَةِ. فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ الْفُقَهَاءَ قَدْ خَلَطُوا عَلَيَّ،

حضرت زہری فرماتے ہیں: جو آدمی جمعہ کی رات کو غسل کرے اور دو رکعت نفل پڑھے ان دونوں رکعتوں میں ایک ہزار مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھے پھر باوضو سو جائے اس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت ہو گی۔ حضرت محمد بن عکاشہ فرماتے ہیں: میں دو سال سے زیادہ سے کر رہا ہوں کہ ہر جمعہ کی رات کو غسل کرتا ہوں اور دو رکعت نفل پڑھتا ہوں ان دونوں رکعتوں میں ایک ہزار مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھتا ہوں اس طمع سے کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت ہو میں نے ایک جمعہ کی رات کو دو رکعت پڑھیں اور ان دونوں میں ایک ہزار مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھی جب میں بستر پر سویا تو مجھے احتلام ہو گیا میں اُٹھا اور غسل کیا اور دو رکعت پڑھیں ان دونوں رکعتوں میں ہزار مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھی جب میں پڑھ کر فارغ ہوا تو سحری کا وقت تھا میں نے دیوار سے ٹیک لگائی اور اپنا چہرہ قبلہ کی طرف کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس آئے اس صفت طریقے پر کہ آپ نے دو چادریں لی ہوئی تھیں یمنی اور ایک کا آپ نے تہبند پہن رکھا تھا دوسری اوپر اوڑھی ہوئی تھی۔ آپ نے بایاں پاؤں سیدھا کیا اور دائیں کو کھڑا کیا۔ محمد بن عکاشہ فرماتے ہیں: میں نے آپ سے بات کرنے کا ارادہ کیا کہ اللہ آپ کو زندہ رکھے! آپ نے مجھ سے ابتداء کی فرمایا: اللہ آپ کو سلامت رکھے! میں پسند کرتا تھا کہ آپ کا وہ دانت دیکھوں جو شہید ہوا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تبسم فرمایا تو میں نے شہید دانت مبارک دیکھے میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! فقہاء نے مجھ پر کچھ

Marfat.com

وَعِنْدِی اَصْلَانِ مِنَ السُّنَّةِ، فَاَعْرِضُهُنَّ عَلَيْكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ: الرِّضَا بِقَضَاءِ اللّٰهِ، وَالتَّسْلِيمُ لِاَمْرِ اللّٰهِ، وَالصَّبْرُ عَلَى حُكْمِهِ، وَالْاَخْذُ بِمَا اَمَرَ اللّٰهُ، وَالنَّهْيُ عَمَّا نَهَى اللّٰهُ، وَاِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰهِ، وَالْاِيمَانُ بِالْقَدَرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ مِنَ اللّٰهِ، وَتَرْكُ الْمِرَاءِ وَالْخُصُومَاتِ فِي الدِّينِ، وَالْمَسْحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَالْجِهَادُ مَعَ كُلِّ خَلِيفَةٍ، وَصَلَاةُ الْجُمُعَةِ مَعَ كُلِّ بَرٍّ، وَفَاجِرٍ، وَالصَّلَاةُ عَلَى مَنْ مَاتَ مِنْ اَهْلِ الْقِبْلَةِ، وَالْاِيمَانُ قَوْلٌ وَعَمَلٌ يَزِيدُ وَيَنْقُصُ، وَالْقُرْآنُ كَلَامُ اللّٰهِ غَيْرُ مَخْلُوقٍ، وَالصَّبْرُ تَحْتَ لِوَاءِ السُّلْطَانِ عَلَى مَا كَانَ فِيهِ مِنْ عَدْلٍ اَوْ جَوْرٍ، وَلَا يُخْرَجُ عَلَى الْاُمَرَاءِ بِالسَّيْفِ وَاِنْ جَارُوا، وَلَا يُنْزَلُ اَحَدٌ مِنْ اَهْلِ الْقِبْلَةِ جَنَّةً، وَلَا نَارًا، وَلَا يُكَفَّرُ اَحَدٌ مِنْ اَهْلِ التَّوْحِيدِ، وَاِنْ عَمِلُوا بِالْكَبَائِرِ، وَالْكَفُّ عَنْ مَسَاوِءِ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَفْضَلُ النَّاسِ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبُو بَكْرٍ، ثُمَّ عُمَرُ ۔ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عُكَاشَةَ: فَوَقَفْتُ عِنْدَ عُثْمَانَ، وَعَلِيٍّ، فَاِنِّي هِبْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اُفَضِّلَ عُثْمَانَ عَلَى عَلِيٍّ، قُلْتُ فِي نَفْسِي: عَلِيٌّ ابْنُ عَمِّهِ، وَعُثْمَانُ خَتَنُهُ، فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَنَّهُ قَدْ عَلِمَ، ثُمَّ قَالَ: عُثْمَانُ، ثُمَّ عَلِيٌّ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذِهِ السُّنَّةُ، تَمَسَّكْ بِهَا وَضَمَّ اَصَابِعَهُ، وَعَقَدَ عَلَى ثَلَاثَةٍ وَتِسْعِينَ، وَضَمَّ اِبْهَامَهُ فَوْقَ

ملایا ہے' میرے پاس حدیث کی اصلیں ہیں' آپ کو سناؤں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! میں نے عرض کی: رضا اللہ کا فیصلہ ہے' سلامتی اللہ کا حکم ہے' صبر اس کا حکم ہے' جس کا اللہ نے حکم دیا ہے اس کو پکڑنا' جس سے اللہ نے منع کیا اس سے باز رہنا' اللہ کے لیے عبادت خلوص سے کرنا' اچھی اور بُری تقدیر پر ایمان لانا' دکھاوا چھوڑنا اور دین میں جھگڑے چھوڑنا' موزوں پر مسح کرنا' ہر نائب دشمن سے جہاد کرنا' ہر اچھے بُرے کے ساتھ نمازِ جمعہ پڑھنا' جو بھی لا الہ الا اللہ پڑھنے والا ہو اس کا جنازہ پڑھنا' ایمان نام قول اور عمل کا ہے' زیادہ اور کم ہوتا ہے' قرآن اللہ کا کلام ہے مخلوق نہیں ہے' بادشاہ کے جھنڈے کے نیچے صبر کرنا' چاہے وہ بادشاہ عادل ہو یا ظالم ہو' کسی بادشاہ کے خلاف تلوار لے کر نکلنا درست نہیں ہے اگرچہ وہ ظالم ہو' لا الہ الا اللہ پڑھنے والا جنت میں جائے گا' کبیرہ گناہ کرنے والا ایمان سے نہیں نکلتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کی بُرائی بیان کرنے سے رُک جانا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد افضل ابوبکر پھر عمر ہیں۔ محمد بن عکاشہ فرماتے ہیں: میں حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کے متعلق بات کرنے سے رُک گیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ڈر گیا کہ میں حضرت عثمان کو حضرت علی سے افضل قرار دوں۔ میں نے اپنے دل میں کہا: حضرت علی آپ کے چچا زاد ہیں اور حضرت عثمان آپ کے داماد ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تبسم فرمایا کیونکہ آپ جانتے تھے پھر آپ نے فرمایا: عمر کے بعد افضل عثمان ہے پھر علی

Marfat.com

اَصَابِعَهُ . قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عُكَاشَةَ: عَرَضْتُ عَلَيْهِ هَذِهِ الْاُصُولَ ثَلَاثَ لَيَالٍ، كُلَّ لَيْلَةٍ اَقِفُ عِنْدَ عَلِيٍّ وَعُثْمَانَ، فَتَبَسَّمَ عِنْدَ وُقُوفِي، كَاَنَّهُ قَدْ عَلِمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ يَقُولُ: عُثْمَانُ ثُمَّ عَلِيٌّ، تَمَسَّكْ بِهَا . قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عُكَاشَةَ: كُنْتُ اَعْرِضُ عَلَيْهِ هَذِهِ الْاُصُولَ وَعَيْنَاهُ تَهْطِلَانِ بَكَّاءً، اِنْ قُلْتُ: وَالْكَفُّ عَنْ مَسَاوِءِ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْتَحَبَ حَتَّى عَلَا صَوْتُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عُكَاشَةَ: وَجَدْتُ بَعْدَ رُؤْيَايَ حَلَاوَةً فِي فَمِي وَقَلْبِي، فَكُنْتُ ثَمَانِيَةَ اَيَّامٍ لَا آكُلُ طَعَامًا، حَتَّى ضَعُفْتُ عَنْ صَلَاةِ الْفَرِيضَةِ، فَلَمَّا اَكَلْتُ الطَّعَامَ ذَهَبَتْ تِلْكَ الْحَلَاوَةُ مِنْ فَمِي

ہے۔ حضورﷺ نے فرمایا: یہ سنت ہے اس کو پکڑ' یعنی اس پر عمل کر۔ آپ نے اپنی انگشت مبارک ملائیں اور انگوٹھے کو انگلی کے اوپر رکھا۔ حضرت محمد بن عکاشہ فرماتے ہیں: یہ اصول تین رات تک پیش آتے رہے ہر رات میں' حضرت علی وعثمان کے متعلق بات کرتے ہوئے خاموش ہو جاتا' آپ میرے رُکنے پر تبسم فرماتے کیونکہ آپ جانتے تھے' پھر فرماتے: عمر کے بعد عثمان پھر علی ہیں' اس پر عمل کر۔ حضرت محمد بن عکاشہ فرماتے ہیں: یہ اصول میں نے آپ پر پیش کیے اس حالت میں کہ دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ میں نے کہا: میں حضورﷺ کے اصحاب کی بُرائی بیان کرنے سے خاموش رہوں گا۔ حضرت محمد بن عکاشہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب کے بعد اس کی مٹھاس اپنے منہ اور دل میں پائی۔ میں نے آٹھ دن تک کوئی شی نہیں کھائی یہاں تک کہ میں فرض نماز ادا کرنے سے کمزور ہو گیا' جب میں نے کھانا کھایا تو مجھ سے مٹھاس چلی گئی۔

**6112** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ شِبْلٍ اَبُو شِبْلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي النُّعْمَانُ بْنُ شِبْلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ الْمَخْرَمِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَطَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مِجَنٍّ قِيمَتُهُ ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے ایسی ڈھال کے چوری کرنے پر ہاتھ کاٹا جس کی قیمت تین درہم تھی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ

یہ حدیث اسماعیل بن محمد بن سعد سے عبداللہ بن

**6112**- أخرجه النسائي: السارق جلد8صفحه69 (باب القدر الذى اذا سرقه السارق قطعت يده) بنحوه .

Marfat.com

مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَخْزُومِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ النُّعْمَانُ بْنُ شِبْلٍ

جعفر مخزومی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں نعمان بن شبل اکیلے ہیں۔

**6113** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ شِبْلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي رَوْقٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فِي قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (مَا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا قَلِيلٌ) (الكهف: 22)، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَنَا مِنْ أُولَئِكَ الْقَلِيلِ مكسمليثا، وتمليخا وَهُوَ الْمَبْعُوثُ بِالْوَرِقِ إِلَى الْمَدِينَةِ، وَمرطولس، وَيشبونس، وَذرتونس، وَكفاشطيطوس، وَمنطنواسيسوس وَهُوَ الرَّاعِي وَالْكَلْبُ اسْمُهُ قِطْمِيرُ، دُونَ الْكُرْدِيِّ، وَفَوْقَ الْقِبْطِيِّ، لَا أَظُنُّ فَوْقَ الْقِبْطِيِّ قَالَ أَبُو شُبَيْلٍ: قَالَ أَبِي: بَلَغَنِي أَنَّهُ مَنْ كَتَبَ هَذِهِ الْأَسْمَاءَ فِي شَيْءٍ وَطَرَحَهُ فِي حَرِيقٍ سَكَنَ الْحَرِيقُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' اللہ عزوجل کے اس ارشاد ''اصحاب کہف کو بہت کم لوگ جانتے ہیں'' کے متعلق فرماتے ہیں: وہ لوگ بہت تھوڑے تھے: مکسملیثا اور تملیخا یہ شہر میں چاندی لے کر گئے تھے' مرطولس' یشبونس' ذرتونس' کفاشطیطوس' منطنواسیسوس تھے' کتے کا نام قطمیر تھا' جو کردی سے کم اور قبطی سے بڑا' میں خیال نہیں کرتا ہوں کہ وہ قبطی سے بڑا تھا۔ ابوشبیل فرماتے ہیں: مجھے میرے والد نے بتایا کہ جو یہ اصحاب کہف کے نام کسی شی پر لکھے' اس کو آگ میں ڈالے تو وہ آگ بجھ جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي رَوْقٍ إِلَّا ابْنُهُ يَحْيَى

یہ حدیث ابوروق سے ان کے بیٹے یحییٰ روایت کرتے ہیں۔

**6114** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ شِبْلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ النُّعْمَانِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَمِّ أَبِي، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْعَلَاءِ الرَّازِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ أَبِي أُمَيَّةَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ زَارَ قَبْرَ أَبَوَيْهِ أَوْ أَحَدِهِمَا فِي كُلِّ جُمُعَةٍ غُفِرَ لَهُ، وَكُتِبَ بَرًّا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اپنے والدین دونوں یا کسی ایک کی قبر کی زیارت ہر جمعہ کو کرے' تو اس کو بخش دیا جائے گا اور اس کے لیے نیکی لکھی جائے گی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

حضور ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت

Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهٖ يَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ

ہے۔اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن علاء اکیلے ہیں۔

**6115** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ مِنَ الدُّعَاءِ شَيْءٌ لَا يُرَدُّ؟ قَالَ: نَعَمْ، تَقُولُ: اَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ الْاَعْلَى الْاَعَزِّ الْاَجَلِّ الْاَكْرَمِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ایسی دعا ہے کہ جو رد نہ کی جاتی ہو؟ فرمایا: جی ہاں! تو عرض کر "اسئلك باسمك الاعلی الاعز الاجل والاکرام"۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُثْمَانَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهٖ يَعْقُوبُ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں یعقوب بن جعفر اکیلے ہیں۔

**6116** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ لِي عُثْمَانُ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ زَوَّجَنِي ابْنَتَهُ الْاُخْرَى: لَوْ اَنَّ عِنْدِي عَشْرًا لَزَوَّجْتُكَهُنَّ وَاحِدَةً بَعْدَ وَاحِدَةٍ، فَاِنِّي عَنْكَ لَرَاضٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت عثمان نے کہا کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس وقت آپ نے اپنی دوسری بیٹی کی شادی مجھ سے کی: اگر میرے ہاں دس بیٹیاں ہوتیں تو یکے بعد دیگرے دوسری سے کرتا کیونکہ میں آپ سے خوش ہوں۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عُثْمَانَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهٖ يَعْقُوبُ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث ابن عباس، حضرت عثمان سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یعقوب بن جعفر اکیلے ہیں۔

**6117** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ كُرَازٍ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ صُهْبَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بھلائی نیک لوگوں کے وسیلہ سے مانگو۔

Marfat.com

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُطْلُبُوا الْخَيْرَ عِنْدَ حِسَانِ الْوُجُوهِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا عُمَرُ بْنُ صُهْبَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ كُرَّانَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ جَابِرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے عمر بن اصبہان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن کران اکیلے ہیں۔ حضرت جابر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**6118** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: نا اِسْرَائِيلُ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حَصِيرَةَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ: رَاَى اِنْسَانًا بِهِ بَلَاءٌ، فَقَالَ: لَعَلَّكَ سَاَلْتَهُ اَنْ يُعَجِّلَ لَكَ الْبَلَاءَ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَهَلَّا سَاَلْتَ اللّٰهَ الْعَافِيَةَ، وَقُلْتَ: اللّٰهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک آدمی کو حالتِ آزمائش میں دیکھا' فرمایا: ہوسکتا ہے کہ تُو نے اپنے لیے جلدی آزمائش مانگ لی ہو؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: کیا تُو اللہ عزوجل سے عافیت نہیں مانگ سکتا' تو عرض کی: اے اللہ! مجھے دنیا اور آخرت میں اچھائی عطا کر اور ہم کو عذابِ قبر سے محفوظ رکھ۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حَصِيرَةَ اِلَّا اِسْرَائِيلُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ بُرَيْدَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث حارث بن حصیرہ سے اسرائیل روایت کرتے ہیں۔ حضرت بریدہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**6119** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيهِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيهِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مَرْوَانَ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَقَالَ لَهُمْ: اِنْ نَزَلَ

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنی عبدالمطلب کو جمع کیا' ان کو فرمایا: اگر تم میں سے کسی پر غم' مشکل یا بیماری آئے تو وہ عرض کرے' تین مرتبہ: ''اللّٰه ربی لا اشرك به شيئًا''۔ حضرت مسعر فرماتے ہیں: یہ کلام حضرت عمر بن عبدالعزیز نے مرتے وقت کہا ہے۔

---

**6119**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 2 صفحه 88 رقم الحديث: 1525' وابن ماجة: الدعاء جلد 2 صفحه 1277 رقم الحديث: 3882' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 401 رقم الحديث: 27147 بنحوه .

Marfat.com

بِأَحَدِكُمْ هَمٌّ، أَوْ غَمٌّ، أَوْ كَرْبٌ، أَوْ سَقَمٌ، أَوْ لَأْوَاءَ فَلْيَقُلْ: اللّٰهُ رَبِّي، لَا أُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَ: وَكَانَ ذٰلِكَ آخِرُ كَلَامِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عِنْدَ الْمَوْتِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ إِلَّا الرَّمَادِيُّ

یہ حدیث سفیانہ بن عیینہ سے رمادی روایت کرتے ہیں۔

**6120** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بِسْطَامٍ الْأَصْفَرُ قَالَ: نا أَشْعَثُ بْنُ بَرَازٍ الْهُجَيْمِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الزُّهْدُ فِي الدُّنْيَا يُرِيحُ الْقَلْبَ، وَالْجَسَدَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دنیا سے بے رغبتی کرنے والے کا دل و جسم راحت میں رہتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ إِلَّا أَشْعَثُ بْنُ بَرَازٍ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ بِسْطَامٍ

یہ حدیث حضرت علی بن زید سے اشعث بن براز روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن بسطام اکیلے ہیں۔

**6121** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ ابْنُ عَائِشَةَ التَّيْمِيُّ قَالَ: ثنا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكُوفِيُّ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ حَتَّى يُرَى بَيَاضُ خَدِّهِ الْأَيْمَنُ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، وَعَنْ يَسَارِهِ مِثْلَ ذٰلِكَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ دائیں جانب سلام پھیرتے یہاں تک کہ آپ کا دایاں رخسار نظر آتا بائیں جانب سلام ایسے ہی پھیرتے تھے۔

---

**6121**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 260 رقم الحديث: 996' والترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 89 رقم الحديث: 295 . وقال: حسن صحيح . والنسائي: السهو جلد 3 صفحه 52 (باب كيف السلام على اليمين؟)' وابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 296 رقم الحديث: 914 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ إِلَّا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ

یہ حدیث حماد' ابراہیم سے' وہ علقمہ سے اور حماد بن ہشام بن عبدالرحمٰن اور محمد بن ابان روایت کرتے ہیں۔

**6122** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: نا أَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَبُو الْجَمَلِ، أَصْلُهُ يَمَامِيٌّ، سَكَنَ الْبَصْرَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ عَلَى الْمَرْأَةِ حُرُمٌ إِلَّا فِي وَجْهِهَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عورت پر کوئی شی حرام نہیں ہے مگر اس کے چہرے میں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا أَيُّوبُ أَبُو الْجَمَلِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ

یہ حدیث مرفوعاً عبیداللہ بن عمر سے ایوب ابوالجمل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن رجاء اکیلے ہیں۔

**6123** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي جَرِيرُ بْنُ أَيُّوبَ، عَنِ الْعَيْزَارِ بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: عَجِبْتُ لِلْمُؤْمِنِ، إِنْ أَصَابَهُ خَيْرٌ حَمِدَ اللَّهَ وَشَكَرَ، وَإِنْ أَصَابَتْهُ مُصِيبَةٌ حَمِدَ رَبَّهُ وَصَبَرَ، وَفِي كُلٍّ يُؤْجَرُ الْمُؤْمِنُ، حَتَّى فِي أَكْلَةٍ يَرْفَعُهَا إِلَى فِيهِ

حضرت عمر بن سعد رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مؤمن کے لیے تعجب ہے اگر اس کو بھلائی ملتی ہے تو وہ اللہ کی حمد اور اس کا شکر کرتا ہے' اگر کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو اللہ کی حمد اور صبر کرتا ہے' مؤمن کو ہر کام پر اجر دیا جاتا ہے یہاں تک کہ جو لقمہ اپنے منہ میں ڈالے اس کا بھی ثواب ملتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَرِيرِ بْنِ أَيُّوبَ إِلَّا ابْنُ رَجَاءٍ

یہ حدیث جریر بن ایوب سے ابن رجاء روایت کرتے ہیں۔

**6124** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: أَنَا جَرِيرُ بْنُ أَيُّوبَ قَالَ: نا عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ الْبَجَلِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: تمہارے پاس اس راستے سے یمن کا بہتر آدمی آئے گا' اس کا چہرہ

Marfat.com

بْنَ عَازِبٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَأْتِيكُمْ مِنْ هَذَا الْفَجِّ خَيْرُ ذِي يَمَنٍ، عَلَى وَجْهِهِ مِسْحَةُ مَلِكٍ قَالَ: فَمَا مِنَ الْقَوْمِ رَجُلٌ إِلَّا وَهُوَ يَتَمَنَّى أَنْ يَكُونَ مِنْهُ، إِذْ طَلَعَ عَلَيْهِمْ رَاكِبٌ، فَانْتَهَى إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَزَلَ عَنْ رَاحِلَتِهِ، فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخَذَ بِيَدِهِ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، وَبَايَعَهُ، وَهَاجَرَ قَالَ: مَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: أَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيُّ، فَأَجْلَسَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى جَنْبِهِ، وَمَسَحَ بِيَدِهِ عَلَى رَأْسِهِ وَوَجْهِهِ وَصَدْرِهِ وَبَطْنِهِ، حَتَّى انْحَنَى جَرِيرٌ حَيَاءً أَنْ يُدْخِلَ يَدَهُ تَحْتَ إِزَارِهِ، وَهُوَ يَدْعُو لَهُ بِالْبَرَكَةِ، وَلِذُرِّيَّتِهِ، ثُمَّ مَسَحَ رَأْسَهُ وَظَهْرَهُ، وَهُوَ يَدْعُو لَهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ الْبَجَلِيِّ إِلَّا جَرِيرُ بْنُ أَيُّوبَ

**6125** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بِسْطَامٍ الْأَصْفَرُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْقُرَشِيُّ، عَنْ جَمِيعِ بْنِ ثَوْبٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَنَا خَيْرُ النَّاسِ لِشِرَارِ أُمَّتِي قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَكَيْفَ أَنْتَ لِخِيَارِهَا؟ قَالَ: أَمَّا خِيَارُ أُمَّتِي فَيَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ بِأَعْمَالِهِمْ، وَأَمَّا شِرَارُهُمْ فَيَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِي

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ إِلَّا بِهَذَا

دُبلا اور خوبصورت ہوگا' قوم میں سے ہر آدمی تمنا کرے گا کہ ان سے وہ ہو' اچانک سوار آیا اور حضور ﷺ کے پاس اپنی سواری سے اُترا' حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ کا دست مبارک پکڑا' آپ کو سلام کیا اور بیعت کی اور چھوڑ دیا۔ آپ نے فرمایا: تم کون ہو؟ عرض کی: میں جریر بن عبداللہ بجلی ہوں' حضور ﷺ نے اپنے پاس بٹھا لیا' اپنا دست مبارک ان کے سر اور چہرے اور سینہ اور پیٹ پر پھیرا یہاں تک کہ حیاء سے جھک گئے' اپنا ہاتھ آپ کی چادر کے نیچے داخل کرنے لگے' آپ ان کے لیے اوران کی اولاد کے لیے برکت کی دعا کرنے لگے' پھر ان کے سر اور پیٹھ پر ہاتھ پھیرا' پھر آپ نے دعا فرمائی۔

یہ حدیث عامر بن سعد بجلی سے جریر بن ایوب روایت کرتے ہیں۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے' آپ نے فرمایا: میں اپنی اُمت کے گنہگار لوگوں کے لیے بہتر ہوں' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے نیک لوگ کیا کریں گے؟ آپ نے فرمایا: میری اُمت کے نیک لوگ جنت میں اپنے اعمال کے ذریعے داخل ہوں گے اور گنہگار میری شفاعت کی وجہ سے جنت میں داخل ہوں گے۔

یہ حدیث ابوامامہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

Marfat.com

الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ بِسْطَامٍ

**6126** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: ثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سَوِيَّةَ الْمِنْقَرِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عِكْرَاشٍ، عَنْ أَبِيهِ عِكْرَاشِ بْنِ ذُؤَيْبٍ قَالَ: بَعَثَنِي بَنُو مُرَّةَ بْنِ عُبَيْدٍ بِصَدَقَاتِ أَمْوَالِهِمْ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَدِمْتُ عَلَيْهِ الْمَدِينَةَ، فَوَجَدْتُهُ جَالِسًا بَيْنَ الْمُهَاجِرِينَ، وَالْأَنْصَارِ، فَقَدِمْتُ عَلَيْهِ بِإِبِلٍ كَأَنَّهَا عُرُوقُ الْأَرْطَى، فَقَالَ: مَنِ الرَّجُلُ؟، فَقُلْتُ: عِكْرَاشُ بْنُ ذُؤَيْبٍ قَالَ: ارْفَعْ فِي النَّسَبِ، فَقُلْتُ: ابْنُ حُرْقُوصِ بْنِ جَعْدَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ النَّزَّالِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ عُبَيْدٍ، هَذِهِ صَدَقَاتُ بَنِي مُرَّةَ بْنِ عُبَيْدٍ، فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: هَذِهِ إِبِلُ قَوْمِي، هَذِهِ صَدَقَاتُ قَوْمِي، ثُمَّ أَمَرَ بِهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تُوسَمَ بِمِيسَمِ إِبِلِ الصَّدَقَةِ، فَتُضَمَّ إِلَيْهَا. ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِي، فَانْطَلَقَ بِي إِلَى مَنْزِلِ أُمِّ سَلَمَةَ، فَقَالَ: هَلْ مِنْ طَعَامٍ؟ فَأُتِينَا بِجَفْنَةٍ كَثِيرَةِ الثَّرِيدِ، وَالْوَذْرِ، فَأَقْبَلْنَا نَأْكُلُ مِنْهَا، فَجَعَلْتُ أَخْبِطُ بِيَدِي فِي جَوَانِبِهَا، فَقَبَضَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ الْيُسْرَى عَلَى يَدِي

اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن بسطام اکیلے ہیں۔

حضرت عبیداللہ بن عکراش اپنے والد عکراش بن ذؤیب سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ مجھے بنومرہ بن عبید نے اپنے اموال کی زکوٰۃ لے کر حضور ﷺ کی طرف بھیجا' میں آپ کے پاس مدینہ آیا' میں نے آپ کو مہاجرین اور انصار کے درمیان بیٹھا پایا' میں آپ کے پاس اونٹ لے کر آیا' ان اونٹوں کی رگیں لمبی تھیں' آپ نے فرمایا: کون سے آدمی ہو؟ میں نے عرض کی: عکراش بن ذؤیب' آپ نے فرمایا: اپنا نسب بیان کرو! میں نے عرض کی: ابن حرقوص بن جعدہ بن عمرو بن نزال بن مرہ بن عبید' یہ زکوٰۃ بنی مرہ بن عبید کی طرف سے ہے۔ حضور ﷺ نے تبسم فرمایا' پھر فرمایا: یہ اونٹ میری قوم کے ہیں اور یہ صدقات میری قوم کے ہیں۔ پھر حضور ﷺ نے ان اونٹوں کو نشان لگانے کا حکم دیا' ان کو نشان لگایا گیا' پھر آپ نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے اُم سلمہ کے گھر لے گئے۔ آپ نے فرمایا: کیا کھانا ہے؟ ہمارے پاس ایک برتن لایا گیا اس میں ثرید اور وذر تھا' ہم اس سے کھانے لگے۔ میں اپنے ہاتھ کو اس پیالہ کے اردگرد گھومانے لگا۔ حضور ﷺ نے اپنے بائیں ہاتھ سے میرا دایاں ہاتھ پکڑ لیا' فرمایا: اے عکراش! ایک جگہ سے کھاؤ

**6126**- أخرجه الترمذی: الأطعمة جلد **4** صفحه **283** رقم الحديث: **1848** . وقال: غريب لا نعرفه الا من حديث العلاء بن الفضل' وقد تفرد العلاء بهذا الحديث' ولا نعرف لعكراش' عن النبی ﷺ الا هذا الحديث . وابن ماجة: الأطعمة جلد **2** صفحه **1089** رقم الحديث: **3274** مختصرًا . والطبرانی فی الكبير جلد **18** صفحه **82-83** رقم الحديث: **154** . وقال: وعلاء بن الفضل ضعيف وعبيد الله بن عكراش قال البخاری: لا يثبت حديثه .

Marfat.com

الْيُمْنَى، وَقَالَ: يَا عِكْرَاشُ، كُلْ مِنْ مَوْضِعٍ وَاحِدٍ، فَإِنَّهُ طَعَامٌ وَاحِدٌ، ثُمَّ أُتِينَا بِطَبَقٍ فِيهِ أَلْوَانٌ مِنْ رُطَبٍ، فَجَعَلْتُ آكُلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ، وَجَالَتْ يَدُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الطَّبَقِ، ثُمَّ قَالَ: يَا عِكْرَاشُ، كُلْ مِنْ حَيْثُ شِئْتَ، فَإِنَّهُ غَيْرُ طَعَامٍ وَاحِدٍ، ثُمَّ أُتِينَا بِمَاءٍ فَغَسَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ، وَمَسَحَ بِبَلَلِ كَفَّيْهِ، وَجْهَهُ، وَذِرَاعَيْهِ، وَرَأْسَهُ، ثُمَّ قَالَ: يَا عِكْرَاشُ، هَكَذَا الْوُضُوءُ مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عِكْرَاشِ بْنِ ذُؤَيْبٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْعَلَاءُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ أَبِي سَوِيَّةَ

کیونکہ کھانا ایک ہی قسم کا ہے' پھر ایک تھال لایا گیا اس میں مختلف قسم کی کھجوریں تھیں' میں اپنے آگے سے کھانے لگا' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سارے تھال سے کھا رہے تھے۔ پھر آپ نے فرمایا: اے عکراش! جہاں سے چاہو کھاؤ کیونکہ یہ کھانا ایک ہی نہیں ہے۔ پھر ہمارے پاس پانی لایا گیا' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ہاتھوں کو دھویا' اپنے ہاتھ کی تری کو اپنے چہرے اور کلائیوں اور اپنے سر سے مل دیا۔ پھر فرمایا: اے عکراش! آگ سے پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد اس طرح وضو کرنا چاہیے۔

یہ حدیث عکراش بن ذؤیب سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں علاء بن فضل بن ابوسویہ اکیلے ہیں۔

**6127** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: ثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سَوِيَّةَ الْمِنْقَرِيِّ قَالَ: شَهِدْتُ قَيْسَ بْنَ عَاصِمٍ وَهُوَ يُوصِي، فَجَمَعَ بَنِيهِ، وَهُمْ اثْنَانِ وَثَلَاثُونَ ذَكَرًا، فَقَالَ: يَا بَنِيَّ، إِذَا أَنَا مِتُّ، فَسَوِّدُوا أَكْبَرَكُمْ تَخْلُفُوا أَبَاكُمْ، وَلَا تُسَوِّدُوا أَصْغَرَكُمْ فَيُزْرِي بِكُمْ ذَاكَ عِنْدَ أَكْفَائِكُمْ، وَلَا تُقِيمُوا عَلَيَّ نَائِحَةً، فَإِنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ النِّيَاحَةِ، وَعَلَيْكُمْ بِإِصْلَاحِ الْمَالِ، فَإِنَّهَا مَنْبَهَةٌ لِلْكَرِيمِ، وَيَسْتَغْنِي بِهِ عَنِ اللَّئِيمِ، وَلَا تُعْطُوا رِقَابَ الْإِبِلِ إِلَّا فِي حَقِّهَا، وَلَا تَمْنَعُوهَا مِنْ حَقِّهَا، وَإِيَّاكُمْ وَكُلَّ عِرْقِ سُوءٍ، فَمَهْمَا سَرَّكُمْ يَوْمٌ فَمَا

عبدالملک بن ابی سویہ منقری فرماتے ہیں: میں قیس بن عاصم کے پاس حاضر ہوا جبکہ وہ وصیتیں فرما رہے تھے' پس اس نے اپنے بیٹوں کو جمع کیا جو کہ بتیس تھے۔ اس نے کہا: اے میرے بیٹے! جب میں اس دنیا سے گزر جاؤں تو سب سے بڑے بھائی کو اپنا سردار بنانا۔ اپنے بڑوں کے طریقے پر چلنا' سب سے چھوٹے کو سردار نہ بنانا' ورنہ یہ بات برادری میں تمہارے لیے عیب ہو گی' میرے اوپر کوئی نوحہ کرنے والی کھڑی نہ کرنا کیونکہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے نوح سے منع فرمایا۔ تمہارے اوپر مال کی اصلاح لازمی ہے کیونکہ یہ عزت دار کی نیک نامی ہے اور اس کے ساتھ بندہ کے لیے آدمی سے بے پرواہ ہوتا ہے۔ تم اپنے اونٹوں کو حق کی

Marfat.com

يَسُوءُكُمْ اَكْثَرُ، وَاحْذَرُوا اَبْنَاءَ اَعْدَائِكُمْ، فَاِنَّهُمْ لَكُمْ اَعْدَاءٌ عَلَى مِنْهَاجِ آبَائِهِمْ. وَاِذَا اَنَا مِتُّ فَادْفِنُونِي فِي مَوْضِعٍ لَا يَطَّلِعُ عَلَى اَهْلِ هَذَا الْحَيِّ مِنْ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، فَاِنَّهَا كَانَتْ بَيْنِي، وَبَيْنَهُمْ خَمَاشَاتٌ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَاَخَافُ اَنْ يَنْبِشُونِي مِنْ قَبْرِي فَتُفْسِدُوا عَلَيْهِمْ دُنْيَاهُمْ، فَيُفْسِدُوا عَلَيْكُمْ آخِرَتَكُمْ، ثُمَّ دَعَا بِكِنَانَتِهِ، فَاَمَرَ ابْنَهُ الْاَكْبَرَ، وَكَانَ يُسَمَّى عَلِيًّا، فَقَالَ: اَخْرِجْ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِي، فَاَخْرَجَ، فَقَالَ: اكْسِرْهُ، فَكَسَرَهُ، ثُمَّ قَالَ: اَخْرِجْ سَهْمَيْنِ، فَاَخْرَجَهُمَا، فَقَالَ: اكْسِرْهُمَا، فَكَسَرَهُمَا قَالَ: اَخْرِجْ ثَلَاثَةَ اَسْهُمٍ، فَاَخْرَجَهَا، فَقَالَ: اعْصُبْهَا بِوَتَرٍ فَعَصَبَهَا، ثُمَّ قَالَ: اكْسِرْهَا، فَلَمْ يَسْتَطِعْ كَسْرَهَا، فَقَالَ: يَا بَنِيَّ هَكَذَا اَنْتُمْ بِالِاجْتِمَاعِ، وَكَذَلِكَ اَنْتُمْ بِالْفُرْقَةِ، ثُمَّ اَنْشَا يَقُولُ:

(البحر الخفيف)

اِنَّمَا الْمَجْدُ مَا بَنَى وَالِدُ الصِّدْقِ ... وَاَحْيَى فِعَالَهُ الْمَوْلُودُ

وَكَفَى الْمَجْدُ، وَالشَّجَاعَةُ، وَالْحِلْمُ... اِذَا زَانَهَا عَفَافٌ وَجُودُ

وَثَلَاثُونَ يَا بَنِيَّ اِذَا مَا... عَقَدْتُمْ لِلنَّائِبَاتِ

راہ پر دینا' حق ادا کرنے سے انہیں نہ روکنا' ہر برائی سے بچنا' بعض اوقات ایک دن بظاہر تمہیں خوش کرے اور زیادہ تکلیف کا باعث ہو۔ دشمنوں کے بیٹوں سے بھی دُور رہو کیونکہ وہ اپنے آباء کے طریقے پر تمہارے دشمن ہی ہیں' پس جب میں فوت ہو جاؤں تو مجھے ایسی جگہ دفن کرنا جہاں پر اس محلے والے بکر بن وائل کو پتہ نہ چلے کیونکہ زمانۂ جاہلیت میں ان کے اور میرے درمیان کچھ خدشات تھے۔ مجھے خوف ہے کہیں یہ لوگ مجھے قبر سے نکال دیں' اگر انہوں نے ایسا کیا تو تم ان پر ان کا جینا دوبھر کر دو گے' وہ تمہاری آخرت برباد کر دیں گے۔ پھر اس نے اپنی کمان منگوا کر اپنے بڑے بیٹے علی سے کہا: اس سے تیر نکالو! اس نے تیر نکالا' پھر کہا: اسے توڑو! اس نے توڑ دیا' پھر کہا: اب دو تیر نکالو! اس نے نکالے' انہیں توڑو! اس نے توڑ دیئے' پھر کہا: اب تین نکال کر جوڑو پھر توڑو! اس نے نکالے لیکن توڑنے سے عاجز رہا۔ اس نے کہا: اے میرے بیٹو! اگر ان تیروں کی طرح اکٹھے رہو گے تو تمہیں کوئی توڑ نہ سکے گا اور اگر بکھر کر ایک ایک ہو گئے تو پھر تم سنبھل نہ سکو گے۔ پھر اُس نے شعر کہے:

''بزرگی صرف وہ ہے جس کو سچائی کے باپ نے بنایا......اور زندہ کیا اس کے کام کو بچوں نے...... بزرگی' بہادری اور عقلمندی کافی ہے...... جب انہیں پاکدامنی اور سخاوت مزین کرے......اور تیس اے میرے بیٹو! بشرطیکہ حوادثات [illegible] کے لیے عقد کیا' تیس لکڑیوں کی

Marfat.com

الْعُقُودُ

كَتَلَاثِينَ مِنْ قِدَاحٍ إِذَا مَا ... شَدَّهَا لِلزَّادِ عِقْدٌ شَدِيدُ

لَمْ تُكَسَّرْ، وَإِنْ تَبَدَّدَتِ الْأَسْهُمَ ... أَوْدَى بِجَمْعِهَا التَّبْدِيدُ

وَذُوو السِّنِّ وَالْمُرُوءَةِ أَوْلَى ... إِنْ يَكُنْ مِثْلُهُمْ لَهُمْ تَسْوِيدُ

وَعَلَيْهِمْ حِفْظُ الْأَصَاغِرِ حَتَّى ... يَبْلُغَ الْحِنْثَ الْأَصْغَرُ الْمَجْهُودُ

مانند ہیں جو بندھی ہوئی ہوں' زادِ راہ کے لیے سخت طریقے سے باندھنا......انہیں توڑا نہیں جا سکے گا اور اگر تیر بکھر گئے تو زیادہ تعداد ہونے کے باوجود وہ تباہ ہو جائیں گے......بڑی عمر اور مروّت والے بہتر ہیں اگر ان کی مثل کو سردار بنانا ممکن ہو......اُن پر چھوٹوں کی حفاظت واجب ہے یہاں تک کہ چھوٹے بڑے ہو جائیں''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ بِهَذَا التَّمَامِ وَالشِّعْرِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْعَلَاءُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ أَبِي سَوِيَّةَ الْمِنْقَرِيُّ

یہ مکمل حدیث شعروں کے ساتھ صرف اسی سند سے مروی ہے۔ علاء بن فضل بن ابی سویہ منقری اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

**6128** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْأُبُلِّيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْأُبُلِّيُّ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ جُمَيْعٍ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْجَزُورُ عَنْ سَبْعَةٍ، وَالْبَقَرَةُ عَنْ سَبْعَةٍ فِي الْأَضَاحِي

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہٗ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اونٹ اور گائے کی قربانی میں سات آدمی شریک ہو سکتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُغِيرَةَ إِلَّا حَفْصُ بْنُ جُمَيْعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عُمَرُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث مغیرہ سے حفص بن جمیع روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمر بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

**6129** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْأُبُلِّيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْأُبُلِّيُّ قَالَ: نا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْبَكَّائِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو نماز کے وقت سویا رہا یا نماز پڑھنا بھول گیا' جب اس کو یاد آئے تو وہ پڑھے' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''نماز قائم کرو میرے ذکر کے لیے''۔

6129- أخرجه البخاري: المواقيت جلد2 صفحه84 رقم الحديث: 597' ومسلم: المساجد جلد1 صفحه477 .

Marfat.com

قَالَ: مَنْ نَامَ عَنْ صَلَاةٍ اَوْ نَسِيَهَا فَلْيُصَلِّهَا اِذَا ذَكَرَهَا، ثُمَّ تَلَا: (اَقِمِ الصَّلَاةَ لِذِكْرِى) (طه:14)

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، اِلَّا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْاُبُلِّيُّ

یہ حدیث زہری سے محمد بن اسحاق اور محمد بن اسحاق سے زیاد بن عبداللہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمر بن یحییٰ الابلی اکیلے ہیں۔

**6130** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: ثنَا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: ثنا ثُمَامَةُ بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يَقُولُ: لَبَّيْكَ عَنْ شُبْرُمَةَ، فَقَالَ: اَحَجَجْتَ عَنْ نَفْسِكَ؟ قَالَ: لَا قَالَ: حُجَّ عَنْ نَفْسِكَ، ثُمَّ حُجَّ عَنْ شُبْرُمَةَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کو سنا وہ پڑھ رہا تھا: ''لبيك عن شبرمه'' آپ نے فرمایا: کیا تم نے اپنی طرف سے حج کر لیا ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: پہلے اپنی طرف سے حج کر پھر شبرمہ کی طرف سے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اِلَّا ثُمَامَةُ بْنُ عُبَيْدَةَ

یہ حدیث ابوزبیر سے ثمامہ بن عبیدہ روایت کرتے ہیں۔

**6131** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: ثنَا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: ثنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ بَحْرِ بْنِ مِرَارٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اَرْبَا الرِّبَا اسْتِطَالَةُ اَحَدِكُمْ فِي عِرْضِ اَخِيهِ الْمُسْلِمِ

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: سود سے بڑھ کر گناہ تم میں سے کسی ایک کا اپنے مسلمان بھائی کی عزت میں ہاتھ ڈالنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَحْرِ بْنِ مِرَارٍ اِلَّا سَعِيدٌ الْجُرَيْرِيُّ، وَلَا عَنِ الْجُرَيْرِيِّ اِلَّا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ عُمَرُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث بحر بن مرار سے سعید جریری اور جریری سے جعفر بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمر بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

**6132** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نَا عَاصِمُ بْنُ

حضرت حذیفہ بن اسید ابوسریحہ الغفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ جب کعبہ شریف کو

Marfat.com

سُلَيْمَانَ الْكُوزِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ اَبِي سَرِيحَةَ الْغِفَارِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا نَظَرَ اِلَى الْبَيْتِ قَالَ: اللّٰهُمَّ زِدْ بَيْتَكَ هَذَا تَشْرِيفًا، وَتَعْظِيمًا، وَتَكْرِيمًا، وَبِرًّا، وَمَهَابَةً، وَزِدْ مَنْ شَرَّفَهُ، وَعَظَّمَهُ مِمَّنْ حَجَّهُ اَوِ اعْتَمَرَهُ تَعْظِيمًا، وَتَشْرِيفًا، وَتَكْرِيمًا، وَبِرًّا، وَمَهَابَةً

دیکھتے تو یہ دعا کرتے: ''اللّٰهم زد بيتك هذا تشريفا الٰى آخره''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا عَاصِمُ بْنُ سُلَيْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ عُمَرُ بْنُ يَحْيَى، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَبِي سُرَيْحَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث زید بن اسلم سے عاصم بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمر بن یحییٰ اکیلے ہیں۔ ابوسریحہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**6133** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: ثَنَا الْحَارِثُ بْنُ غَسَّانَ، عَنْ اَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ جِيءَ بِالْاَعْمَالِ فِي صُحُفٍ مُخَتَّمَةٍ، فَيَقُولُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: اقْبَلُوا هَذَا وَدَعُوا هَذَا، فَتَقُولُ الْمَلَائِكَةُ: وَعِزَّتِكَ مَا كَتَبْنَا اِلَّا مَا عَمِلَ قَالَ: صَدَقْتُمْ، اِنَّ عَمَلَهُ كَانَ لِغَيْرِ وَجْهِي، فَاِنِّي لَا اَقْبَلُ الْيَوْمَ اِلَّا مَا كَانَ لِوَجْهِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا تو اعمال ایک ایسے صحیفے میں لائے جائیں گے جن پر مہر لگی ہوگی' اللہ عزوجل فرمائے گا: اس کو لے جا اور اس کو چھوڑ دو! فرشتے عرض کریں گے: تیری عزت کی قسم! ہم نے وہی لکھا ہے جو اس نے عمل کیا ہے' اللہ عزوجل فرمائے گا: تم نے سچ کہا ہے' یہ عبادت میری رضا کے لیے نہیں کرتا تھا' آج کے دن میں اُس عمل کو قبول کروں گا جو اس نے میری رضا کے لیے کیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ اِلَّا الْحَارِثُ بْنُ غَسَّانَ

یہ حدیث عمران الجونی سے حارث بن غسان روایت کرتے ہیں۔

**6134** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا الْحَارِثُ بْنُ غَسَّانَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے۔

Marfat.com

اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ مَوْلُودٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا الْحَارِثُ بْنُ غَسَّانَ

یہ حدیث ابن جریج سے حارث بن غسان روایت کرتے ہیں۔

**6135** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ الْحَسَنِ الْهِلَالِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَوَّلُ مَا يُوضَعُ فِي مِيزَانِ الْعَبْدِ نَفَقَتُهُ عَلَى أَهْلِهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: سب سے پہلے جو بندہ کے نامۂ اعمال میں رکھا جائے گا وہ ہوگا جو اس نے اپنی بیوی پر خرچ کیا ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ إِلَّا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ الْحَسَنِ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے عبدالحمید بن حسن روایت کرتے ہیں۔

**6136** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ الْحَسَنِ الْهِلَالِيُّ، عَنْ نَهْشَلِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَمَانٌ لِأُمَّتِي مِنَ الْغَرَقِ إِذَا رَكِبُوا السُّفُنَ أَوِ الْبَحْرَ أَنْ يَقُولُوا: بِسْمِ اللّٰهِ الْمَلِكِ، (وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ، وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمٰوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ سُبْحَانَهُ، وَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ)، (بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرَاهَا، وَمُرْسَاهَا إِنَّ رَبِّي لَغَفُورٌ رَحِيمٌ) (هود: **41**)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت غرق ہونے سے محفوظ رہے گی' جب وہ کشتی پر سوار ہوتے وقت یہ پڑھیں گے: ''بسم الله الملك الى آخره''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ إِلَّا نَهْشَلُ بْنُ سَعِيدٍ

یہ حدیث ضحاک بن مزاحم سے نہشل بن سعید روایت کرتے ہیں۔

Marfat.com

**6137** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْأُبُلِّيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْأُبُلِّيُّ قَالَ: نا حَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ، عَنْ أَبِي جَنَابٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ مِنْ مُوجِبَاتِ اللَّهِ ثَلَاثًا: إِذَا رَأَى حَقًّا مِنْ حُقُوقِ اللَّهِ لَمْ يُؤَخِّرْهُ إِلَى أَيَّامٍ لَا يُدْرِكُهَا، وَأَنْ يَعْمَلَ الْعَمَلَ الصَّالِحَ الْعَلَانِيَةَ عَلَى قِوَامٍ مِنْ عَمَلِهِ فِي السَّرِيرَةِ، وَهُوَ يَجْمَعُ مَعَ مَا يَعْمَلُ صَلَاحَ مَا يُؤَمِّلُ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَهَكَذَا وَلِيُّ اللَّهِ، وَعَقَدَ بِيَدِهِ ثَلَاثِينَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں اللہ کی طرف سے واجب ہیں: جب اللہ کے حقوق میں کوئی حق دیکھے تو اس کو دوسرے دن تک مؤخر نہ کرے' جن کو وہ نہیں پا سکتا ہے نیک اعمال جو قوم کے سامنے کرتا ہے وہی تنہائی میں بھی کرے' جتنے نیک اعمال کی طاقت رکھتا ہے کرے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسی طرح اللہ کا دوست ہوگا' آپ نے اپنے ہاتھ سے تینتیس مرتبہ شمار کیا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ حَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ

یہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں حکیم بن حزام اکیلے ہیں۔

**6138** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْأُبُلِّيُّ قَالَ: ثَنَا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْأُبُلِّيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ أَبُو النَّضْرِ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ أَبِي أُمَيَّةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ: مَا خَطَبَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا أَمَرَنَا بِالصَّدَقَةِ، وَنَهَانَا عَنِ الْمُثْلَةِ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ دیا' ہمیں صدقہ کرنے کا حکم دیا اور مثلہ کرنے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ إِلَّا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ

یہ حدیث عبدالکریم سے یحییٰ بن کثیر روایت کرتے ہیں۔

**6139** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْأُبُلِّيُّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور

---

6138- أخرجه البخاري: المغازي جلد 7 صفحه 524 رقم الحديث: 4192 بلاغًا . وأبو داؤد: الجهاد جلد 3 صفحه 53 رقم الحديث: 2667' والدارمي: الزكاة جلد 1 صفحه 478 رقم الحديث: 1656 .

Marfat.com

قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اللَّيْثِ الْهَدَادِيُّ قَالَ: ثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَفْطَرَ الْحَاجِمُ، وَالْمَحْجُومُ

ﷺ نے فرمایا: پچھنا لگانے اور لگوانے والا افطار کریں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ، وَلَا عَنِ الْحَسَنِ إِلَّا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ اللَّيْثِ

یہ حدیث ایوب سے حسن بن ابوجعفر اور حسن سے موسیٰ بن اسماعیل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن لیث اکیلے ہیں۔

**6140** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ الْأُبُلِّيُّ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رُشَيْدٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَزِيعٍ، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ أَبِي عِمْرَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الصَّبِيُّ عَلَى شُفْعَتِهِ حَتَّى يُدْرِكَ، فَإِذَا أَدْرَكَ إِنْ شَاءَ أَخَذَ، وَإِنْ شَاءَ تَرَكَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: شفعہ کرنے کا حق بچہ کو بھی ہے یہاں تک کہ سمجھ دار ہو جب وہ سمجھدار ہو جائے تو اگر چاہے تو لے لے اگر چاہے تو چھوڑ دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَدَقَةَ بْنِ أَبِي عِمْرَانَ إِلَّا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَزِيعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رُشَيْدٍ

یہ حدیث صدقہ بن ابوعمران سے عبداللہ بن بزیع روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن رشید اکیلے ہیں۔

**6141** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ الْأُبُلِّيُّ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رُشَيْدٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ ذَرٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے زمین کو کرائے پر دینے سے منع کیا' سونے اور چاندی کے بدلہ جائز قرار دیا۔

---

6141- أخرجه مسلم: البيوع جلد 3 صفحه 1176' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 475 رقم الحديث: 15190 بلفظ: نهى عن كراء الأرض .

Marfat.com

بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ كَرْيِ الْاَرْضِ، اِلَّا بِذَهَبٍ اَوْ فِضَّةٍ

لَا يُرْوٰى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُمَرَ بْنِ ذَرٍّ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رُشَيْدٍ

یہ حدیث عمر بن زر سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن رشیدا کیلے ہیں۔

**6142** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رُشَيْدٍ قَالَ: نا اَبُو عُبَيْدَةَ مَجَاعَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ اَبِي عِمْرَانَ الْاَسَدِيِّ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ اَحْدَاثُ الْاَسْنَانِ، سُفَهَاءُ الْاَحْلَامِ، يَقُولُونَ مِنْ اَحْسَنِ النَّاسِ قَوْلًا، يَمْرُقُونَ مِنَ الدِّينِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، هُمْ شَرُّ الْخَلْقِ، وَالْخَلِيقَةِ، وَطُوبٰى لِمَنْ قَتَلَهُمْ اَوْ قَتَلُوهُ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آخر زمانہ میں بے وقوف بچے ہوں گے، لوگوں سے بڑی اچھی بات کریں گے، وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جس طرح تیر کمان سے نکل جاتا ہے، وہ بدترین مخلوق ہوگی، خوشخبری ان کے لیے جو انہیں قتل کریں گے، یا جن کو وہ قتل کریں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُسْلِمٍ اِلَّا مَجَاعَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، تَفَرَّدَ بِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رُشَيْدٍ

یہ حدیث مسلم سے مجاعہ بن زبیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن رشید اکیلے ہیں۔

**6143** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: ثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ تُرْمُلَةَ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ؛ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْاِيمَانُ قَيَّدَ الْفَتْكَ

حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایمان فتک کی قید ہے۔

---

6142- أخرجه البخاری: فضائل القرآن جلد 8 صفحه 718 رقم الحديث: 5057، وأبو داؤد: السنة جلد 4 صفحه 244 رقم الحديث: 4767 بنحوه.

Marfat.com

لَمْ يُدْخِلْ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ بَيْنَ الْحَسَنِ، وَالزُّبَيْرِ: الْاَشْعَثَ بْنَ ثُرْمُلَةَ اِلَّا عَبْدُ الْاَعْلَى، تَفَرَّدَ بِهِ نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ

اس حدیث میں اشعث بن ثرملہ کو یونس' حسن اور زبیر کے درمیان عبدالاعلیٰ نے داخل کیا ہے۔ اس کو روایت کرنے میں نصر بن علی اکیلے ہیں۔

**6144** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حَوْشَبٍ الرَّحَائِيُّ قَالَ: نا سَلْمُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا اَبُو حَرَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَجِيءُ اَقْوَامٌ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ، يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ، لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، يَنْثُرُونَهُ نَثْرَ الدَّقَلِ، يَخْرُجُونَ مِنَ الدِّينِ، ثُمَّ لَا يَعُودُونَ فِيهِ حَتَّى يَعُودَ السَّهْمُ فِي فُوقِهِ، التَّسْبِيدُ فِيهِمْ فَاشٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مشرق کی جانب سے ایک قوم آئے گی جو قرآن پڑھیں گے' قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اُترے گا' وہ ردّی کھجور کی طرح بکھر جائیں گے' دین سے ایسے نکل جائیں گے' پھر اس میں واپس نہیں آئیں گے یہاں تک کہ تیر کمان میں واپس آ جائے' ان کی نشانی بال مونڈوانا ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حُرَّةَ اِلَّا سَلْمُ بْنُ سُلَيْمَانَ.

یہ حدیث ابوحرہ سے سلم بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

**6145** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا اَزْهَرُ بْنُ جَمِيلٍ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِاَهْلِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے لیے بہتر ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَوْحٍ اِلَّا يَزِيدُ، تَفَرَّدَ

یہ حدیث روح سے یزید روایت کرتے ہیں۔ اس

---

**6144**- أخرجه البخاري: التوحيد جلد **13** صفحه **545** رقم الحديث: **7562**' ومسلم: الزكاة جلد **2** صفحه **744** . ولفظه عند البخاري .

**6145**- أخرجه الترمذي: المناقب جلد **5** صفحه **709** رقم الحديث: **3895** . وقال: حسن غريب صحيح من حديث الثوري ما أقل من رواه عن الثوري . وروى هذا عن هشام بن عروة' عن أبيه' عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلًا . والدارمي: النكاح جلد **2** صفحه **212** رقم الحديث: **2260**' وابن حبان (**1312**/موارد) .

Marfat.com

بِهِ اَزْهَرُ بْنُ جَمِيلٍ

کو روایت کرنے میں ازھر بن جمیل اکیلے ہیں۔

**6192** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا رَافِعَةُ اَبُو مُوسَى الصَّفَّارُ قَالَ: سَاَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ: اَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْتُ: اَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: الْمَاءُ، قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: الْمَاءُ، اَلَا تَرَى اَنَّ اَهْلَ النَّارِ اِذَا اسْتَغَاثُوا بِاَهْلِ الْجَنَّةِ يُنَادُونَ: (اَنْ اَفِيضُوا عَلَيْنَا مِنَ الْمَاءِ، اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ) (الاعراف: 50)؟

حضرت موسیٰ الصفار فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا: کون سا صدقہ افضل ہے؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ کون سا صدقہ افضل ہے؟ فرمایا: پانی! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سا صدقہ افضل ہے؟ فرمایا: پانی! فرمایا: کیا تم دیکھتے نہیں ہو کہ جہنم والے جب جنت والوں سے فریاد کریں گے تو وہ آزاد دیں گے: ہم پر پانی ڈالو یا جو تم کو اللہ نے عطا کیا۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ

یہ حدیث ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں محمد بن موسیٰ الحرشی اکیلے ہیں۔

6191- أخرجه البخاري: الجنائز جلد3 صفحه233 رقم الحديث: 1325' ومسلم: الجنائز جلد2 صفحه653 .

Marfat.com

**6193** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ قَالَ: نا أَيُّوبُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْعَى بِبَطْنِ الْمَسِيلِ بَيْنَ الصَّفَا، وَالْمَرْوَةَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ صفا و مروہ کے درمیان بطن میل میں تیز چلتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا أَيُّوبُ بْنُ وَاقِدٍ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے ایوب بن واقد روایت کرتے ہیں۔

**6194** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ قَالَ: نا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَكَّائِيُّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنَّا نَضَعُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْإِنَاءَ، فَيَصُبُّ عَلَى يَدِهِ فَيَغْسِلُهَا حَتَّى يُنْقِيَهَا، ثُمَّ يَصُبُّ بِيَمِينِهِ عَلَى شِمَالِهِ، وَيَغْسِلُ فَرْجَهُ، ثُمَّ يَصُبُّ عَلَى رَأْسِهِ ثَلَاثًا، ثُمَّ يَغْتَسِلُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم حضورﷺ کے لیے پانی کا برتن رکھتیں' آپ اپنے ہاتھ پر پانی ڈالتے' اس کو دھوتے یہاں تک کہ صاف ہو جاتا' پھر دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر ڈالتے اور اپنی شرمگاہ کو دھوتے' پھر اپنے سر پر پانی ڈالتے' پھر غسل کرتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ إِلَّا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَكَّائِيُّ

یہ حدیث منصور سے زیاد بن عبداللہ البکائی روایت کرتے ہیں۔

**6195** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهُذَلِيُّ قَالَ: ثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ خِطْبَةَ امْرَأَةٍ بَعَثَ أُمَّ سُلَيْمٍ تَنْظُرُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ جب کسی عورت سے نکاح کا ارادہ کرتے تو حضرت ام سلیم کو دیکھنے کے لیے بھیجتے تھے' اس کی نرمی سونگھتیں اور دونوں کندھوں کے درمیان دیکھتیں۔

---

**6193**- أخرجه البخاری: الحج جلد3صفحه558 رقم الحديث: 1617' ومسلم: الحج جلد2صفحه920 .

**6194**- أصله عند البخاری ومسلم من طريق هشام بن عروة' عن أبيه' عن عائشة رضی الله عنها فذكره . أخرجه البخاری: الغسل جلد1صفحه429 رقم الحديث: 248' ومسلم: الحيض جلد1صفحه253 .

Marfat.com

اِلَيْهَا، فَشَمَّتْ اَعْطَافَهَا، وَنَظَرَتْ اِلَى عَرَاقِيبِهَا

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن موسیٰ الحرشی اکیلے ہیں۔

**6196** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ صَالِحِ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا صِلَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَكَلَ اَحَدُكُمْ اَوْ شَرِبَ نَاسِيًا فَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ، فَاِنَّمَا اَطْعَمَهُ اللّٰهُ، وَسَقَاهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی روزہ کی حالت میں بھول کر کھائے یا پیے تو (روزہ نہیں ٹوٹے گا) کیونکہ اللہ نے اس کو کھلایا اور پلایا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ اِلَّا صِلَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث اشعث سے صلہ بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

**6197** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ جَدِّي بِخَطِّهِ: عَنْ هُشَيْمٍ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، اَنَّ الْحَسَنَ اَوِ الْحُسَيْنَ بَالَ عَلَى بَطْنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَهَبُوا لِيَاْخُذُوهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزْرِمُوا ابْنِي، اَوْ: لَا تَسْتَعْجِلُوهُ، ، فَتَرَكُوهُ حَتَّى قَضَى بَوْلَهُ، فَدَعَا بِمَاءٍ، فَصَبَّهُ عَلَيْهِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت امام حسن یا حسین رضی اللہ عنہما نے حضور ﷺ کے پیٹ مبارک پر پیشاب کرنا شروع کیا' (میں) آگے بڑھی آپ کو پکڑنے کے لیے تو حضور ﷺ نے فرمایا: میرے بیٹے کو نہ پکڑنا' یا فرمایا: جلدی نہ کرنا اس کو چھوڑ دو' جب پیشاب کر کے فارغ ہوئے تو آپ نے پانی منگوایا اور اس پر ڈال دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا هُشَيْمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَاهَانَ

یہ حدیث یونس سے ہشیم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن ماہان اکیلے ہیں۔

**6198** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6196- اخرجه البخاري: الصوم جلد 4 صفحه 183-184 رقم الحديث: 1933' ومسلم: الصيام جلد 2 صفحه 809.

Marfat.com

قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ جَبَلَةَ الشِّيرَازِيُّ قَالَ: ثنا مُجَاشِعُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَوَّلِ مَقْدَمِهِ الْمَدِينَةَ بِعَرُوسٍ، وَمَعَهَا نِسْوَةٌ، وَإِذَا إِحْدَاهُنَّ تَقُولُ:

(البحر الرجز)

وَأَهْدَى لَهَا أَكْبُشًا... تَنَحْنَحُ فِي الْمِرْبَدِ

وَزَوْجُكِ فِي النَّادِي... وَيَعْلَمُ مَا فِي غَدِ

فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُولِي هَكَذَا، وَلَكِنْ قُولِي:

أَتَيْنَاكُمْ أَتَيْنَاكُمْ... فَحَيَّانَا وَحَيَّاكُمْ

حضور ﷺ مدینہ شریف میں ایک شادی کے پاس سے گزرے وہاں ان کے ساتھ عورتیں بھی تھیں، وہ عورتیں پڑھ رہی تھیں:

''اس کو ایک مینڈھے ہدیہ دیئے گئے ہیں، اس کو مربد مقام پر ذبح کیے جائیں گے، آپ کا شوہر بیٹھک میں، جانتا ہے جو کل ہونے والا ہے''۔

حضور ﷺ نے فرمایا: اس طرح نہ کہو بلکہ یہ پڑھو: ''ہم تمہارے پاس آئے ہیں، ہم کو اور تم کو مبارکباد ہو''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ إِلَّا مُجَاشِعُ بْنُ عَمْرٍو، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَنَسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَرَوَاهُ ابْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ

یہ حدیث لیث بن سعد سے مجاشع بن عمرو روایت کرتے ہیں۔ حضرت انس سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔ اس حدیث کو ابن اویس اپنے والد سے، وہ یحییٰ بن سعید سے، وہ عمرہ سے، وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے۔

**6199** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ جَبَلَةَ الشِّيرَازِيُّ قَالَ: ثنا عُبَيْدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَنَفِيُّ، عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كُنَّ لَهُ ثَلَاثُ بَنَاتٍ فَعَالَهُنَّ، وَآوَاهُنَّ، وَكَفَّهُنَّ، وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ، قُلْنَا: وَثِنْتَيْنِ؟ قَالَ: وَثِنْتَيْنِ، قُلْنَا: وَوَاحِدَةً؟ قَالَ: وَوَاحِدَةً

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کی تین بیٹیاں ہوں، وہ ان کی پرورش کرے اور ان کی کفالت کرے تو اس کے لیے جنت واجب ہو جائے گی۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر دو ہوں تو؟ آپ نے فرمایا: دو بھی، ہم نے عرض کی: ایک؟ فرمایا: ایک بھی۔

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا عُبَيْدُ بْنُ عَمْرٍو، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَسَنُ بْنُ جَبَلَةَ

یہ حدیث ایوب سے عبید بن عمرو روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسن بن جبلہ اکیلے ہیں۔

**6200** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ قَالَ: نا الْمُعْتَمِرُ بْنُ نَافِعٍ الْهُذَلِيُّ قَالَ: ثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنِ امْرِءٍ مُسْلِمٍ صَلَّى فِي يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً إِلَّا بَنَى اللَّهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو کوئی مسلمان دن و رات میں بارہ رکعتیں پڑھتا ہے تو اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بناتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ إِلَّا مُعْتَمِرُ بْنُ نَافِعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ

یہ حدیث سلیمان تیمی سے معتمر بن نافع روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن الحراش اکیلے ہیں۔

**6201** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْبَابَسِيرِيُّ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ الْجَمَّالُ قَالَ: ثَنَا الْحَكَمُ بْنُ بَشِيرِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ خَلَّادٍ الصَّفَّارِ، عَنِ الْحَكَمِ النَّصْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: كَلِمَتَانِ حَفِظْتُهُمَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَنَا أُحِبُّ أَنْ تَحْفَظُوهُمَا: مَا عَاقَبَ اللَّهُ عَلَى ذَنْبٍ فِي الدُّنْيَا فَاللَّهُ أَعْدَلُ مِنْ أَنْ يُثَنِّيَ عُقُوبَتَهُ، وَمَا عَفَا اللَّهُ عَنْ ذَنْبٍ فِي الدُّنْيَا فَاللَّهُ أَكْرَمُ مِنْ أَنْ يَعُودَ فِي

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو کلمے میں نے رسول اللہ ﷺ سے یاد کیے ہیں میں پسند کرتا ہوں کہ تم بھی ان دونوں کو یاد کرلو اللہ عزوجل جس گناہ کی سزا کسی بندہ کو دنیا میں دیدے تو اللہ عزوجل زیادہ عدل کرنے والا ہے کہ اس کی سزا دوبارہ دے جس گناہ کو اللہ عزوجل نے دنیا میں معاف کر دیا ہے تو اللہ زیادہ عزت والا ہے کہ اس کو دوبارہ نہ لوٹائے جو معاف کیا ہے تمہارے درمیان اور جن کے درمیان پردہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہے۔

**6200**- أخرجه النسائي: قيام الليل جلد 3 صفحه 220-221 (باب الاختلاف على اسماعيل بن أبي خالد)، وابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 361 رقم الحديث: 1142 بنحو. وانظر نصب الراية جلد 2 صفحه 138.

**6201**- أخرجه أحمد: المسند جلد 1 صفحه 106-107 رقم الحديث: 651 وبنحوه وعزاه الهيثمي في المجمع جلد 6 صفحه 106-107 أيضًا الى أبي يعلى وقال: وفيه أزهر بن راشد وهو ضعيف والحاكم في المستدرك جلد 4 صفحه 388 من طريقين.

Marfat.com

شَیْءٍ عَفَا عَنْهُ، وَسِتْرٌ بَیْنَکُمْ، وَبَیْنَ الْجِنِّ: بِسْمِ اللّٰهِ

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ السَّبِیعِیِّ اِلَّا الْحَکَمُ النَّصْرِیُّ، وَیُونُسُ بْنُ اَبِی اِسْحَاقَ، وَلَمْ یَرْوِهِ عَنِ الْحَکَمِ النَّصْرِیِّ اِلَّا خَلَّادٌ الصَّفَّارُ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَکَمُ بْنُ بَشِیرِ بْنِ سُلَیْمَانَ، وَتَفَرَّدَ بِهِ عَنْ یُونُسَ بْنِ اَبِی اِسْحَاقَ الْحَجَّاجُ الْاَعْوَرُ

یہ حدیث ابواسحاق سبیعی سے حکم النصری اور یونس بن ابواسحاق روایت کرتے ہیں۔ حکم النصری سے خلاد الصفار روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حکم بن بشیر بن سلیمان اکیلے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یونس بن ابواسحاق الحجاج الاعور اکیلے ہیں۔

**6202** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَی الْبَابَسِیرِیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ الْجَمَّالُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ الْحَرَّانِیُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی بَکْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: تَزَوَّجَنِی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، وَجَمَعَنِی فِی شَوَّالٍ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے شادی اور رخصتی شوال میں کی تھی۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث اُم سلمہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

**6203** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ کُسَا الْوَاسِطِیُّ قَالَ: نا الْعَلَاءُ بْنُ سَالِمٍ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ النَّجَّارُ قَالَ: نا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ حُمَیْدٍ، عَنْ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے رب نے میری تین باتوں میں موافقت کی ہے؛ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ مقام ہمارے باپ ابراہیم کا ہے؛ اگر

---

**6202**- أخرجه ابن ماجة: النكاح جلد **1** صفحه **641** رقم الحديث: **1991** . في الزوائد: في اسناده محمد بن اسحاق؛ وهو مدلس؛ وقد عنعنه؛ وليس للحارث بن هشام بن المغيرة سوى هذا الحديث عند المصنف؛ وليس له شيء في الأصول الخمسة . قال المزي: ورواه محمد بن يزيد المستملي عن أسود بن عامر باسناده . الا أنه قال: عبد الرحمٰن بدل عبد الملك . وهو أولى بالصواب .

**6203**- أخرجه البخاري: الصلاة جلد **1** صفحه **601** رقم الحديث: **402**؛ ومسلم: فضائل الصحابة جلد **4** صفحه **1865** . وعند مسلم بن طريق ابن عمر؛ قال: قال عمر فذكره . ولفظه عند البخاري .

Marfat.com

اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ عُمَرُ: وَافَقْتُ رَبِّي فِي ثَلَاثٍ، وَوَافَقَنِي فِي ثَلَاثٍ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَذَا مَقَامُ اَبِينَا اِبْرَاهِيمَ لَوِ اتَّخَذْنَاهُ مُصَلًّى، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ اِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى) (البقرة:125)

ہم اس کو جائے نماز بنالیں' اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''مقامِ ابراہیم کو جائے نماز بنالو''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ قُرَّةَ بْنِ خَالِدٍ، اِلَّا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ النَّجَّارُ الرَّازِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ الْعَلَاءُ بْنُ سَالِمٍ

یہ حدیث قرہ بن خالد سے حفص بن عمر النجار الرازی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں علاء بن سالم اکیلے ہیں۔

**6204** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ كُسَا الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ قَالَ: نا حُمَيْدُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نا حَبِيبُ بْنُ حَسَّانِ بْنِ اَبِي الْاَشْرَسِ، عَنْ اَبِي ظَبْيَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: سَاَلَ رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَرَاَيْتَ قَوْلَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (كَمَا اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِينَ) (الحجر: 90)، مَنِ (الْمُقْتَسِمِينَ) (الحجر: 90)؟ قَالَ: الْيَهُودُ، وَالنَّصَارَى. قَالَ: (الَّذِينَ جَعَلُوا الْقُرْآنَ عِضِينَ) (الحجر: 91)، مَا (عِضِينَ) (الحجر: 91)؟ قَالَ: آمَنُوا بِبَعْضٍ، وَكَفَرُوا بِبَعْضٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: آپ اللہ عزوجل کے اس ارشاد ''کما انزلنا علی المقتسمین'' میں مقتسمین سے مراد کون ہے؟ فرمایا: یہود و نصاریٰ! عرض کی: ''الذین جعلوا القرآن عضین'' میں عضین سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: بعض پر وہ ایمان لائے اور بعض کا انکار کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ حَسَّانَ اِلَّا حُمَيْدُ بْنُ حَمَّادَ بْنِ خُوَارٍ، وَلَا يَرْفَعُهُ عَنْ اَبِي ظَبْيَانَ اِلَّا حَبِيبُ بْنُ حَسَّانَ وَرَوَاهُ الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِي ظَبْيَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَوْقُوفًا

یہ حدیث حبیب بن حسان سے حمید بن حماد بن خوار روایت کرتے ہیں۔ ابوظبیان سے حبیب بن حسان روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو امام اعمش' ابوظبیان سے وہ ابن عباس سے موقوفاً روایت کرتے ہیں۔

**6205** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنُ كُسَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے'

Marfat.com

الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ قَالَ: نا حُمَيْدُ بْنُ حَمَّادَ بْنِ خُوَارٍ قَالَ: نا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّ النَّاسِ اَحْسَنُ صَوْتًا بِالْقُرْآنِ؟ قَالَ: مَنْ اِذَا قَرَاَ رَاَيْتَ اَنَّهُ يَخْشَى اللّٰهَ

فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے پوچھا گیا: لوگوں میں زیادہ اچھی آواز میں قرآن پڑھنے والا کون ہے؟ فرمایا: جو قرآن پڑھے تو دیکھے کہ وہ اللہ سے ڈرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا حُمَيْدُ بْنُ حَمَّادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ

یہ حدیث مسعر سے حمید بن حماد روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں محمد بن معمر اکیلے ہیں۔

**6206** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنُ كُسَا الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ النَّشَائِيُّ قَالَ: نا اَبُو مَرْوَانَ الْغَسَّانِيُّ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: كُنْتُ تَاجِرًا بِالْمَدِينَةِ، قُلْتُ: اَقْدُمُ، فَاِذَا قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ لَقِيَنِي اَبُو هُرَيْرَةَ فَسَاَلَنِي عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، وَاِذَا قَدِمْتُ الْبَصْرَةَ سَاَلَنِي سَمُرَةُ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ. فَقَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: كُنَّا سَبْعَةً فِي بَيْتٍ، فَدَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: آخِرُكُمْ مَوْتًا فِي النَّارِ . فَلَمْ يَبْقَ اِلَّا اَنَا وَسَمُرَةَ

حضرت ابواویس فرماتے ہیں کہ میں مدینہ میں تاجر تھا' میں مدینہ آیا تو میری ملاقات حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہوئی' انہوں نے مجھ سے حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کے متعلق پوچھا' جب میں بصرہ آیا تو مجھ سے سمرہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے متعلق پوچھا' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم ایک گھر میں سات افراد تھے' ہمارے پاس رسول اللہ ﷺ تشریف لائے' آپ نے فرمایا: تم میں آخری مرنے والا نار میں ہوگا' اب میں اور سمرہ ہی باقی رہ گئے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ اِلَّا اَبُو مَرْوَانَ يَحْيَى بْنُ اَبِي زَكَرِيَّا الْغَسَّانِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ

یہ حدیث یونس بن عبید سے ابومروان یحییٰ بن ابوزکریا غسانی روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں محمد بن حرب اکیلے ہیں۔

**6207** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ كُسَا الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ ابْنُ عُلَيَّةَ قَالَ:

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بصرہ والوں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی شکایت

---

6207- أخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه276 رقم الحديث:755' ومسلم: الصلاة جلد1صفحه334 .

Marfat.com

ثَنَا اَبِی، عَنْ دَاوُدَ الطَّائِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: وَقَعَ نَاسٌ مِنْ اَهْلِ الْكُوفَةِ فِی سَعْدٍ عِنْدَ عُمَرَ، وَقَالُوا: اِنَّهُ لَا يُحْسِنُ يُصَلِّي، فَقَالَ: ادْعُوا لِی اَبَا اِسْحَاقَ، فَلَمَّا جَاءَ، قَالَ عُمَرُ: زَعَمَ هَؤُلَاءِ اَنَّكَ لَا تُحْسِنُ تُصَلِّي؟ قَالَ: اَمَّا اَنَا فَاِنِّي اُصَلِّي بِهِمْ صَلَاةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَا اَخْرِمُ عَنْهَا، اَرْكُدُ فِی الْاُولَيَيْنِ، وَاَحْذِفُ فِی الْاُخْرَيَيْنِ قَالَ: كَذَاكَ الظَّنُّ بِكَ يَا اَبَا اِسْحَاقَ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو لگائی' انہوں نے کہا: آپ نماز اچھی طرح نہیں پڑھاتے ہیں' حضرت عمر نے فرمایا: میرے پاس ابواسحاق کو بلاؤ' جب حضرت سعد آئے تو حضرت عمر نے فرمایا: یہ لوگ کہتے ہیں کہ آپ نماز اچھی طرح نہیں پڑھاتے ہیں؟ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تو نماز رسول اللہ ﷺ کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق پڑھتا ہوں' میں اس میں کوئی کمی نہیں کرتا ہوں' میں پہلی دو رکعتوں کو لمبا اور آخری دو رکعتوں کو مختصر کرتا ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابواسحاق! مجھے آپ کے متعلق یہی گمان تھا۔

**6208** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ كُسَا قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ ابْنُ عُلَيَّةَ قَالَ: ثَنَا اَبِی، عَنْ دَاوُدَ الطَّائِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَطِيَّةَ الْقُرَظِيِّ قَالَ: كُنْتُ فِيمَنْ حَكَمَ فِيهِ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ: فَنَظَرَ اِلَى عَانَتِي فَوَجَدَهَا لَمْ تُنْبِتْ، فَخَلَّى سَبِيلِي

حضرت عطیہ قرظی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ان میں شامل تھا جن کے متعلق حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے فیصلہ کیا تھا' میرے زیر ناف بال دیکھے تو وہ نہیں اُگے تھے' مجھے چھوڑ دیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ الطَّائِيِّ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ

یہ حدیث داؤد طائی سے اسماعیل بن علیہ روایت کرتے ہیں۔

**6209** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ كُسَا الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا هَاشِمُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کھانا ٹھنڈا کر کے کھاؤ کیونکہ گرم کھانے

6208- أخرجه أبو داؤد: الحدود جلد 4 صفحه 139 رقم الحديث: 4404-4405' والترمذي: السير جلد 4 صفحه 145 رقم الحديث: 1584' وابن ماجة: الحدود جلد 2 صفحه 849 رقم الحديث: 2541' والدارمي: السير جلد 2 صفحه 294 رقم الحديث: 2464' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 380-381 رقم الحديث: 18801 بنحوه' وقال الترمذي: حسن صحيح ـ والطبراني في الكبير جلد 17 صفحه 163 رقم الحديث: 438-439 .

Marfat.com

بْنُ يَزِيدَ الْبَكْرِيُّ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبْرِدُوا بِالطَّعَامِ، فَاِنَّ الطَّعَامَ الْحَارَّ غَيْرُ ذِي بَرَكَةٍ

میں برکت نہیں ہوتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ هِشَامٌ

یہ حدیث ابوذئب سے عبداللہ بن یزید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ہشام اکیلے ہیں۔

**6210** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ التِّنِّيسِيُّ قَالَ: نا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: اَتَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَنْزِلِهِ فَرَاَى رَجُلًا شَعِثًا فَقَالَ: اَمَا كَانَ هَذَا يَجِدُ مَا يَغْسِلُ ثَوْبَهُ، وَيَلُمُّ شَعَثَهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ کے گھر میں آپ نے ایک آدمی کو دیکھا' اس کے بال بکھرے ہوئے تھے' آپ نے فرمایا: کیا یہ پانی نہیں پاتا ہے جس سے اپنے کپڑے دھوئے اور اپنے بالوں کو سنوارے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ الْاَوْزَاعِيُّ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے حسان بن عطیہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اوزاعی اکیلے ہیں۔

**6211** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ اَبِي يَعْفُورٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَمِّي عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ، فَقَالَ: لَا يَزَالُ اَمْرُ اُمَّتِي صَالِحًا حَتَّى يَمْضِيَ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً، وَخَفَضَ بِهَا صَوْتَهُ، فَقُلْتُ

حضرت عون بن ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے چچا کے ساتھ حضور ﷺ کے پاس تھا' آپ ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے' آپ نے فرمایا: اس اُمت کا کام ہمیشہ درست رہے گا یہاں تک کہ بارہ خلیفے گزر جائیں' آپ نے اپنی آواز پست کر دی' میں نے اپنے چچا سے کہا جو

6210- أخرجه أبو داؤد: اللباس جلد 4 صفحه 50 رقم الحديث: 4062' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 437 رقم الحديث: 14862 .

Marfat.com

لِعَمِّي، وَكَانَ اَمَامِي: مَا قَالَ يَاعَمِّ؟ قَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

میرے آگے تھے: اے چچا! آپ نے کیا فرمایا ہے؟ (میرے چچا نے کہا:) آپ نے فرمایا کہ وہ بارہ قریش سے ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِي جُحَيْفَةَ اِلَّا يُونُسُ بْنُ اَبِي يَعْفُورٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَبِي جُحَيْفَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث عون بن ابوجحیفہ سے یونس بن ابویعفور اور حضرت ابوجحیفہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**6212** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَعَافُوا الْحُدُودَ فِيمَا بَيْنَكُمْ، فَمَا بَلَغَنِي مِنْ شَيْءٍ فَقَدْ وَجَبَ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: حدیں آپس میں معاف کروالیا کرو جو شی مجھ تک پہنچے گی واجب ہو جائے گی۔

لَا يَرْوِي هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث ابن جریج سے اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں۔

**6213** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ الْعَلَّافُ الرَّازِيُّ قَالَ: نا اَبُو سَعِيدٍ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، عَنْ اَبِي خَلْدَةَ قَالَ: سَمِعْتُ مَيْمُونًا الْكُرْدِيَّ وَهُوَ عِنْدَ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ فَقَالَ لَهُ مَالِكُ بْنُ دِينَارٍ: مَا لِلشَّيْخِ لَا يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ؟ فَاِنَّ اَبَاكَ قَدْ اَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمِعَ مِنْهُ قَالَ: كَانَ اَبِي لَا يُحَدِّثُنَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَخَافَةَ اَنْ يَزِيدَ اَوْ يَنْقُصَ . وَقَالَ:

حضرت میمون الکردی فرماتے ہیں کہ میں نے مالک بن دینار سے کہا: آپ کو کیا ہے کہ آپ اپنے والد سے حدیث روایت نہیں کرتے ہیں حالانکہ آپ کے والد نے حضور ﷺ کا زمانہ پایا ہے اور آپ سے حدیثیں سنی ہیں۔ فرمایا: میرے والد حضور ﷺ کے حوالہ سے بیان نہیں کرتے ہیں اس خوف سے کہ اضافہ یا کمی نہ ہو جائے۔ اور میں نے آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے اس کو چاہیے کہ

---

**6212**- اخرجه أبو داؤد: الحدود جلد 4 صفحه 131 رقم الحديث: 4376، والنسائي: السارق جلد 8 صفحه 61 (باب ما يكون حرزا، وما لا يكون) .

Marfat.com

سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ وَلَكِنْ سَأُحَدِّثُكُمْ عَنْهُ بِحَدِيثٍ سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ بِهِ غَيْرَ مَرَّةٍ، وَلَا مَرَّتَيْنِ وَلَا ثَلَاثٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَيُّمَا رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةً، تَزَوَّجَهَا يَوْمَ تَزَوَّجَهَا وَهُوَ لَا يُرِيدُ أَنْ يُعْطِيَهَا مَهْرَهَا، لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَهُوَ زَانٍ، وَأَيُّمَا رَجُلٍ اسْتَدَانَ دَيْنًا، وَهُوَ لَا يُرِيدُ أَدَاءَهُ، فَمَاتَ وَلَمْ يُؤَدِّهِ، لَقِيَ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى وَهُوَ سَارِقٌ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي خَلْدَةَ إِلَّا أَبُو سَعِيدٍ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَبِي مَيْمُونٍ الْكُرْدِيِّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

**6214** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ: ثَنَا الْحَارِثُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَيْنَا أَنَا قَاعِدٌ، إِذَا جَاءَ جِبْرِيلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَكَزَ بَيْنَ كَتِفَيَّ، فَقُمْتُ إِلَى شَجَرَةٍ فِيهَا مِثْلُ وَكْرَيِ الطَّيْرِ، فَقَعَدَ فِي أَحَدِهِمَا، وَقَعَدْتُ فِي الْآخَرِ، فَسَمَتْ وَارْتَفَعَتْ حَتَّى إِذَا سَدَّتِ الْخَافِقَيْنِ، وَأَنَا أُقَلِّبُ طَرْفِي، فَلَوْ شِئْتُ أَنْ أَمَسَّ السَّمَاءَ مَسَسْتُ، فَالْتَفَتُّ، فَإِذَا جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَأَنَّهُ حِلْسٌ لَاطِءٌ فَعَرَفْتُ فَضْلَ عِلْمِهِ بِاللّٰهِ عَلَيَّ، وَفُتِحَ لِي بَابٌ مِنَ السَّمَاءِ فَرَأَيْتُ النُّورَ الْأَعْظَمَ، وَلَطَّ دُونِي الْحِجَابُ

وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے میں آپ کے حوالہ سے وہی حدیث بیان کروں گا جو میں نے آپ سے کئی مرتبہ سنی ہو۔ میں نے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جوکوئی آدمی کسی عورت سے شادی کرے جس دن شادی کرے اس کا حق مہر نہ دے وہ قیامت کے دن اللہ عزوجل سے حالت زانیہ میں ملے گا' جوکوئی آدمی کسی سے قرض لے اوراس کی نیت ادا کرنے کی نہ ہواور وہ مرگیا' اس نے ادا نہیں کیا تو اللہ عزوجل سے ملے گا اس حالت میں کہ وہ چور ہوگا۔

یہ حدیث ابوخلدہ سے ابوسعید مولیٰ بنی ہاشم روایت کرتے ہیں۔ حضرت میمونہ الکردی سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اسی اثناء میں کہ میں بیٹھا ہوا تھا حضرت جبریل امین علیہ السلام آئے' میرے دونوں کندھوں کے درمیان ہاتھ مارا' میں اُٹھ کر ایک درخت کی طرف گیا جس میں پرندے کے دوگھونسلوں کی مانند جگہ تھی۔ ان میں سے ایک میں' میں بیٹھ گیا اور ایک میں وہ بیٹھ گئے۔ وہ اُٹھ کر بلند ہونا شروع ہوگئی۔ یہاں تک کہ آسمان کے قریب پہنچ گئی۔ میں نے اپنا پہلو بدلا' پس اگر میں چاہتا تو آسمان کو چھو لیتا۔ میں نے دوسری طرف توجہ کرلی۔ جبریل گھونسلے کو لازم پکڑے ہوئے تھے' پس میں نے پہچان لیا اپنے اوپر ان کے اللہ کو جاننے کی فضیلت کو۔ آسمان سے ایک دروازہ میرے لیے کھولا

Marfat.com

رَفْرَفُهُ الدُّرُّ، وَالْيَاقُوتُ، فَاَوْحَى اللّٰهُ اِلَيَّ مَا شَاءَ اَنْ يُوحِيَ

گیا۔ میں نے نورِ اعظم کو دیکھا' میرے آگے ایسا پردہ تھا اس کا کنارہ سفید تھا' اللہ تعالیٰ نے میری طرف وحی فرمائی جو اس کی منشا تھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ اِلَّا الْحَارِثُ

اس حدیث کو ابو عمران سے حارث ہی روایت کرتے ہیں۔

**6215** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الزُّبَيْدِيُّ اَبُو حُمَةَ قَالَ: نا اَبُو قُرَّةَ مُوسَى بْنُ طَارِقٍ، عَنْ زَمْعَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّهُ: سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: خَصْلَتَانِ لَا يُحَافِظُ عَلَيْهِمَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ فِي يَوْمِهِ وَلَيْلَتِهِ اِلَّا اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ، وَهُمَا يَسِيرَانِ، وَقَلِيلٌ مَنْ يُحَافِظُ عَلَيْهِمَا، قَالُوا: وَمَا هُمَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: تَسْبِيحُ الْعَبْدِ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ عَشْرًا، وَيَحْمَدُ عَشْرًا، وَيُهَلِّلُ عَشْرًا، وَهِيَ خَمْسُونَ وَمِائَةٌ فِي يَوْمِهِ وَلَيْلَتِهِ، وَهِيَ عِنْدَ اللّٰهِ اَلْفٌ وَخَمْسُ مِائَةِ حَسَنَةٍ، وَيُسَبِّحُ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ تَسْبِيحَةً، وَيَحْمَدُ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ تَحْمِيدَةً، وَيُكَبِّرُ اَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ تَكْبِيرَةً، فَذٰلِكَ مِائَةٌ، وَهِيَ عِنْدَ اللّٰهِ اَلْفُ حَسَنَةٍ،

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ دو باتیں ایسی ہیں جن پر کوئی مسلمان بندہ دن رات کو ہمیشگی کرتا ہے تو اللہ عزوجل اس کو جنت میں داخل کرے گا' دونوں آسان ہیں' ان دونوں پر عمل کرنے والے کم ہیں۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ دونوں کیا ہیں؟ فرمایا: جو کوئی مسلمان بندہ ہر فرض نماز کے بعد دس مرتبہ الحمد للہ' دس مرتبہ سبحان اللہ' دس مرتبہ لا الٰہ الا اللہ' رات میں ایک سو پچاس مرتبہ پڑھے گا تو اس کا ثواب اللہ کے ہاں پندرہ سو نیکیوں کے برابر ہے۔ تینتیس مرتبہ سبحان اللہ' چونتیس مرتبہ اللہ اکبر' تینتیس مرتبہ الحمد للہ پڑھے گا تو یہ سو جائے گا' اللہ کے ہاں یہ نیکیاں ایک ہزار ہو جائیں گی' اس کا ثواب پچیس سو نیکیوں کے برابر ہوگا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم اس پر ہمیشگی کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز پڑھ رہا ہوتا ہے تو

---

**6215**- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد**4**صفحه**318** رقم الحديث: **5065**' والترمذي: الدعوات جلد**5**صفحه**478** رقم الحديث: **3410** وقال: حسن صحيح . والنسائي: السهو جلد **3**صفحه**62-63** (باب عدد التسبيح بعد التسليم)' وابن ماجة: الاقامة جلد **1**صفحه**299** رقم الحديث: **926**' وأحمد: المسند جلد**2**صفحه**275** رقم الحديث: **6924** .

Marfat.com

فَذَلِكَ أَلْفَانِ وَخَمْسُ مِائَةِ حَسَنَةٍ . قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا لَنَا لَا نُحَافِظُ عَلَى ذٰلِكَ؟ قَالَ: إِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا قَضَى صَلَاتَهُ أَتَاهُ الشَّيْطَانُ، فَذَكَّرَهُ حَوَائِجَهُ، فَيَقُومُ قَبْلَ أَنْ يَقُولَهَا، فَإِذَا أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ أَتَاهُ، فَأَلْهَاهُ عَنْهَا حَتَّى يَنَامَ

شیطان اس کو اس کے کام یاد کروا دیتا ہے' وہ ان کو پڑھنے سے پہلے کھڑا ہو جاتا ہے' جب بستر پر آتا ہے تو وہ اس کو بھلا دیتا ہے یہاں تک کہ وہ سو جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ إِلَّا زَمْعَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو قُرَّةَ

یہ حدیث زیاد بن سعد سے زمعہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوقرہ اکیلے ہیں۔

**6216** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا مُحْرِزُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ عَرْفَجَةَ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ قَالَ: كُنَّا فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نُسَمِّيهَا الْمَانِعَةَ، وَإِنَّهَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ سُورَةٌ، مَنْ قَرَأَهَا فِي كُلِّ لَيْلَةٍ فَقَدْ أَكْثَرَ وَأَطَابَ، يَعْنِي، تَبَارَكَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں مانعہ' اس کا نام رکھتے تھے۔ ایک سورت کا جو قرآن میں ہے' جو اس کو ہر رات پڑھتا ہے وہ عذابِ قبر سے محفوظ رہے گا' وہ سورت تبارک الذی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، إِلَّا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ

یہ حدیث سہیل بن ابوصالح سے ابن ابوحازم روایت کرتے ہیں۔

**6217** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَوَّاسُ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ الزَّنْجِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: مَارَانِي رَجُلٌ مِنْ بَنِي فَزَارَةَ فِي الرَّجُلِ الَّذِي اتَّبَعَهُ مُوسَى قَالَ: قُلْتُ: هُوَ الْخَضِرُ، قَالَ الْفَزَارِيُّ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں بنی فزارہ میں سے کسی آدمی کو نہیں دیکھتا جس کی موسیٰ علیہ السلام نے تلاش کی ہو' وہ خضر علیہ السلام ہیں۔ حضرت فزارہ نے فرمایا: وہ کوئی آدمی تھا' ہمارے پاس سے حضرت ابی بن کعب گزرے' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس کو بلاؤ' ان سے پوچھو کیا آپ نے

**6217**- أخرجه البخاري: العلم جلد**1** صفحه**202** رقم الحديث:**74**' ومسلم: الفضائل جلد**4** صفحه**1847** .

Marfat.com

هُوَ رَجُلٌ آخَرُ، فَمَرَّ بِنَا أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ . قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَدَعَوْتُهُ، فَسَأَلْتُهُ: أَسَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ الَّذِي تَبِعَهُ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ؟ قَالَ: نَعَمْ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: بَيْنَا مُوسَى جَالِسٌ فِي مَلَإٍ بَنِي إِسْرَائِيلَ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: مَا مِنْ رَجُلٍ أَعْلَمُ بِاللّٰهِ مِنْكَ؟ قَالَ: مَنْ أَرَادَهُ؟ قَالَ: فَعَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، إِذَا لَمْ يَرُدَّ الْأَمْرَ عَلَيْهِ، فَأَوْحَى اللّٰهُ: بَلْ عَبْدِي الْخَضِرُ، فَسَأَلَ السَّبِيلَ إِلَيْهِ؟ فَجَعَلَ اللّٰهُ لَهُ الْحُوتَ آيَةً إِذَا افْتَقَدَهُ، وَكَانَ مِنْ شَأْنِهِ مَا قَصَّ اللّٰهُ

رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق کچھ سنا ہے؟ حضرت ابی نے فرمایا: جی ہاں! میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کے گروہ میں بیٹھے ہوئے تھے ایک آدمی نے آپ سے عرض کی: آپ سے زیادہ بھی کوئی اللہ کو جاننے والا ہے؟ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: آپ کس کو دیکھتے ہیں؟ اللہ عزوجل آپ کی اس بات سے ناراض ہوا' آپ کو کوئی جواب نہیں دیا۔ اللہ عزوجل نے وحی کی: ہاں! بلکہ آپ سے زیادہ مجھے جاننے والا میرا بندہ خضر ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس کی طرف جانے کے لیے پوچھا' اللہ عزوجل نے اس جگہ کی نشانی مچھلی بتائی کہ جب وہاں آپ مچھلی نہ پائیں گے' یہ بات ہے جو اللہ عزوجل نے بیان کی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ إِلَّا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَيْمُونٍ الْقَدَّاحُ

یہ حدیث جعفر بن محمد سے مسلم بن خالد اور عبداللہ بن میمون القداح روایت کرتے ہیں۔

**6218** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا مُحْرِزُ بْنُ سَلَمَةَ، وحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ إِسْحَاقَ الْوَزِيرُ الْأَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُورٍ الْمَكِّيُّ، قَالَا: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ كَانَ يَدْعُو بِهَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ: اللّٰهُمَّ أَنْتَ الْأَوَّلُ فَلَا شَيْءَ قَبْلَكَ، وَأَنْتَ الْآخِرُ فَلَا شَيْءَ بَعْدَكَ، أَعُوذُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آپ ﷺ ان کلمات کے ساتھ دعا کرتے تھے: "اللّٰھم انت الاول الٰی آخرہ" (دعا کو اصل حدیث سے دیکھ کر یاد کر لیا جائے)۔

Marfat.com

بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ دَابَّةٍ نَاصِيَتُهَا بِيَدِكَ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنَ الْإِثْمِ وَالْكَسَلِ، وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَفِتْنَةِ الْغِنَى، وَفِتْنَةِ الْفَقْرِ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ، وَالْمَغْرَمِ، اللّٰهُمَّ نَقِّ قَلْبِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ، اللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِي، وَبَيْنَ خَطِيئَتِي كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ هَذَا مَا سَاَلَ مُحَمَّدٌ رَبَّهُ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ خَيْرَ الْمَسْاَلَةِ، وَخَيْرَ الدُّعَاءِ، وَخَيْرَ النَّجَاحِ، وَخَيْرَ الْعَمَلِ، وَخَيْرَ الثَّوَابِ، وَخَيْرَ الْمَحْيَا، وَخَيْرَ الْمَمَاتِ، وَثَبِّتْنِي، وَثَقِّلْ مَوَازِينِي، وَارْفَعْ دَرَجَتِي، وَتَقَبَّلْ صَلَاتِي، وَاغْفِرْ خَطِيئَتِي، وَاَسْاَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلَى مِنَ الْجَنَّةِ. آمِينَ، اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ الْجَنَّةَ . آمِينَ . اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ خَيْرَ مَا فُعِلَ وَخَيْرَ مَا عُمِلَ، وَخَيْرَ مَا بَطَنَ وَخَيْرَ مَا ظَهَرَ، وَالدَّرَجَاتِ الْعُلَى مِنَ الْجَنَّةِ. آمِينَ. اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ اَنْ تَرْفَعَ ذِكْرِي، وَتَضَعَ وِزْرِي، وَتُصْلِحَ اَمْرِي، وَتُطَهِّرَ قَلْبِي، وَتَحَفَّظَ فَرْجِي، وَتُنَوِّرَ لِي قَلْبِي، وَتَغْفِرَ ذَنْبِي، وَاَسْاَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلَى مِنَ الْجَنَّةِ. آمِينَ. اللّٰهُمَّ نَجِّنِي مِنَ النَّارِ

وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ مُحَمَّدِ بْنِ زُنْبُورٍ

حدیث کے یہ الفاظ محمد بن زنبور کے ہیں۔

**6219** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زُرَارَةَ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا اَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مُعَلِّمُ الْخَيْرِ يَسْتَغْفِرُ لَهُ كُلُّ شَيْءٍ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بھلائی کی تعلیم دینے والے استاد کے لیے ہر شی بخشش مانگتی ہے یہاں تک کہ مچھلیاں سمندر میں۔

Marfat.com

حَتَّى الْحِيتَانُ فِي الْبِحَارِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا أَبُو إِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ

یہ حدیث حضرت اعمش سے ابواسحاق الفزاری روایت کرتے ہیں۔

**6220** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ قَالَ: نا مَخْلَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْمُوقَيْنِ وَالْخِمَارِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو موزوں اور عمامہ پر مسح کرتے ہوئے دیکھا (مراد عمامہ کے نیچے ہاتھ داخل کر کے سر پر مسح کرتے ہوئے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ إِلَّا مَخْلَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ

یہ حدیث ہشام بن حسان سے مخلد بن حسین روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مسیب بن واضح اکیلے ہیں۔

**6221** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ الْجُذَامِيِّ، عَنْ صَالِحِ بْنِ خَيْوَانَ، عَنْ أَبِي سَهْلَةَ السَّائِبِ بْنِ خَلَّادٍ، أَنَّ رَجُلًا أَمَّ قَوْمًا، فَبَسَقَ فِي الْقِبْلَةِ، وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ فَرَغَ: لَا يُصَلِّي لَكُمْ هَذَا، فَأَرَادَ بَعْدَ ذَلِكَ أَنْ يُصَلِّيَ بِهِمْ، فَمَنَعُوهُ، وَأَخْبَرُوهُ بِقَوْلِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوسہلہ السائب بن خلاد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی قوم کو امامت کروا رہا تھا' اس نے قبلہ کی جانب تھوکا' رسول اللہ ﷺ اس کو دیکھ رہے تھے' جس وقت وہ نماز پڑھا کر فارغ ہوا تو آپ نے فرمایا: تمہاری نماز نہیں ہوئی' اس نے دوبارہ نماز پڑھانے کا ارادہ کیا' نمازیوں نے منع کیا' ان کو رسول اللہ ﷺ کی بات بتائی گئی' یہ بات رسول اللہ ﷺ کے ہاں ذکر ہوئی' آپ نے فرمایا: ٹھیک ہے' انہوں نے نہیں کیا' میرا خیال ہے کہ آپ نے فرمایا: تُو نے اللہ کو تکلیف دی یا اس طرح

**6221**- اخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **127** رقم الحديث: **481**' وأحمد: المسند جلد **4** صفحه **70** رقم الحديث: **16567**' وابن حبان ( **334**/موارد) . وانظر الترغيب للمنذري جلد **1** صفحه **202** رقم الحديث: **10** .

Marfat.com

وَسَلَّمَ . فَذَكَرَ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: نِعْمَ مَا فَعَلُوا ، وَاَحْسِبُهُ قَالَ: آذَيْتَ اللّٰهَ اَوْ نَحْوَ ذٰلِكَ

کا کلمہ فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ

یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عمرو بن حارث اکیلے ہیں۔

**6222** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَاِذَا قَالُوا: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ فَقَدْ عَصَمُوا مِنِّي اَمْوَالَهُمْ وَاَنْفُسَهُمْ، اِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنہوں نے لا الہ الا اللہ پڑھ لیا' انہوں نے اپنے اموال اور جانیں محفوظ کر لیں اور ان کا باطنی معاملہ اللہ کے سپرد ہے۔

**6223** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَيَّاتُ مَا سَالَمْنَاهُنَّ مُنْذُ حَارَبْنَاهُنَّ، فَمَنْ رَاَى مِنْهُنَّ شَيْئًا فَلْيَقْتُلْهُ، فَاِنَّهُ لَا يَبْدُو لَكُمْ مُسْلِمُوهُمْ، وَمَنْ تَرَكَ مِنْهُنَّ خِيفَةً شَيْئًا فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سانپ سے ہم محفوظ نہیں ہیں جب سے ہم اس سے لڑے ہیں' جو سانپ دیکھے اس کو مارے کیونکہ تم میں سے کسی کو نہیں چھوڑے گا' جس نے اس سے ڈرتے ہوئے اسے چھوڑ دیا اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

**6224** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

---

**6222**- أخرجه البخاري: الزكاة جلد**3**صفحه**308** رقم الحديث:**1399**' ومسلم: الايمان جلد**1**صفحه**51** .

**6224**- أصله عند البخاري ومسلم . أخرجه البخاري: المناقب جلد **6**صفحه**647** رقم الحديث: **3539** بلفظ: سموا باسمي' ولا تكتنوا بكنيتي وأيضًا في فرض الخمس جلد**6**صفحه**251** رقم الحديث: **3117** . بلفظ:

Marfat.com

قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَجْمَعُوا اسْمِي وَكُنْيَتِي، أَنَا أَبُو الْقَاسِمِ، اللّٰهُ يُعْطِي وَأَنَا قَاسِمٌ

ﷺ نے فرمایا: میری کنیت اور نام کو جمع نہ کرو میں ابوالقاسم ہوں' اللہ دیتا ہے میں تقسیم کرتا ہوں۔

**6225** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ أَمِيرِ عَشَرَةٍ إِلَّا يُؤْتَى بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَغْلُولًا، حَتَّى يَفُكَّهُ الْعَدْلُ، أَوْ يُوبِقَهُ الْجَوْرُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی آدمی دس آدمیوں کا امیر بن جائے' جو خیانت کی ہوگی وہ قیامت کے دن لے آئے گا یا تو اس کا عدل اس کو بچالے گا یا اس کا ظلم آ کر ہلاک کر دے گا۔

**6226** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَخَذَ شِبْرًا مِنَ الْأَرْضِ بِغَيْرِ حَقِّهِ طُوِّقَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ سَبْعِ أَرَضِينَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو بغیر حق کے کسی کی ایک بالشت زمین بھی لے' اس کو قیامت کے دن سات زمینوں کا طوق بنا کر اس کے گلے میں ڈالا جائے گا۔

**6227** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اگر کوئی آدمی کسی کے گھر میں جھانکے تو وہ اس کو کنکری مارے' اس کی آنکھ پھوڑ دی جائے' اس مارنے والے پر کوئی گناہ نہیں ہے۔

---

ما أعطيكم ولا أمنعكم' انما أنا قاسم أضع حيث أمرت . ومسلم: الآداب جلد3صفحه1684 في شطره الأول فقط . وأحمد: المسند جلد2صفحه571 رقم الحديث: 9611 . ولفظه عند أحمد .

6227- أخرجه البخاري: الديات جلد12صفحه225 رقم الحديث: 6888' ومسلم: الآداب جلد3صفحه1699 .

Marfat.com

وَسَلَّمَ: لَوِ اطَّلَعَ عَلَيْكَ اَحَدٌ فِي بَيْتِكَ فَخَذَفْتَهُ فَفَقَأْتَ عَيْنَهُ، مَا كَانَ عَلَيْكَ جُنَاحٌ

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ

یہ تمام احادیث عبداللہ بن محمد بن عجلان سے ابراہیم بن منذر الحزامی روایت کرتے ہیں۔

**6228** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيرٌ مُشَبَّكٌ بِالْبَوَارِي، عَلَيْهِ كِسَاءٌ اَسْوَدُ، فَاَجْلَسْنَاهُ عَلَى الْبَوَارِي، فَدَخَلَ عَلَيْهِ اَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ عَلَيْهِ، فَنَظَرَا، فَرَاَيَا اَثَرَ السَّرِيرِ فِي جَنْبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَكَى اَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، فَقَالَ لَهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُبْكِيكُمَا؟، قَالَا: نَبْكِي اَنَّ هٰذَا السَّرِيرَ قَدْ اَثَّرَ فِي جَنْبِكَ خُشُونَتُهُ وَكِسْرَى، وَقَيْصَرُ عَلَى فُرُشِ الْحَرِيرِ وَالدِّيبَاجِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ عَاقِبَةَ كِسْرَى، وَقَيْصَرَ اِلَى النَّارِ، وَعَاقِبَةَ سَرِيرِي هٰذَا الْجَنَّةَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کی چارپائی تھی اس پر بستر بوریا کا تھا اس پر کالی چادر تھی ہم بوریا پر بیٹھے ہوئے تھے حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما دونوں تشریف لائے حضور ﷺ تشریف فرما تھے دونوں نے آپ کی زیارت کی چارپائی کے نشانات آپ کے جسم اطہر پر تھے۔ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما دونوں رو پڑے۔ حضور ﷺ نے ان دونوں کو فرمایا: آپ کیوں روئے ہیں؟ دونوں نے عرض کی: ہم ان نشانات کو دیکھ کر رو رہے ہیں جو آپ کے جسم پر ہیں۔ (ہم نے دیکھا) کسریٰ و قیصر ریشم اور دیباج کے بستر پر لیٹتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: کسریٰ و قیصر کا انجام جہنم ہے میری یہ چارپائی کا انجام جنت میں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ اللَّيْثِ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث لیث سے عبدالعزیز بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔

**6229** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْجُدِّيُّ قَالَ: نا بَكَّارُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنُ اَخِي مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيُّ قَالَ:

حضرت زید بن عبدالرحمٰن اپنی والدہ حیی بنت قریط سے وہ اپنی والدہ عقیلہ بنت عبید بن حارث سے وہ فرماتی ہیں کہ میں اور میری والدہ قریرہ بنت حارث عتواریہ

Marfat.com

نا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أُمِّهِ حَجَّةَ بِنْتِ قُرْبُطٍ، عَنْ أُمِّهَا عَقِيلَةَ بِنْتِ عُبَيْدِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَتْ: جِئْتُ أَنَا وَأُمِّي، قَرِيرَةُ بِنْتُ الْحَارِثِ الْعُتْوَارِيَّةُ فِي نِسَاءٍ مِنَ الْمُهَاجِرَاتِ، فَبَايَعْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ضَارِبٌ عَلَيْهِ قُبَّةً بِالْأَبْطَحِ، وَأَخَذَ عَلَيْنَا أَلَّا نُشْرِكَ بِاللَّهِ شَيْئًا، الْآيَةَ كُلَّهَا، فَلَمَّا أَقْرَرْنَا وَبَسَطْنَا أَيْدِينَا لِنُبَايِعَهُ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا أَمَسُّ أَيْدِي النِّسَاءِ فَاسْتَغْفَرَ لَنَا، وَكَانَتْ تِلْكَ بَيْعَتَنَا

مہاجرات عورتوں کے ساتھ آئیں' ہم آپ ﷺ کے پاس آئیں' آپ چمڑے کا خیمہ لگا رہے تھے' آپ نے ہم سے شرک نہ کرنے کا وعدہ لیا' جب ہم نے اقرار کرلیا تو ہم نے اپنے ہاتھ بڑھائے بیعت کرنے کے لیے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میں عورتوں کے ہاتھوں کو نہیں چھوتا ہوں' ہمارے لیے آپ نے بخشش کی دعا مانگی' یہ ہماری بیعت تھی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَقِيلَةَ بِنْتِ عُبَيْدٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ بَكَّارُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الرَّبَذِيُّ

یہ حدیث عقیلہ بنت عبیدہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں بکار بن عبداللہ الربذی اکیلے ہیں۔

**6230** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْهَا يَوْمَ عَرَفَةَ؟ فَقَالَ: هِيَ حَقٌّ يَعْنِي: الْعَتِيرَةَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ سے یومِ عرفہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: حق ہے یعنی عتیرہ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ إِلَّا سُفْيَانُ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ

یہ حدیث زید بن اسلم سے سفیان روایت کرتے ہیں اور سفیان سے محمد بن ابوعمر الصرفی اکیلے ہیں۔

**6231** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

---

**6231**- أخرجه أبو داؤد: الطلاق جلد**2**صفحه**260-261** رقم الحديث:**2175**' وابن حبان (**1319**/موارد) بنحوه .

Marfat.com

**6313** - حَدَّثَنَا الصَّائِغُ، ثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّمْلِيُّ، ثَنَا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ، عَنْ اَبَانَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اُمِّ هَانِءٍ بِنْتِ اَبِي طَالِبٍ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَبُرَتْ سِنِّي، وَرَقَّ عَظْمِي، فَدُلَّنِي عَلَى عَمَلٍ يُدْخِلُنِي الْجَنَّةَ، فَقَالَ: بَخٍ بَخٍ، لَقَدْ سَاَلْتِ تُسَبِّحِينَ اللّٰهَ مِائَةً، فَهُوَ خَيْرٌ لَكِ مِنْ مِائَةِ رَقَبَةٍ تُعْتِقِينَهَا، وَاحْمَدِي اللّٰهَ مِائَةَ مَرَّةٍ، فَهُوَ خَيْرٌ لَكِ مِنْ مِائَةِ فَرَسٍ مُسْرَجَةٍ مُلْجَمَةٍ، تَحْمِلِينَ عَلَيْهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَكَبِّرِي اللّٰهَ مِائَةَ مَرَّةٍ فَهِيَ خَيْرٌ لَكِ مِنْ مِائَةِ بَدَنَةٍ مُقَلَّدَةٍ مُجَلَّلَةٍ تُهْدِينَهَا اِلَى بَيْتِ اللّٰهِ تَعَالَى، وَقُولِي: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِائَةَ مَرَّةٍ، فَهُوَ خَيْرٌ لَكِ مِمَّا اَطْبَقَتْ عَلَيْهِ السَّمَاءُ وَالْاَرْضُ، وَلَا يُرْفَعُ لِاَحَدٍ يَوْمَئِذٍ عَمَلٌ اَفْضَلُ مِمَّا

حضرت اُم ھانی بنت ابوطالب رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں بوڑھی ہوگئی ہوں میری ہڈیاں کمزور ہوگئی ہیں مجھے ایسے عمل کے متعلق بتائیں کہ میں کروں کہ جنت میں داخل ہو جاؤں! آپ ﷺ نے فرمایا: خوشخبری خوشخبری! جو تُو نے مانگا ہے ایک سومرتبہ سبحان اللہ پڑھ تیرے لیے ایک سو غلام آزاد کرنے سے بہتر ہے جن کو تُو آزاد کرے گا۔ ایک سومرتبہ الحمد للہ پڑھ ان سو گھوڑوں سے بہتر ہے جو زین کے ساتھ مزین ہوں اور ان پر سوار ہو کر اللہ کی راہ میں لڑیں اور سو مرتبہ اللہ اکبر پڑھ یہ ان سو سواریوں سے بہتر ہے جن کے گلے میں قلادہ لٹکا ہوا ہو ان کو اللہ کے گھر کی طرف بھیجا۔ اور سومرتبہ لا الٰہ الا اللہ پڑھ یہ تیرے لیے بہتر ہے جس پر آسمان و زمین بند ہیں اس دن کسی کا عمل تیرے عمل سے

**6312**- أخرجه البخاري: الأشربة جلد **10** صفحه **93** رقم الحديث: **5628**' وابن ماجة: الأشربة جلد **2** صفحه **1132** رقم الحديث: **3420**' وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **309** رقم الحديث: **7172**.

Marfat.com

يُرْفَعُ لَكَ، اِلَّا مَنْ قَالَ مِثْلَ مَا قُلْتَ، اَوْ زَادَ

بلند نہیں ہوگا' مگر جس نے تیری طرح یا اس سے زیادہ مرتبہ پڑھ لیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ اِلَّا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ

یہ حدیث ابن شوذب سے ضمرہ بن ربیعہ روایت کرتے ہیں۔

**6314** - حَدَّثَنَا الصَّائِغُ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَعْقُوبَ الطَّالَقَانِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ السَّفَرِ الدِّمَشْقِيُّ، ثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ عَطَاءٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُنْزِلُ اللّٰهُ عَلَى اَهْلِ الْمَسْجِدِ مَسْجِدِ مَكَّةَ كُلَّ يَوْمٍ عِشْرِينَ وَمِائَةَ رَحْمَةٍ، سِتِّينَ مِنْهَا لِلطَّائِفِينَ، وَاَرْبَعِينَ لِلْمُصَلِّينَ، وَعِشْرِينَ مِنْهَا لِلنَّاظِرِينَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل ہر دن ایک سو رحمتیں مسجد حرام پر بھیجتا ہے' ان میں ساٹھ طواف کرنے والوں' چالیس نمازیوں کے لیے' بیس زیارت کرنے والوں کے لیے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ السَّفَرِ

یہ حدیث اوزاعی سے عبدالرحمٰن بن سفر روایت کرتے ہیں۔

**6315** - حَدَّثَنَا الصَّائِغُ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ الْعَلَّافُ الرَّازِيُّ، ثَنَا اَبُو سَعِيدٍ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَبْنِي الْمَسْجِدَ، وَكَانَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ يَحْمِلُ صَخْرَتَيْنِ، فَقَالَ: وَيْحَ ابْنِ سُمَيَّةَ، تَقْتُلُهُ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مسجد بنا رہے تھے۔ حضرت عمار بن یاسر دو دو پتھر اُٹھا رہے تھے' آپ نے فرمایا: ابن سمیہ کے لیے ہلاکت ہو! اس کو ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ اِلَّا اَبُو سَعِيدٍ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ الرَّازِيُّ

یہ حدیث حماد بن سلمہ سے ابوسعید بنی ہاشم کے غلام روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن عمر الرازی اکیلے ہیں۔

**6316** - حَدَّثَنَا الصَّائِغُ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ

Marfat.com

الْعَلَّافُ، ثَنَا اَبُو سَعِيدٍ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَجْلَسَ حُسَيْنًا عَلَى فَخِذِهِ، فَجَاءَهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ: هَذَا ابْنُكَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: اُمَّتُكَ سَتَقْتُلُهُ بَعْدَكَ، فَدَمَعَتْ عَيْنَا رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنْ شِئْتَ اَرَيْتُكَ تُرْبَةَ الْاَرْضِ الَّتِي يُقْتَلُ بِهَا قَالَ: نَعَمْ، فَاَتَاهُ جِبْرِيلُ بِتُرَابٍ مِنْ تُرَابِ الطَّفِّ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا حَمَّادُ الدِّينَارِيُّ

نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو اپنی ران پر بٹھایا ہوا تھا' حضرت جبریل علیہ السلام تشریف لائے' آپ کو سلام کیا' عرض کی: یہ آپ کے لختِ جگر ہیں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! عرض کی: آپ کی اُمت عنقریب آپ کے بعد اس کو قتل کرے گی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے' حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: اگر آپ چاہیں تو آپ کو اس زمین کی مٹی لا دوں جس جگہ آپ کے لختِ جگر کو قتل کیا جائے گا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! حضرت جبریل علیہ السلام آپ کے پاس مقامِ طف کی مٹی لے کر آئے۔

یہ حدیث ایوب سے حماد الدیناری روایت کرتے ہیں۔

**6317** - حَدَّثَنَا الصَّائِغُ، نا زَهْدَمُ بْنُ الْحَارِثِ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ اَبِي بَزَّةَ، حَدَّثَنِي عُثْمَانُ بْنُ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ: اَضْلَلْتُ حِمَارًا لِي، فَخَرَجْتُ اَطْلُبُهُ بِعَرَفَةَ، فَرَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُمْ بِعَرَفَةَ، وَاَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقِفُ مَوَاقِفَ قُرَيْشٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْاَسْوَدِ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْقَاسِمِ، تَفَرَّدَ بِهِ زَهْدَمُ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرا گدھا گم ہو گیا' میں عرفات میں اس کی تلاش میں نکلا' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عرفات میں دیکھا' آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر تھے' قریش کے ٹھہرنے کی جگہ کھڑے تھے۔

یہ حدیث عثمان بن اسود سے عبداللہ بن قاسم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں زہدم اکیلے ہیں۔

**6318** - حَدَّثَنَا الصَّائِغُ، ثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ

حضرت ولید بن عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ

6317- أخرجه البخاري: الحج جلد3 صفحه602 رقم الحديث:1664' ومسلم: الحج جلد2 صفحه894 بنحوه .

Marfat.com

جَعْفَرٍ، نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ حَبِيبٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ اَبَاهُ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ لَمَّا حُضِرَ، قَالَ لَهُ ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ: يَا اَبَتَاهُ، اَوْصِنِي قَالَ: اَجْلِسُونِي لِابْنِي، فَاَجْلَسُوهُ، فَقَالَ: يَا بُنَيَّ اتَّقِ اللّٰهَ، وَلَنْ تَتَّقِيَ اللّٰهَ حَتَّى تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ، وَلَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ حَتَّى تُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ، وَتَعْلَمَ اَنَّ مَا اَصَابَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَكَ، وَمَا اَخْطَاَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيبَكَ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْقَدْرُ عَلَى هَذَا، مَنْ مَاتَ عَلَى غَيْرِ هَذَا اَدْخَلَهُ اللّٰهُ النَّارَ

فرماتے ہیں. ان کے والد عبادہ بن صامت کی وفات کا وقت قریب آیا تو ان کے بیٹے عبداللہ نے عرض کی: اے ابوجان! مجھے کوئی وصیت کریں! آپ نے فرمایا: میرے بیٹے! مجھے بٹھاؤ! آپ کو بٹھایا گیا تو فرمایا: اے میرے بیٹے! اللہ سے ڈرنا' اللہ سے جب ڈرے گا جب تُو اللہ پر ایمان لائے گا' اللہ پر ایمان تب لائے گا جب تُو اچھی اور بُری تقدیر پر ایمان لائے گا' اور جان کہ جو تجھے ملنا ہے وہ غلط نہیں ہوسکتا ہے جو غلط ہے وہ تجھے نہیں ملے گا۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: تقدیر اس طرح ہے جو اس حالت کے علاوہ پر ہو کہ اللہ عزوجل اس کو جہنم میں داخل کرے گا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ حَبِيبٍ الْمُحَارِبِيِّ اِلَّا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي الْعَاتِكَةِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْوَلِيدُ

یہ حدیث سلیمان بن حبیب المحاربی سے عثمان بن ابوالعاتکہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ولید اکیلے ہیں۔

**6319** - حَدَّثَنَا الصَّائِغُ، نا مَهْدِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّمْلِيُّ، نا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، عَنِ الْوَازِعِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَفَكَّرُوا فِي آلَاءِ اللّٰهِ، وَلَا تَتَفَكَّرُوا فِي اللّٰهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی نعمتوں میں غور وفکر کرو' اللہ کی ذات میں غور نہ کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَالِمٍ اِلَّا الْوَازِعُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ

یہ حدیث عقبہ بن مسلم سے حیوۃ بن شریح روایت کرتے ہیں۔

**6320** - حَدَّثَنَا الصَّائِغُ، نا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ التِّنِّيسِيُّ، ثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، ثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُسْلِمٍ،

حضرت عبداللہ بن حارث بن جزء الزبیدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک دن رسول اللہ ﷺ کے

6320- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 48 رقم الحديث: 193 وفيه قصة .

Marfat.com

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ الزُّبَيْدِيِّ قَالَ: كُنَّا يَوْمًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ، وَصَنَعَ لَنَا طَعَامًا، فَأَكَلْنَا، ثُمَّ أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، فَصَلَّيْنَا، وَلَمْ نَتَوَضَّأْ

ساتھ مسجد میں تھے ہمارے لیے کھانا بنایا گیا' ہم نے کھایا پھر نماز کے لیے اقامت پڑھی تو ہم نے نماز پڑھی اور وضو نہیں کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ مُسْلِمٍ إِلَّا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ

یہ حدیث عقبہ بن مسلم سے حیوۃ بن شریح روایت کرتے ہیں۔

**6321** - حَدَّثَنَا الصَّائِغُ، نا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ التِّنِّيسِيُّ، نا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ الْهَادِ، عَنْ زُمَيْلٍ، مَوْلَى عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: أُهْدِيَ لِي وَلِحَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامٌ، وَكُنَّا صَائِمَتَيْنِ، فَقَالَتْ إِحْدَانَا لِصَاحِبَتِهَا: هَلْ لَكِ أَنْ تُفْطِرِي؟ قَالَتْ: نَعَمْ، فَأَفْطَرْنَا، ثُمَّ دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أُهْدِيَ لَنَا هَدِيَّةٌ، فَاشْتَهَيْنَاهَا، فَأَفْطَرْنَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَلَيْكُمَا، صُومَا يَوْمًا مَكَانَهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مجھے اور حفصہ کو کھانا بھیجا گیا' ہم دونوں روزے کی حالت میں تھیں' ہم میں ایک نے اپنی صاحبہ سے کہا: کیا آپ افطار کرنا چاہتی ہیں؟ اس نے کہا: جی ہاں! ہم نے روزہ افطار کیا۔ پھر ہمارے پاس رسول اللہ ﷺ تشریف لائے' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کو ہدیہ دیا گیا' ہم نے روزہ کھولنا چاہا تو حضور ﷺ نے فرمایا: تم دونوں پر نفلی روزہ کھولنے میں کوئی گناہ نہیں ہے' اس کے بدلے روزہ رکھ لو۔

لَا يَرْوِي هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زُمَيْلٍ مَوْلَى عُرْوَةَ إِلَّا ابْنُ الْهَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ حَيْوَةُ

یہ حدیث زمیل عروہ کے غلام سے ابن ھاد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حیوۃ اکیلے ہیں۔

**6322** - حَدَّثَنَا الصَّائِغُ، نا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ الْأَصَمِّ قَالَ: سَمِعْتُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ابوطالب کا وصال ہوا تو میں حضور ﷺ کے پاس آیا'

---

**6321**- أخرجه أبو داؤد: الصوم جلد 2 صفحه 342 رقم الحديث: 2457' والترمذي: الصوم جلد 3 صفحه 103 رقم الحديث: 735' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 294 رقم الحديث: 26321 ولفظه عند أبي داؤد .

**6322**- أخرجه أبو داؤد: الجنائز جلد 3 صفحه 211 رقم الحديث: 3214' والنسائي: الجنائز جلد 4 صفحه 65 (باب مواراة المشرك)' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 162 رقم الحديث: 1078 .

Marfat.com

السُّدِّيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَ أَبُو طَالِبٍ أَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: إِنَّ عَمَّكَ الشَّيْخَ قَدْ مَاتَ قَالَ: اذْهَبْ فَوَارِهِ، وَلَا تُحْدِثْ شَيْئًا حَتَّى تَأْتِيَنِي فَوَارَيْتُهُ، ثُمَّ أَتَيْتُهُ، فَقَالَ: اذْهَبْ فَاغْتَسِلْ، وَلَا تُحَدِّثْ شَيْئًا حَتَّى تَأْتِيَنِي، فَاغْتَسَلْتُ، ثُمَّ أَتَيْتُهُ، فَدَعَا لِي بِدَعَوَاتٍ، مَا يَسُرُّنِي بِهَا حُمْرُ النَّعَمِ

میں نے عرض کی: آپ کے چچا فوت ہو گئے ہیں' آپ نے فرمایا: فوراً جاؤ! کسی کو کوئی شی نہ بتانا یہاں تک کہ میرے پاس آؤ۔ میں فوراً گیا' پھر میں آیا تو آپ نے فرمایا: جاؤ غسل کرو! کسی کو کوئی شی نہ بتانا یہاں تک کہ میرے پاس آؤ! میں نے غسل کیا' پھر میں آیا تو آپ نے میرے لیے کئی دعائیں کیں' وہ دعائیں مجھے سرخ اونٹوں سے زیادہ پسند ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ السُّدِّيِّ إِلَّا يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ

یہ حدیث سدی سے یحییٰ بن یزید روایت کرتے ہیں۔

**6323** - حَدَّثَنَا الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَتَوَارَثُ أَهْلُ مِلَّتَيْنِ بِشَيْءٍ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دو مختلف (دینوں) والے آپس میں ایک دوسرے کے کسی شی کے وارث نہیں بن سکتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ إِلَّا سُفْيَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ

یہ حدیث یعقوب بن عطاء سے سفیان روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں سعید بن منصور اکیلے ہیں۔

**6324** - حَدَّثَنَا الصَّائِغُ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، نا سَعِيدُ بْنُ أَبِي الْأَبْيَضِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَبْعَةٌ يُظِلُّهُمُ اللَّهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سات آدمیوں کو اللہ عزوجل اپنی رحمت کا سایہ عطا کرے گا' جس دن صرف اس کی رحمت کا سایہ ہوگا: (۱) عادل بادشاہ کو (۲) وہ نوجوان جس نے اللہ کی

---

**6323**- أخرجه أبو داؤد: الفرائض جلد **3** صفحه **125** رقم الحديث: **2911**' وابن ماجة: الفرائض جلد **2** صفحه **912** رقم الحديث: **2731**' وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **263** رقم الحديث: **6856**.

**6324**- أخرجه البخاري: الأذان جلد **2** صفحه **168** رقم الحديث: **660**' ومسلم: الزكاة جلد **2** صفحه **715**.

Marfat.com

فِي ظِلِّهِ يَوْمَ لَا ظِلَّ إِلَّا ظِلُّهُ: إِمَامٌ عَادِلٌ، وَشَابٌّ نَشَأَ لِعِبَادَةِ اللَّهِ، وَرَجُلَيْنِ تَحَابَّا فِي اللَّهِ، اجْتَمَعَا عَلَى ذَلِكَ وَتَفَرَّقَا، وَرَجُلٌ قَلْبُهُ مُعَلَّقٌ بِالْمَسْجِدِ مَا إِنْ يَخْرُجَ مِنْهُ حَتَّى يَرْجِعَ إِلَيْهِ، وَرَجُلٌ دَعَتْهُ امْرَأَةٌ ذَاتُ حَسَبٍ وَمَنْصِبٍ إِلَى نَفْسِهَا، فَقَالَ: أَخْشَى اللَّهَ، وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ أَخْفَاهَا مِنْ شِمَالِهِ، حَتَّى لَا تَعْلَمَ شِمَالُهُ مَا تُنْفِقُ يَمِينُهُ، وَرَجُلٌ ذَكَرَ اللَّهَ، فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ

عبادت میں جوانی گزاری (۳) وہ دو آدمی جو اللہ کی محبت کے لیے اکٹھے اور علیحدہ ہوتے ہیں (۴) ایک وہ آدمی جس کا دل مسجد سے لگا رہا' وہ اس سے نکل کر واپس آ جاتا ہے (۵) ایک وہ آدمی جس کو مال دار حسن و جمال والی عورت اپنی طرف بلائے اور وہ کہے: میں اللہ سے ڈرتا ہوں (٦) ایک وہ آدمی جو چھپا کر صدقہ کرتا ہے یہاں تک کہ بائیں ہاتھ کو معلوم نہیں ہوتا کہ دائیں نے کیا خرچ کیا ہے (۷) ایک وہ آدمی جو اللہ کو یاد کرے اور اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جائیں۔

**6325** - حَدَّثَنَا الصَّائِغُ، ثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي الْأَبْيَضِ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا انْتَعَلَ أَحَدُكُمْ، فَلْيَنْتَعِلْ بِالْيَمِينِ، وَإِذَا خَلَعَهَا، فَلْيَبْدَأْ بِالشِّمَالِ، أَوْ لِيَخْلَعْهُمَا أَوْ لِيَنْعَلْهُمَا جَمِيعًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی جوتی پہنے تو دائیں جانب سے پہنے جب اُتارے تو بائیں جانب سے ابتداء کرے یا دونوں کو اکٹھی اُتارے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي الْأَبْيَضِ إِلَّا الْقَعْنَبِيُّ

یہ دونوں حدیثیں سعید بن ابوابیض سے قعنبی روایت کرتے ہیں۔

**6326** - حَدَّثَنَا الصَّائِغُ، ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ شَبِيبِ بْنِ سَعِيدٍ ثَنَا أَبِي، عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اقْتُلُوا الْكِلَابَ رَافِعًا صَوْتَهُ بِذَلِكَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کتے کو مارو جو زیادہ آوازیں نکالتے ہیں۔

---

**6325**- أخرجه البخاري: اللباس جلد**10**صفحه**324** رقم الحديث:**5856**' ومسلم: اللباس جلد**3**صفحه**1660** .

**6326**- أخرجه البخاري: بدء الخلق جلد**6**صفحه**414** رقم الحديث:**3323**' ومسلم: السلام جلد**4**صفحه**1753** .

Marfat.com

**6327** - حَدَّثَنَا الصَّائِغُ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شَبِيبٍ ثَنَا اَبِي، عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنْ بَيْعِ التَّمْرِ حَتَّى يَبْدُو صَلَاحُهُ، وَيَنْهَى عَنِ الْمُزَابَنَةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کھجور کی بیع پکنے سے پہلے کرنے سے منع کرتے تھے اور بیع مزابنہ سے منع کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا يُونُسُ، وَلَا عَنْ يُونُسَ اِلَّا شَبِيبُ بْنُ سَعِيدٍ، تَفَرَّدَ بِهِمَا اَحْمَدُ بْنُ شَبِيبٍ

یہ دونوں حدیثیں زہری سے یونس اور یونس سے شبیب بن سعید روایت کرتے ہیں۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں احمد بن شبیب اکیلے ہیں۔

**6328** - حَدَّثَنَا الصَّائِغُ، ثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْجُدِّيُّ، ثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهُذَلِيُّ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ الَّذِي يَفِرُّ مِنَ الْمَوْتِ كَمَثَلِ الثَّعْلَبِ تَطْلُبُهُ الْاَرْضُ بِدَيْنٍ، فَجَعَلَ يَسْعَى حَتَّى اِذَا عَيِيَ وَانْبَهَرَ دَخَلَ حُجْرَهُ، فَقَالَتْ لَهُ الْاَرْضُ: يَا ثَعْلَبُ دِينِي، فَخَرَجَ، وَلَهُ حُصَاصٌ، فَلَمْ يَزَلْ كَذَلِكَ حَتَّى انْقَطَعَتْ عُنُقُهُ، فَمَاتَ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس کی مثال جو موت سے بھاگتا ہے اس لومڑی کی طرح ہے جو زمین میں سوراخ تلاش کرتی ہے' اس میں گھومنے کی کوشش کرتی ہے' جب تھک جاتی ہے تو درمیان میں آتی ہے' سوراخ میں داخل ہوتی ہے' اس سے ہوا خارج ہوتی ہے' وہ اس طرح کرتی رہتی ہے یہاں تک کہ اس کی گردن کاٹی جاتی ہے اور مر جاتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا مُعَاذُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهُذَلِيُّ ابْنُ اَخِي اَبِي بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا

یہ حدیث یونس سے معاذ بن محمد الہذلی روایت کرتے ہیں۔ معاذ بن محمد الہذلی' ابوبکر الہذلی کے بھائی کے بیٹے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث اسی سند

**6327**- أخرجه البخاري: الزكاة جلد **3** صفحه **411** رقم الحديث: **1486**' ومسلم: البيوع جلد **3** صفحه **1165** . وأما قوله: وينهى عن المزابنة . أخرجه البخاري: البيوع جلد **4** صفحه **449** رقم الحديث: **2185**' ومسلم: البيوع جلد **3** صفحه **1171** .

**6328**- أخرجه الطبراني في الكبير جلد **7** صفحه **222** رقم الحديث: **6922** . وقال الهيثمي في المجمع جلد **2** صفحه **323**: وفيه معاذ بن محمد الهذلي قال العقيلي: لا يتابع على رفع حديثه .

Marfat.com

بِهَذَا الْإِسْنَادِ

سے روایت ہے۔

**6329** - حَدَّثَنَا الصَّائِغُ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ ثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: آذَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالصَّلَاةِ، فَقَالَ: مُرُوا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، ثُمَّ أُغْمِيَ عَلَيْهِ، فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْهُ قَالَ: أَمَرْتُمْ أَبَا بَكْرٍ أَنْ يُصَلِّيَ بِالنَّاسِ؟ قُلْنَا: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ رَقِيقٌ، فَإِنْ صَلَّى بِالنَّاسِ لَمْ يُسْمِعْهُمْ، فَلَوْ أَمَرْتَ عُمَرَ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، فَقَالَ: مُرُوا أَبَا بَكْرٍ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، فَإِنَّكُنَّ صَوَاحِبُ يُوسُفَ، فَرُبَّ قَائِلٍ وَمُتَمَنٍّ، وَيَأْبَى اللَّهُ وَالْمُؤْمِنُونَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کو نماز کی اطلاع دی۔ آپ نے فرمایا: ابوبکر کو حکم دو کہ لوگوں کو نماز پڑھائے۔ پھر آپ کی طبیعت ناساز ہوئی جب آپ کو اس بیماری سے افاقہ ہوا تو آپ نے فرمایا: تم نے ابوبکر کو نماز پڑھانے کا حکم دیا ہے؟ ہم نے عرض کی: ابوبکر نرم دل آدمی ہے اگر لوگوں کو نماز پڑھائی تو لوگ ان کی آواز نہیں سنیں گے اگر آپ عمر کو حکم دیں کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں؟ آپ نے فرمایا: ابوبکر کو حکم دو لوگوں کو نماز پڑھانے کا تم تو یوسف علیہ السلام کے زمانہ کی عورتوں کی طرح باتیں کرتی ہو بسا اوقات کہنے والا اللہ اور ایمان والے انکار کرتے ہیں کہ ابوبکر کے ہوتے ہوئے کوئی نماز پڑھائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث قاسم بن محمد بن سلیمان بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں فلیح بن سلیمان اکیلے ہیں۔

**6330** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ ثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْجُدِّيُّ ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ أَيُّوبَ عَنْ زِيَادِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ: رَأَى ابْنُ عُمَرَ رَجُلًا يَنْحَرُ بَدَنَتَهُ بَارِكَةً، فَقَالَ: ابْعَثْهَا، فَإِنَّهَا سُنَّةُ أَبِي الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت زیاد بن جبیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کو دیکھا وہ اونٹ لٹا کر نحر کر رہا تھا آپ نے فرمایا. اس کو پیغام دو! یہ ابوالقاسم کی سنت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا عَبْدُ

یہ حدیث ایوب سے عبدالوارث روایت کرتے

**6329**- أخرجه البخاري: الأذان جلد**2**صفحه**192** رقم الحديث: **679**، ومسلم: الصلاة جلد**1**صفحه**313** بنحوه .

**6330**- أخرجه البخاري: الحج جلد**3**صفحه**646** رقم الحديث: **1713**، ومسلم: الحج جلد**2**صفحه**956** .

Marfat.com

الْوَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْجُدِّيُّ

ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حفص بن عمر الجدی اکیلے ہیں۔

**6331** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ الْعَلَّافُ الرَّازِيُّ، ثَنَا أَبُو زُهَيْرٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَبِي عَامِرٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقَدَّمُوهُ يَعْنِي شَهْرَ رَمَضَانَ: صُومُوا لِرُؤْيَتِهِ، وَأَفْطِرُوا لِرُؤْيَتِهِ، فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَأَتِمُّوا ثَلَاثِينَ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رمضان کے مہینہ سے آگے نہ بڑھو' چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور چاند دیکھ کر افطار کرو' اگر آسمان غبار آلود ہو تو تیس روزے مکمل کرو۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُمَرَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ

یہ حدیث حضرت عمر سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن مغراء اکیلے ہیں۔

**6332** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثَنَا نَاهِضُ بْنُ سَالِمٍ الْبَاهِلِيُّ، ثَنَا عَمَّارٌ أَبُو هَاشِمٍ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ لُوطٍ، عَنْ عَمِّهِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى قَبْلَ الظُّهْرِ أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ كَأَنَّمَا تَهَجَّدَ بِهِنَّ مِنْ لَيْلَتِهِ، وَمَنْ صَلَّاهُنَّ بَعْدَ الْعِشَاءِ كُنَّ كَمِثْلِهِنَّ مِنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ، وَإِذَا لَقِيَ الْمُسْلِمُ الْمُسْلِمَ فَأَخَذَ بِيَدِهِ، وَهُمَا صَادِقَانِ، لَمْ يَتَفَرَّقَا حَتَّى يُغْفَرَ لَهُمَا

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے ظہر کی نماز سے پہلے چار رکعت پڑھیں' گویا اس نے رات کو نمازِ تہجد پڑھی' جس نے عشاء کے بعد چار رکعتیں پڑھیں' گویا اس نے لیلۃ القدر کی طرح قیام کیا' جب مسلمان دوسرے مسلمان سے ملتا ہے تو اس کا ہاتھ پکڑتا ہے' دونوں سچے ہوں' دونوں کے جدا ہونے سے پہلے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ لُوطٍ إِلَّا عَمَّارٌ أَبُو هَاشِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ نَاهِضُ بْنُ سَالِمٍ

یہ حدیث ربیع بن لوط سے عمار ابوہاشم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ناہض بن سالم اکیلے ہیں۔

Marfat.com

6333 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ الْاَنْصَارِيُّ، سَمِعْتُ اَبَا طَيْبَةَ يَقُولُ: سَمِعْتُ الْمِقْدَادَ بْنَ الْاَسْوَدِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَاَنْ يَزْنِي الرَّجُلُ بِعَشْرِ نِسْوَةٍ اَيْسَرُ عَلَيْهِ مِنْ اَنْ يَزْنِيَ بِامْرَاَةِ جَارِهِ، وَلَاَنْ يَسْرِقَ مِنْ عَشْرَةِ اَبْيَاتٍ اَيْسَرُ عَلَيْهِ مِنْ اَنْ يَسْرِقَ مِنْ بَيْتِ جَارِهِ

حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی دس عورتوں سے زنا کرے تو اس کو اتنا گناہ نہیں ملے گا جتنا اپنے پڑوسی کی بیوی سے زنا کرنے کا ملے گا' جس نے دس گھروں سے چوری کی اس کو اتنا گناہ نہیں ملے گا جتنا اپنے پڑوسی کے گھر سے چوری کرنے کا ملے گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْمِقْدَادِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ

یہ حدیث مقداد سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن فضیل اکیلے ہیں۔

6334 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ قَالَ: قَرَاْتُ عَلَى الْحَارِثِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ سَلَمَةَ قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ، فَخَرَجْنَا، وَرَجَعْنَا، فَصَلَّيْنَا رَكْعَتَيْنِ؟ فَقَالَ: تِلْكَ سُنَّةُ اَبِي الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنْ رَغِمْتُمْ

حضرت موسیٰ بن سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے عرض کی: ہم آپ کے ساتھ تھے' ہم آپ کے ساتھ نکلے اور ساتھ واپس آئے' ہم نے دو رکعتیں پڑھیں؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ ابوالقاسم ﷺ کی سنت ہے' اگرتم خاک آلود ہو!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطَّفَاوِيُّ

یہ حدیث ایوب سے حارث بن عمیر اور محمد بن عبدالرحمٰن طفاوی روایت کرتے ہیں۔

6335 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الْمَكِّيُّ، ثَنَا ثُمَامَةُ بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ

حضرت علی بن عبداللہ بن عباس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے بنی

6335- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 11 صفحه 159-160 رقم الحديث: 11359' والدارقطني: سننه جلد 1 صفحه 425-426 رقم الحديث: 10 بنحوه . وقال: رواه أبو نعيم في تاريخ أصبهان والخطيب في التلخيص من طريق ثمامة بن عبيدة عن أبي الزبير' عن علي بن عبد الله بن عباس' عن أبيه (وهو اسناد الأوسط) وهو معلول .

Marfat.com

اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِیهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بَنِی عَبْدِ مَنَافٍ، اِنْ وُلِّيتُمْ مِنْ اَمْرِ الدُّنْيَا فَلَا تَمْنَعُنَّ اَحَدًا يَطُوفُ بِالْبَيْتِ، اَوْ يُصَلِّی، اَیَّ حِينٍ كَانَ

عبد مناف! اگر تم کو دنیا کے معاملہ میں حکومت ملے تو طوافِ کعبہ سے کسی کو نہ روکنا' یا نماز پڑھنے سے جس وقت چاہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِیِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا اَبُو الزُّبَيْرِ، تَفَرَّدَ بِهِ ثُمَامَةُ بْنُ عُبَيْدَةَ

یہ حدیث علی بن عبداللہ بن عباس سے ابوزبیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ثمامہ بن عبیدہ اکیلے ہیں۔

**6336** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیٍّ الصَّائِغُ قَالَ: ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِیُّ، ثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ قَالَ: سَمِعْتُ الْمُثَنَّى بْنَ الصَّبَّاحِ، يُحَدِّثُ عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ اَعْرَابِیٌّ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نَكُونُ فِی الرِّمَالِ، وَيَكُونُ فِينَا الْحَيْضُ وَالْجَنَابَةُ وَالنِّفَاسِ؟ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالصَّعِيدِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دیہاتی نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم ریت (والے علاقے) میں ہوتے ہیں' ہم میں حیض ونفاس جنابت والی ہوتی ہیں؟ آپ نے فرمایا: تم تیمّم کرلیا کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِیِّ اِلَّا الْمُثَنَّى بْنُ الصَّبَّاحِ، وَلَا رَوَاهُ عَنِ الْمُثَنَّى اِلَّا حَفْصٌ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ الشَّافِعِیُّ وَرَوَاهُ الثَّوْرِیُّ، وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ وَغَيْرُهُمَا، عَنِ الْمُثَنَّى، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ

یہ حدیث زہری سے مثنیٰ بن صباح اور مثنیٰ سے حفص روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم الشافعی اکیلے ہیں۔ ثوری اور عبدالرزاق اور ان دونوں کے علاوہ مثنیٰ سے' وہ عمرو بن شعیب سے' وہ سعید بن مسیّب سے۔

**6337** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْجُدِّیُّ، ثَنَا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنْ اَبِی حَيَّةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقَامَ بِخَيْبَرَ سِتَّةَ اَشْهُرٍ، يُصَلِّی الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ جَمِيعًا، وَالْمَغْرِبَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خیبر میں چھ ماہ تک رہے' آپ ظہر وعصر اکٹھی اور مغرب وعشاء اکٹھی پڑھتے رہے۔ (مراد ہے کہ دونوں وقت پر ادا کرتے رہے' ہوتا یہ رہا ہے کہ نمازِ ظہر آخری وقت اور عصر اوّل وقت اور مغرب آخری وقت

Marfat.com

وَالْعِشَاءَ جَمِيعًا

اور عشاء اوّل وقت میں ادا کرتے۔)

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ إِلَّا أَبُو حَيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ

یہ حدیث جابر بن زید سے ابوحیہ روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں قزعہ بن سوید اکیلے ہیں۔

**6338** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْجُدِّيُّ، ثَنَا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جُرْجَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ بِالْكَاذِبِ مَنْ قَالَ خَيْرًا، أَوْ نَمَى خَيْرًا

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: لوگوں کے درمیان بھلائی یا بھلائی کے ارادے سے صلح کرنے والا جھوٹا نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَحْمُودٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ إِلَّا يَحْيَى بْنُ جُرْجَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ وَرَوَاهُ النَّاسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أُمِّهِ أُمِّ كُلْثُومٍ

یہ حدیث زہری' مسعود سے' وہ شداد بن اوس سے اور زہری سے یحییٰ بن جرجہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں قزعہ بن سوید اکیلے ہیں۔اس حدیث کو لوگوں نے زہری سے' وہ حمید بن عبدالرحمٰن سے' وہ اپنی والدہ اُم کلثوم سے روایت کرتے ہیں۔

**6339** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثَنَا الْحَارِثُ بْنُ نَبْهَانَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَ الْقُرْآنَ

حضرت مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے بہتر وہ ہے جو قرآن سیکھے اور دوسروں کو سکھائے۔

لَمْ يُرْوَ هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَعْدٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَارِثُ بْنُ نَبْهَانَ

یہ حدیث سعد سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں حارث بن نبہان اکیلے ہیں۔

**6340** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**6339**- أخرجه ابن ماجة: المقدمة جلد **1** صفحه **77** رقم الحديث: **213** في الزوائد: اسناده ضعيف . والدارمي: فضائل القرآن جلد **2** صفحه **529** رقم الحديث: **3339** . وقال: قال البوصيري في مصباح الزجاجة: هذا اسناد ضعيف' لضعف الحارث بن نبهان من رجال السند به .

Marfat.com

اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عَقِيلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، ثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: جَاءَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّ رَبَّكَ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ، وَاَرْسَلَنِي اِلَيْكَ بِهٰذَا الْقُطْفِ لِتَاْكُلَهُ، فَاَخَذَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جبریل علیہ السلام حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور عرض کی: آپ کا رب آپ کو سلام کہتا ہے' مجھے آپ کی طرف یہ انگور کا گچھا دے کر بھیجا ہے تاکہ آپ کھائیں' حضور ﷺ نے اس کو پکڑ لیا۔

**6341** - وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَاءَ جِبْرِيلُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّ رَبَّكَ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ، وَاَرْسَلَنِي اِلَيْكَ بِهٰذَا الْقُطْفِ لِتَاْكُلَهُ، فَاَخَذَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور عرض کی: آپ کا رب آپ کو سلام کہتا ہے' مجھے آپ کی طرف یہ انگور کا گچھا دے کر بھیجا ہے تاکہ آپ کھائیں' حضور ﷺ نے اس کو پکڑ لیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا عَقِيلٌ، وَلَا عَنْ عَقِيلٍ اِلَّا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ . وَحَدِيثُ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، عَنِ ابْنِ وَهْبٍ

یہ دونوں حدیثیں زہری سے عقیل اور عقیل سے حفص بن عمر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔ زہری' انس سے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر' ابن وہب سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**6342** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفَّى، ثَنَا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى الصَّفِّ الْاَوَّلِ

حضرت ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ اور اس کے فرشتے پہلی صف والوں پر رحمت بھیجتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ

یہ حدیث ابراہیم بن عبدالرحمٰن سے محمد بن عمرو

**6342**- أخرجه ابن ماجة: الاقامة جلد1صفحه319 رقم الحديث:999 في الزوائد: اسناده صحيح . ورجاله ثقات .

Marfat.com

الرَّحْمَنِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو ضَمْرَةَ اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ

روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوضمرہ انس بن عیاض اکیلے ہیں۔

**6343** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى الْمَدَنِيُّ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ حَرْمَلَةَ بْنِ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِاُنَاسٍ مِنْ اَسْلَمَ، وَهُمْ يَتَنَاضَلُونَ، فَقَالَ: ارْمُوا يَا بَنِي اِسْمَاعِيلَ، فَقَدْ كَانَ لَكُمْ اَبٌ رَامٍ

حضرت سلمہ بن اکوع اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ قبیلہ اسلم کے چند لوگوں کے پاس سے گزرے وہ تیراندازی کر رہے تھے آپ نے فرمایا: اے بنی اسماعیل! تیر اندازی کرو کیونکہ تمہارے والد تیراندازی کرتے رہے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَرْمَلَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ

یہ حدیث ایاس بن سلمہ سے عبدالرحمٰن بن حرملہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن بلال اکیلے ہیں۔

**6344** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثَنَا حُدَيْجُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَبِيبٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: نَزَلَ الْمُفَصَّلُ بِمَكَّةَ، فَمَكَثْنَا حِجَجًا نَقْرَؤُهُ، لَا يَنْزِلُ غَيْرُهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مفصل سورتیں مکہ میں نازل ہوئی ہیں ہم حج کرتے ہوئے ٹھہرتے ہم ان کو پڑھتے اس کے علاوہ نہیں اُترتی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَبِيبٍ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا حُدَيْجُ بْنُ مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث ابواسحاق عبداللہ بن حبیب ابوعبدالرحمٰن سے حدیج بن معاویہ روایت کرتے ہیں۔

**6345** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6343- أخرجه البخاري: الجهاد جلد6صفحه107 رقم الحديث: 2899' وأحمد: المسند جلد4صفحه64 رقم الحديث: 16534 .

6345- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 19صفحه103 رقم الحديث: 206 . وقال في مجمع الزوائد جلد3 صفحه180: رواه الطبراني في الكبير عن حمدة بنت عبيد' عن أمها' وأمها لم أعرفها وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى الْمَدَنِيُّ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي حُمَيْدٍ، عَنْ حُمَيْدَةَ بِنْتِ عَيَّادٍ الْاَنْصَارِيَّةِ، عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَطَبَ النَّاسَ عَلَى الْمِنْبَرِ فِي رَمَضَانَ، فَقَالَ: قَدْ قُمْتُ عَلَى هٰذَا الْمِنْبَرِ، وَاَنَا اَعْلَمُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ، فَالْتَمِسُوهَا فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ، لَيْلَةَ الْوِتْرِ

حضور ﷺ رمضان المبارک میں منبر پر خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے' فرمایا: میں اس منبر پر کھڑا ہوں' میں لیلۃ القدر کی رات کو جانتا ہوں' اس کو آخری عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرو۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ

یہ حدیث کعب بن مالک سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن بلال اکیلے ہیں۔

**6346** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الْعَيْشِيُّ، ثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُسَيْبٍ، ثَنَا مُسْلِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ يَنْهَاكُمْ عَنْ ثَلَاثٍ، قِيلَ وَقَالَ، وَكَثْرَةِ السُّؤَالِ، وَاِضَاعَةِ الْمَالِ

حضرت مسلم بن عبداللہ بن سبرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ عزوجل تم کو تین کاموں سے منع کرتا ہے: (۱) قیل و قال سے (۲) زیادہ سوال کرنے سے (۳) مال ضائع کرنے سے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَبْرَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث عبداللہ بن سبرہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں معتمر اکیلے ہیں۔

**6347** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت عمر بن محمد بن علی بن ابوطالب اپنے والد' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دینار دینار کے بدلے' درہم درہم کے بدلے جائز نہیں' ان دونوں کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے' جس کو

**6347**- أخرجه ابن ماجة: التجارات جلد**2**صفحه**760** رقم الحديث: **2261**' والدارقطني: سننه جلد**3**صفحه**25** رقم الحديث: **86** .

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الدِّينَارُ بِالدِّينَارِ، وَالدِّرْهَمُ بِالدِّرْهَمِ، لَا فَضْلَ بَيْنَهُمَا، فَمَنْ كَانَتْ لَهُ حَاجَةٌ بِذَهَبٍ فَلْيَصْرِفْهَا بِوَرِقٍ، وَمَنْ كَانَتْ لَهُ حَاجَةٌ بِوَرِقٍ فَلْيَصْرِفْهَا بِذَهَبٍ، هَاءَ وَهَاءَ

سونے کی ضرورت ہو وہ چاندی کے بدلے لے لے اور جس کو چاندی کی ضرورت ہو وہ سونے کے بدلے لے لے برابر برابر۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلِيٍّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ الشَّافِعِيُّ

یہ حدیث علی سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم الشافعی اکیلے ہیں۔

**6348** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَنْظَلَةَ الْمَخْزُومِيُّ، عَنْ مَعْرُوفِ بْنِ مُشْكَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعِشَاءِ، يُصَلِّي فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ مُلْتَحِفًا بِهِ

حضرت عبدالرحمن بن کیسان اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایک ہی کپڑے میں لپٹ کر نمازِ عشاء پڑھتے ہوئے دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَعْرُوفٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ حَنْظَلَةَ الْمَخْزُومِيُّ

یہ حدیث معروف سے محمد بن حنظلہ الخزمی روایت کرتے ہیں۔

**6349** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ، قَالَتْ: أَشْهَدُ لَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَخْرُجُ مِنْ ثَقِيفٍ كَذَّابٌ وَمُبِيرٌ.

حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں گواہی دیتی ہوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: قبیلہ ثقیف سے جھوٹا اور خون بہانے والا نکلے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ إِلَّا

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے عبداللہ بن محمد بن یحییٰ

**6348**- أخرجه ابن ماجة: الاقامة جلد **1** صفحه **334** رقم الحديث: **1051** . بلفظ: رأيت النبي ﷺ يصلى الظهر والعصر في ثوب واحد' متلبيًا به . وفي الزوائد: اسناده حسن . وأحمد: المسند جلد **3** صفحه **510** رقم الحديث: **15452** .

**6349**- أخرجه مسلم: فضائل الصحابة جلد **4** صفحه **1971** . والبيهقي في دلائل النبوة جلد **6** صفحه **481** .

Marfat.com

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ عُرْوَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

بن عروہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

**6350** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الصَّائِغُ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ بَانَكَ، اَنَّهُ سَمِعَ عَمْرَةَ تُحَدِّثُ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَانَ اِسَافُ وَنَائِلَةُ رَجُلًا وَامْرَاَةً، فَمَسَخَهُمَا اللّٰهُ حَجَرَيْنِ، فَكَانَا بِمَكَّةَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اساف اور نائلہ ایک مرد اور عورت تھے اللہ عزوجل نے دونوں کو پتھر کر دیا' دونوں مکہ میں ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرَةَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ

یہ حدیث عمرہ سے سعید بن مسلم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں خالد بن یزید العمری اکیلے ہیں۔

**6351** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الصَّائِغُ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ، ثَنَا اَبُو الْغُصْنِ ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ، اَنَّهُ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، وَجِئْتُ اَعُودُهُ فِي مَرَضِهِ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيهِ، يَقُولُ: اِذَا مِتُّ فَلَا تُقَمِّصُونِي، فَاِنِّي رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُقَمَّصْ، وَلَمْ يُعَمَّمْ

حضرت عمرو بن حزم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا' میں آپ کے پاس آپ کی بیماری میں عیادت کرنے کے لیے آیا جس میں آپ کا وصال ہوا' فرمایا: جب میں مر جاؤں تو مجھے قمیص نہ پہنانا کیونکہ میں نے دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ کو نہ قمیص اور نہ عمامہ پہنایا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ اِلَّا اَبُو الْغُصْنِ، تَفَرَّدَ بِهِ خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ

یہ حدیث محمد بن عمرو بن حزم سے ابوغصن روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں خالد بن یزید اکیلے ہیں۔

**6352** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ، ثَنَا خَالِدٌ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ

**6352**- اخرجه أبو داؤد: النكاح جلد**2**صفحه**235** رقم الحديث: **2083-2084**' والترمذي: النكاح جلد**3** صفحه **398** رقم الحديث: **1102** وقال: حسن . وابن ماجة: النكاح جلد **1**صفحه**605** رقم الحديث: **1879** . والدارمي: النكاح جلد**2**صفحه**185** رقم الحديث: **2184**' واحمد: المسند جلد**6** صفحه**185** رقم الحديث: **25380** .

Marfat.com

نَا اَبُو الْغُصْنِ، اَنَّهُ سَمِعَ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ يُحَدِّثُ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَيُّمَا امْرَاَةٍ تَزَوَّجَتْ بِغَيْرِ اِذْنِ وَلِيِّهَا فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ، فَاِنْ كَانَ دَخَلَ بِهَا فَلَهَا صَدَاقُهَا بِمَا اسْتَحَلَّ مِنْ فَرْجِهَا، فَاِنِ اشْتَجَرُوا فَالسُّلْطَانُ وَلِيُّ مَنْ لَا وَلِيَّ لَهُ

حضورﷺ نے فرمایا: کوئی عورت اپنے ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرے اس کا نکاح باطل ہے اگر اس سے دخول کرے تو اس کے لیے مہر ہے جتنا اس کی شرمگاہ سے فائدہ اُٹھایا ہے اگر جھگڑا ہو جائے تو جس کا کوئی ولی نہیں اس کا ولی بادشاہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْغُصْنِ اِلَّا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ

یہ حدیث ابوالغصن سے خالد بن یزید روایت کرتے ہیں۔

**6353** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ جَدِّي مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اُحَيْحَةَ بْنِ الْجُلَاحِ قَالَ: سَمِعْتُ خُزَيْمَةَ بْنَ ثَابِتٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ يَنْهَاكُمْ اَنْ تَاْتُوا النِّسَاءَ فِي اَدْبَارِهِنَّ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ نے تم کو منع کیا ہے کہ تم اپنی عورتوں کی دُبر میں وطی نہ کرو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ اُحَيْحَةَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ السَّائِبِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ الشَّافِعِيُّ

یہ حدیث عمرو بن اُحیحہ سے عبداللہ بن علی بن سائب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم الشافعی اکیلے ہیں۔

**6354** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثَنَا صَالِحُ بْنُ مُوسَى الطَّلْحِيُّ،

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ہم کو حضرت ابوبکر نے بکری کی ٹانگ

---

**6353**- أخرجه النسائي في الكبرى: عشرة النساء جلد**5**صفحه**316** (باب اختلاف الناقلين لخبر خزيمة بن ثابت) . وابن ماجة: النكاح جلد**1**صفحه**619** رقم الحديث: **1924** . في الزوائد: في اسناده حجاج بن أرطاة . وهو مدلس . والحديث منكر لا يصح من وجه كما ذكره غير واحد . والدارمي: النكاح جلد **2**صفحه**196** رقم الحديث:**2213**، وأحمد: المسند جلد**5**صفحه**253** رقم الحديث:**21917** .

Marfat.com

عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ مُسْلِمٍ اَبِی الضُّحَی، عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: اَهْدَی لَنَا اَبُو بَكْرٍ رِجْلَ شَاةٍ، فَقَعَدْتُ اَنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ظُلْمَةِ اللَّيْلِ نَقْطَعُهَا قَالَ مَسْرُوقٌ: فَقُلْتُ: اَلا اَسْرَجْتُمْ؟ قَالَتْ: لَوْ كَانَ عِنْدَنَا سِرَاجٌ لَاَتْدَمْنَا بِهِ

ہدیہ دی' میں اور رسول اللہ ﷺ رات کے اندھیرے میں بیٹھے' اس کو کاٹ رہے۔ حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: آپ چراغ کیوں نہیں جلا لیتے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر چراغ ہوتا تو ہمارے پاس تیل نہیں ہوتا تھا جلانے کے لیے۔

**6355** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثَنَا صَالِحُ بْنُ مُوسَى الطَّلْحِيُّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ مُتَوَالِيَاتٍ مِنْ خُبْزِ بُرٍّ مُنْذُ قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آلِ محمد ﷺ نے لگاتار تین دن روٹی نہیں کھائی' جب سے ہم مدینہ آئے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا صَالِحُ بْنُ مُوسَى

یہ حدیث منصور سے صالح بن موسیٰ روایت کرتے ہیں۔

**6356** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْجُدِّيُّ، نا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْمُثَنَّى، عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَخَلَّفَ لِحَاجَتِهِ، فَلَحِقَنِي، فَقَالَ: هَلْ مِنْ مَاءٍ؟ فَتَوَضَّاَ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ، ثُمَّ لَحِقَ الْجَيْشَ فَاَمَّهُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ تھا' آپ قضاء حاجت کے لیے پیچھے ہوئے' مجھے بعد میں ملے تو آپ نے فرمایا: کیا آپ کے پاس پانی ہے؟ آپ نے وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا' پھر لشکر سے ملے اور ان کو امامت کروائی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ اِلَّا عُمَرُ بْنُ الْمُثَنَّى، تَفَرَّدَ بِهِ عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِيُّ

یہ حدیث عطاء خراسانی سے عمر بن مثنیٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمر بن طنافسی اکیلے ہیں۔

---

**6355**- أخرجه البخاري: الأطعمة جلد**9**صفحه**463** رقم الحديث:**5423**' ومسلم: الزهد جلد**4**صفحه**2281** .

**6356**- أخرجه ابن ماجة: الطهارة جلد **1**صفحه**182** رقم الحديث: **548** . في الزوائد: هذا اسناد ضعيف منقطع . قال أبو زرعة: عطاء الخراساني لم يسمع من أنس . وقال العقيلي: عمر بن المثنى حديثه غير محفوظ .

Marfat.com

**6357** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا اَبِي، ثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مَخْلَدٍ الزُّرَقِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلَى الرَّجُلِ يَاْتِي الْمَرْاَةَ فِي دُبُرِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل اس کی طرف نظر رحمت نہیں کرتا ہے جو اپنی عورت کی دُبر میں وطی کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ الْهَادِ اِلَّا اللَّيْثُ، وَلَا رَوَاهُ عَنِ اللَّيْثِ اِلَّا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث ابن ھاد سے لیث اور لیث سے عمرو بن خالد روایت کرتے ہیں۔

**6358** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا اَبِي، نا حَمَّادُ بْنُ عَمْرٍو النَّصِيبِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا لَقِيتُمُ الْمُشْرِكِينَ فِي الطَّرِيقِ فَلَا تَبْدَءُوهُمْ بِالسَّلَامِ، وَاضْطَرُّوهُمْ اِلَى اَضْيَقِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب مشرکوں کو راستے میں ملو تو ان کو سلام کرنے میں ابتداء نہ کرو اور ان کو تنگ راستے کی طرف مجبور کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ عَمْرٍو، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ

یہ حدیث اعمش سے حماد بن عمرو روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمرو بن خالد خزاعی اکیلے ہیں۔

**6359** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِي، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا:

---

**6357**- أخرجه ابن ماجة: النكاح جلد **1** صفحه **619** رقم الحديث: **1923** . في الزوائد: صحيح . لأن الحارث بن مخلد ذكره ابن حبان في الثقات . وباقي رجال الاسناد ثقات . وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **458** رقم الحديث: **8553** .

**6358**- أخرجه مسلم: السلام جلد **4** صفحه **1707**، وأبو داؤد: الأدب جلد **4** صفحه **354** رقم الحديث: **5205**، والترمذي: السير جلد **4** صفحه **154** رقم الحديث: **1602**، وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **689** رقم الحديث: **10807** .

Marfat.com

جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الَّذِى بِيَدِهِ عُقْدَةُ النِّكَاحِ: الزَّوْجُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ إِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

**6360** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، نا أَبِي، نا حُدَيْجُ بْنُ مُعَاوِيَةَ ثَنَا كِنَانَةُ مَوْلَى صَفِيَّةَ، عَنْ صَفِيَّةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: جَاءَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَوْمٍ، فَقَالَ: أَعِنْدَكِ يَا بِنْتَ حُيَيٍّ شَيْءٌ؟ فَإِنِّي جَائِعٌ فَقُلْتُ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِلَّا مُدٌّ مِنْ طَحِينٍ قَالَ: فَاسْخِنِيهِ قَالَتْ: فَجَعَلْتُهُ فِي الْقِدْرِ، وَأَنْضَجْتُهُ، فَقُلْتُ: قَدْ نَضِجَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ: أَتَعْلَمِينَ فِي نِحْيِ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ شَيْئًا؟ فَقُلْتُ: مَا أَدْرِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَتْ: فَذَهَبَ هُوَ بِنَفْسِهِ حَتَّى أَتَى بَيْتَهَا، فَقَالَ: فِي نِحْيِكِ يَا ابْنَةَ أَبِي بَكْرٍ شَيْءٌ؟ قَالَتْ: لَيْسَ فِيهِ إِلَّا قَلِيلٌ، فَجَاءَ بِهِ هُوَ بِنَفْسِهِ، فَعَصَرَ حَافَتَهُ فِي الْقِدْرِ، حَتَّى رَأَيْتُ الَّذِي يَخْرُجُ مَوْضِعَ يَدِهِ، فَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ ثُمَّ دَعَا بِالْبَرَكَةِ، فَقَالَ: ادْعِي أَخَوَاتِكِ؛ فَإِنِّي أَعْلَمُ أَنَّهُنَّ يَجِدْنَ مِثْلَ مَا أَجِدُ فَدَعَوْتُهُنَّ، فَأَكَلْنَا حَتَّى شَبِعْنَا، ثُمَّ جَاءَ أَبُو بَكْرٍ، فَاسْتَأْذَنَ، فَدَخَلَ، ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ، ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ آخَرُ، قَالَتْ: فَأَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا، وَفَضَلَ عَنْهُمْ

نکاح کی گرہ شوہر کے ہاتھ میں ہے۔

یہ حدیث عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے وہ ابن لہیعہ سے روایت کرتے ہیں اور رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

حضرت صفیہ زوجہ نبی ﷺ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ میرے پاس تشریف لائے ایک دن آپ نے فرمایا: اے بنت حیی! آپ کے پاس کوئی شی ہے؟ مجھے بھوک لگی ہے؟ میں نے عرض کی: نہیں! اللہ کی قسم! یارسول اللہ! ہاں ایک مد آٹا ہے اس کو صاف کیا اس کو ہانڈی میں ڈالا میں نے اس کو اُبالا میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے پکایا ہے۔ آپ نے فرمایا: ابوبکر کی بیٹی کے ہاں کوئی شی ہے؟ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! مجھے معلوم نہیں ہے؟ حضرت صفیہ فرماتی ہیں: آپ خود گئے حضرت عائشہ کے گھر آئے آپ نے فرمایا: اے ابوبکر کی بیٹی! تمہارے گھر گھی ہے؟ عرض کی: تھوڑا سا ہے آپ خود لے کر آئے اس کو ہانڈی میں نچوڑا یہاں تک کہ میں نے دیکھا آپ اپنے دست مبارک سے نکال رہے ہیں فرمایا: اللہ کے نام سے پھر آپ نے برکت کی دعا کی فرمایا: میرے بھائیوں کو بلاؤ کیونکہ میں جانتا ہوں کہ ان کو میری طرح بھوک لگی ہے میں نے ان کو بلایا تو ہم نے کھایا یہاں تک کہ سیر ہو گئے۔ پھر حضرت ابوبکر آئے اور اجازت مانگی آپ داخل ہوئے پھر حضرت عمر آئے پھر ایک اور آدمی آیا انہوں نے کھایا یہاں تک کہ

Marfat.com

سیر ہو گئے اور وہ کھانا بچا رہا۔

لَمْ يُرْوَ هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ صَفِيَّةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث حضرت صفیہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عمرو بن خالد اکیلے ہیں۔

**6361** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، نا اَبِي، نا اَبِي، نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَفْكَهِ النَّاسِ مَعَ الصَّبِيِّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ تمام لوگوں سے زیادہ بچوں کے ساتھ خوش طبعی کرتے تھے۔

لَمْ يُرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ اِلَّا عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث اسحاق بن عبداللہ بن ابوطلحہ سے عمارہ بن غزیہ روایت کرتی ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔ حضرت انس سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**6362** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِي، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُتَلَقَّى الْجَلَبُ، وَاِنْ تَلَقَّاهُ مُتَلَقٍّ فَابْتَاعَ فَصَاحِبُ السِّلْعَةِ فِيهَا بِالْخِيَارِ اِذَا وَرَدَتِ السُّوقَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے شہر سے باہر نکل کر مت خریدو اگر کسی نے خریدنا ہو تو شہر میں پہنچ کر مالک کو اختیار ہے جب بازار پہنچ جائے تو واپس کرے یا اس کو برقرار رکھے۔

لَمْ يُرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث ایوب سے عبیداللہ بن عمرو روایت کرتے ہیں۔

---

**6361**- أخرجه البيهقي في دلائل النبوة جلد **1** صفحه **331** وقال: أورده ابن كثير في البداية والنهاية جلد **6** صفحه **46** .

**6362**- أخرجه مسلم: البيوع جلد **3** صفحه **1157**، وأبو داؤد: البيوع جلد **3** صفحه **266-267** رقم الحديث: **3437**، والترمذي: البيوع جلد **3** صفحه **515** رقم الحديث: **1221**، والنسائي: البيوع جلد **7** صفحه **225** (باب التلقي)، وابن ماجة: التجارات جلد **2** صفحه **735** رقم الحديث: **2178** .

Marfat.com

**6363** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِی، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَقِيلٍ، وَيُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ يَمْشُونَ اَمَامَ الْجَنَازَةِ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ اور ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما دونوں کو جنازہ کے آگے آگے چلتے دیکھا۔

لَمْ يَصِلْ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث موصولاً یونس سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

**6364** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِی، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْفَزَارِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ نَذَرَ اَنْ يُطِيعَ اللّٰهَ فَلْيُطِعْهُ، وَمَنْ نَذَرَ اَنْ يَعْصِيَهُ فَلَا يَعْصِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کی اطاعت کے لیے نذر مانی اس کو پورا کرے جس نے نذر اللہ کی نافرمانی میں مانی اس کو پورا نہ کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْفَزَارِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث عبدالرحمن بن قاسم سے محمد بن عبیداللہ فزاری روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن مسلم اکیلے ہیں۔

**6365** - وَبِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْفَزَارِيِّ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَائِمٍ اَكَلَ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے پوچھا گیا کہ روزے دار بھول کر کھا پی لے تو؟ آپ نے قضاء نہ کرنے کا حکم دیا' فرمایا: یہ کھانا اللہ نے اس کو

---

**6363**- أخرجه أبو داؤد: الجنائز جلد 3 صفحه 201 رقم الحديث: 3179' والترمذي: الجنائز جلد 3 صفحه 320 رقم الحديث: 1007-1008' والنسائي: الجنائز جلد 4 صفحه 45-46 (باب مكان الماشي من الجنازة)' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 12 رقم الحديث: 4538 .

**6364**- أخرجه البخاري: الأيمان والنذور جلد 11 صفحه 589 رقم الحديث: 6696' وأبو داؤد: الأيمان جلد 3 صفحه 229 رقم الحديث: 3289' والترمذي: النذور جلد 4 صفحه 104 رقم الحديث: 1526' والنسائي: الأيمان جلد 7 صفحه 16 (باب النذر في الطاعة)' وابن ماجة: الكفارات جلد 1 صفحه 687 رقم الحديث: 2126 .

Marfat.com

وَشَرِبَ نَاسِيًا، فَلَمْ يَأْمُرْهُ بِالْقَضَاءِ، وَقَالَ: إِنَّمَا ذَلِكَ طَعَامٌ أَطْعَمَهُ اللَّهُ

کھلایا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ

یہ حدیث ابوسعید الخدری سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبیداللہ اکیلے ہیں۔

**6366** - وَبِهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَرْقَمَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ وَشَاهِدَيْ عَدْلٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: نکاح ولی اور عادل گواہ کے ساتھ ہے۔

**6367** - وَبِهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ لَا يُفَارِقُ مَسْجِدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِوَاكُهُ وَمِشْطُهُ، وَكَانَ يَنْظُرُ فِي الْمِرْآةِ إِذَا سَرَّحَ لِحْيَتَهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ مسواک اور کنگھی اپنے ساتھ رکھتے' جب داڑھی شریف کو کنگھی کرتے تو شیشہ دیکھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ أَرْقَمَ، تَفَرَّدَ بِهِمَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ دونوں حدیثیں زہری سے سلیمان بن ارقم روایت کرتے ہیں۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں محمد بن سلمہ اکیلے ہیں۔

**6368** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، نا أَبِي، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ أَبِي حَرِيزٍ، مَوْلَى مُعَاوِيَةَ قَالَ: خَطَبَ مُعَاوِيَةُ النَّاسَ، فَذَكَرَ فِي خُطْبَتِهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ أَشْيَاءَ، وَإِنِّي أُبَلِّغُكُمْ ذَلِكَ، وَأَنْهَاكُمْ عَنْهُنَّ: النَّوْحِ، وَالشِّعْرِ، وَالتَّصَاوِيرِ، وَجُلُودِ السِّبَاعِ، وَالذَّهَبِ، وَالْحَرِيرِ

حضرت معاویہ کے غلام ابوحریز فرماتے ہیں کہ حضرت معاویہ نے لوگوں کو خطبہ دیا' خطبہ میں ذکر کیا کہ حضور ﷺ چند اشیاء سے منع کرتے تھے' میں تم کو پہنچا رہا ہوں اور تم کو ان سے منع کرتا ہوں: (۱) نوحہ کرنے سے (۲) بال نوچنے سے (۳) تصویر سے (۴) درندے کی کھال سے (۵) سونے چاندی سے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي حَرِيزٍ مَوْلَى مُعَاوِيَةَ إِلَّا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دِينَارٍ الْبَهْرَانِيُّ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ

یہ حدیث ابوحریز' حضرت معاویہ کے غلام سے عبداللہ بن دینار البہرانی روایت کرتے ہیں اور حضرت

Marfat.com

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

عبداللہ بن دینار سے اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں۔

**6369** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِي، ثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي مُسْلِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِلّٰهِ ضَنَائِنَ مِنْ خَلْقِهِ يُحْيِيهِمْ فِي عَافِيَةٍ، وَاِذَا تَوَفَّاهُمْ اِلَى جَنَّتِهِ، اُولَئِكَ الَّذِينَ تَمُرُّ عَلَيْهِمُ الْفِتَنُ كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، وَهُمْ فِيهَا فِي عَافِيَةٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ عزوجل کی مخلوق سے خواص وہ ہیں جن کو اپنی عافیت میں زندہ رکھتا ہے' جب ان کو موت دیتا ہے تو اپنی جنت میں بھیجتا ہے' ایسے لوگ ہیں جن پر فتنے ایسے گزرتے ہیں جس طرح رات کے اندھیرے میں ٹکڑے' پھر بھی وہ عافیت میں ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا مُسْلِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحِمْصِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث نافع سے مسلم بن عبدالحمصی روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

**6370** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِي، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى اِلَى عَنَزَةٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کجاوا آگے رکھ کر نماز پڑھتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابن عجلان سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

**6371** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِي، عَنْ مُوسَى بْنِ اَعْيَنَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، اَنَّهُ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو يُخْبِرُ، عَنْ اَبِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے ایک مرتبہ نماز جان بوجھ کر چھوڑی گویا اس نے دنیا اور جو اس میں ہے' اس کو کھو دیا' جس نے چار مرتبہ چھوڑی تو اللہ

**6371**- أخرجه أحمد: المسند جلد 2صفحه240 رقم الحديث: 6668' والحاكم في المستدرك جلد 4صفحه146 وقال صحيح الاسناد ولم يخرجاه . وقال الذهبي: قلت سمعه ابن وهب عنه وهو غريب جدًا . والبيهقي في الكبير جلد 8صفحه499-500 رقم الحديث: 17338 . وقال الهيثمي في المجمع جلد 5صفحه72-73: رواه أحمد ورجاله ثقات .

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَرَكَ الصَّلَاةَ سُكْرًا مُرَّةً وَاحِدَةً، فَكَأَنَّمَا كَانَتْ لَهُ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا فَسُلِبَهَا، وَمَنْ سَكِرَ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يَسْقِيَهُ مِنْ طِينَةِ الْخَبَالِ قِيلَ، وَمَا طِينَةُ الْخَبَالِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: عُصَارَةُ اَهْلِ النَّارِ

عزوجل پر حق ہے کہ اس کو طینۃ الخبال سے پلائے۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! طینۃ الخبال کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: جہنم والوں کی پیپ۔

**6372** - وَبِهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: جَاءَ هِلَالٌ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُشُورِ نَحْلٍ لَهُ، وَسَاَلَهُ اَنْ يَحْمِيَ لَهُ وَادِيًا، يُقَالُ لَهُ: سَلَبَةُ فَحَمَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِ ذٰلِكَ الْوَادِي

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ہلال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں کھجوروں کا عشر لے کر آئے آپ نے پوچھا کہ کس وادی پر ان کو مقرر کریں اس وادی کو سلبہ کہا جاتا تھا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو اس وادی پر مقرر کر دیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ اِلَّا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ

یہ دونوں حدیثیں عمرو بن حارث سے موسیٰ بن اعین روایت کرتے ہیں۔

**6373** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، نا اَبِي، نا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا رَاَتْ فِي الْمَنَامِ، اَنَّهُ سَقَطَ فِي حُجْرَتِهَا ثَلَاثَةُ اَقْمَارٍ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِاَبِي بَكْرٍ، فَلَمَّا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدُفِنَ فِي بَيْتِهَا، قَالَ اَبُو بَكْرٍ: هٰذَا خَيْرُ اَقْمَارِكِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے خواب دیکھی کہ ان کے حجرے میں تین چاند گرے ہیں میں نے یہ بات حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں کی جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہوا تو آپ کو میرے گھر میں دفن کیا گیا حضرت ابوبکر نے فرمایا: یہ سارے چاندوں سے بہتر ہیں۔

**6374** - وَبِهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

---

**6372**- أخرجه أبو داؤد: الزكاة جلد **2** صفحه **111-112** رقم الحديث: **1600**' والنسائي: الزكاة جلد **5** صفحه **34** (باب زكاة النحل) .

**6374**- أخرجه البخاري: الرقاق جلد **11** صفحه **424** رقم الحديث. **6558**' ومسلم: الايمان جلد **1** صفحه **178**

Marfat.com

عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: سَمِعَتْ أُذُنَايَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَيَخْرُجُ أُنَاسٌ مِنَ النَّارِ

اپنے دونوں کانوں سے فرماتے ہوئے سنا کہ عنقریب لوگ جہنم سے نکلیں گے۔

6375 - وَبِهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ بِالْمَدِينَةِ أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَى بَعْضِ أَسْفَارِهِ، فَصَلَّى بِنَا الْعَصْرَ عِنْدَ الشَّجَرَةِ رَكْعَتَيْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مدینہ میں ظہر کی نماز چار رکعتیں پڑھی پھر آپ کسی سفر پر نکلے ہم کو صلح حدیبیہ کے مقام پر دو رکعتیں پڑھائیں۔

6376 - وَبِهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ عَمْرَةَ حَدَّثَتْهُ أَنَّهَا كَانَتْ عِنْدَ عَائِشَةَ، فَقِيلَ لَهَا: إِنَّ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يُخْبِرُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُسَافِرُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ إِلَّا وَمَعَهَا ذُو مَحْرَمٍ قَالَتْ عَمْرَةُ: فَالْتَفَتَتْ إِلَيْنَا عَائِشَةُ فَقَالَتْ: مَا كُلُّكُنَّ لَهَا مَحْرَمٌ

حضرت ابو سعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کسی عورت کے لیے جائز نہیں ہے کہ کوئی عورت تین دن کا سفر کرے مگر اس کے ساتھ محرم بھی ہو۔ حضرت عمرہ فرماتی ہیں: حضرت عائشہ ہماری طرف متوجہ ہوئیں فرمایا: تم میں سے کسی کے ساتھ محرم نہیں ہے۔

6377 - وَبِهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: مَنْ جَاءَ مِنْكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ منبر پر کھڑے ہوئے اور فرمایا: جو تم میں سے جمعہ کے لیے آئے اس کو چاہیے کہ وہ غسل کرے۔

---

ولفظه عند مسلم .

6375- أخرجه البخاري: الحج جلد3صفحه476 رقم الحديث:1546' ومسلم: المسافرين جلد1صفحه480 .

6376- أخرجه البخاري: الصيد جلد 4صفحه87 رقم الحديث: 1864 . من طريق قزعة مولى زياد قال سمعت أبا سعيد وفيه......أن لا تسافر امرأة مسيرة يومين ليس معها زوجها أو ذو محرم...... . ومسلم: الحج جلد 2 صفحه977 . من طريق أبو معاوية' عن الأعمش' عن أبي صالح' عن أبي سعيد الخدري' قال: فذكره بنحوه .

6377- أخرجه البخاري: الجمعة جلد2صفحه443 رقم الحديث:894' ومسلم: الجمعة جلد2صفحه579 .

Marfat.com

**6378** - وَبِهِ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِی الطُّفَيْلِ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ فِی غَزْوَةِ تَبُوكٍ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ، وَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ، حَتّٰى رَجَعْنَا

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے غزوۂ تبوک میں واپس آنے تک ظہر عصر مغرب عشاء اکٹھی پڑھیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ اِلَّا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ

یہ تمام احادیث عمرو بن حارث سے بکر بن مغر روایت کرتے ہیں۔

**6379** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، نا اَبِی، نا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَنْصُورٍ الْمَشْرِقِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، قَالَتْ: ذَكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّجَّالَ، فَقَالَ: يَجِيئُكُمْ مِنْ هَا هُنَا وَاَشَارَ بِيَدِهِ نَحْوَ الْمَشْرِقِ

حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے دجال کا ذکر کیا' فرمایا: یہاں سے آئے گا' اشارہ مشرق کی طرف کیا۔

**6380** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِی، ثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَاَنَّ عَلَى رُءُوسِنَا الرَّخَمَ، مَا تَكَلَّمَ مِنَّا مُتَكَلِّمٌ، اِذَا جَاءَهُ اُنَاسٌ، فَقَالُوا. يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَفْتِنَا فِی كَذَا، اَفْتِنَا فِی كَذَا، فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، وَضَعَ اللّٰهُ الْحَرَجَ، اِلَّا

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس ایسے بیٹھے ہوتے جس طرح ہمارے سروں پر پرندے ہوتے ہیں' ہم میں سے کوئی گفتگو نہیں کرتا تھا' اچانک کچھ لوگ آپ کے پاس آئے اور عرض کی: یارسول اللہ! ہم کو فلاں فلاں شے میں مبتلا کیا گیا ہے' آپ نے فرمایا: اے لوگو! اللہ عزوجل نے تنگی اُٹھادی ہے' ہاں کسی بھائی پر قرض ہو تو یہ

**6378**- أخرجه مسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 490' وأبو داؤد: الصلاة جلد 2 صفحه 4 رقم الحديث: 1206' والنسائي: المواقيت جلد 1 صفحه 229 (باب الوقت الذى يجمع فيه المسافر بين الظهر والعصر).

**6380**- أخرجه أبو داؤد: الطب جلد 4 صفحه 3 رقم الحديث: 3855' والترمذى الطب جلد 4 صفحه 383 رقم الحديث: 2038. وقال: حسن صحيح. وابن ماجة: الطب جلد 2 صفحه 1137 رقم الحديث: 3436. وفى الزوائد اسناده صحيح' ورجاله ثقات. والطبرانى فى الكبير جلد 1 صفحه 181 رقم الحديث: 471 ولفظه للطبرانى' وقال الهيثمى فى المجمع جلد 8 صفحه 27 رجاله رجال الصحيح.

Marfat.com

مَنِ اقْتَرَضَ مِنْ عِرْضِ اَخِيهِ قَرْضًا، فَذَلِكَ الَّذِي حَرَجَ وَهَلَكَ قَالُوا: اَفَنَتَدَاوَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، إِنَّ اللّٰهَ لَمْ يُنْزِلْ دَاءً إِلَّا نَزَّلَ لَهُ دَوَاءً، غَيْرَ دَاءٍ وَاحِدٍ قَالُوا: وَمَا هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الْهَرَمُ قَالُوا: فَمَنْ اَحَبُّ عِبَادَ اللّٰهِ إِلَى اللّٰهِ؟ قَالَ: اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا

تنگی اور ہلاکت ہے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم دوا لے لیں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! بے شک اللہ عزوجل نے کوئی بیماری نہیں اُتاری لیکن اس کی دوا بھی اتاری ہے سوائے ایک بیماری کے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کیا ہے؟ فرمایا: موت! انہوں نے عرض کی: اللہ کے کن بندوں سے پیار کیا جائے؟ آپ نے فرمایا: جن کے اخلاق اچھے ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ إِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ

حضرت عثان بن حکیم سے اس حدیث کو عیسیٰ بن یونس نے روایت کیا ہے۔

**6381** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِي، ثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثَنَا جَابِرٌ الْجُعْفِيُّ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ الْبَارِقِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْخَيْلُ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت عروہ البارقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: گھوڑے کی پیشانی میں قیامت کے دن تک اللہ عزوجل نے بھلائی رکھدی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرٍ إِلَّا زُهَيْرٌ

یہ حدیث جابر سے زہیر روایت کرتے ہیں۔

**6382** - وَبِهِ ثَنَا زُهَيْرٌ، ثَنَا زِيَادُ بْنُ خَيْثَمَةَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزَالُ هَذِهِ الْاُمَّةُ مُسْتَقِيمٌ اَمْرُهَا ظَاهِرٌ عَلَى عَدُوِّهَا، حَتَّى يَمْضِيَ مِنْهُمْ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً، كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ، فَلَمَّا رَجَعَ إِلَى مَنْزِلِهِ اَتَتْهُ قُرَيْشٌ، فَقَالُوا: ثُمَّ يَكُونُ مَاذَا؟ قَالَ: ثُمَّ يَكُونُ الْهَرْجُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ اُمت ہمیشہ بھلائی پر اور اپنے دشمن پر غالب رہے گی یہاں تک کہ بارہ خلیفہ گزریں گے وہ سارے قریش سے ہوں گے جب آپ اپنے گھر واپس آئے تو آپ کے پاس قریش آئے انہوں نے عرض کی: پھر کیا ہوگا؟ فرمایا: قتل وغارت۔

---

6381- أخرجه البخاري: الجهاد جلد6صفحه66 رقم الحديث:2852' ومسلم: الامارة جلد3صفحه1493 .

6382- أخرجه أبو داؤد: المهدي، جلد 4صفحه103 رقم الحديث: 4281' والطبراني في الكبير جلد 2صفحه253 رقم الحديث:2059 . وقال الهيثمي في المجمع جلد5صفحه194: ورجاله ثقات .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا زِيَادُ بْنُ خَيْثَمَةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ زِيَادٍ اِلَّا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث اسود بن سعید سے زیاد بن خیثمہ روایت کرتے ہیں اور زیاد سے زہیر بن معاویہ روایت کرتے ہیں۔

**6383** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِی، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ اَبِی الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِی سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَلِفَ الْمَسْجِدَ اَلِفَهُ اللّٰهُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مسجد سے جس کا دل لگا رہتا ہے' اللہ اس سے محبت کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَرَّاجٍ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث دراج سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمرو بن خالد اکیلے ہیں۔

**6384** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، نا اَبِی، نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِی قِلَابَةَ، وحُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كُنْتُ رِدْفَ اَبِی طَلْحَةَ، وَرُكْبَتِی تَمَسُّ رُكْبَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَزَالُوا يَصْرُخُونَ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوطلحہ کے پیچھے سوار تھا' میرے گھٹنے رسول اللہﷺ کے گھٹنوں سے چھو رہے تھے' لوگ مسلسل حج و عمرہ کا تلبیہ پڑھتے رہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو وَرَوَاهُ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ وغَيْرُهُ، عَنْ اَبِی قِلَابَةَ وحْدَهُ

یہ حدیث ایوب' حمید بن ہلال سے اور ایوب سے عبیداللہ بن عمرو روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو حماد بن زید اور ان کے علاوہ ابوقلابہ اکیلے روایت کرتے ہیں۔

**6385** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا اَبِی، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِی اُنَيْسَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضورﷺ سے سونے کے بدلے سونا لینے کے متعلق پوچھا' اس وقت تاجر حضرت زید بن

6384- اخرجه البخاری: الجهاد جلد 6 صفحه 153 رقم الحديث: 2986' ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 915 واللفظ للبخاری .

6385- أخرجه البخاری فی البيوع جلد 4 صفحه 460 رقم الحديث: 2196' وفی المساقاة جلد 5 صفحه 60 رقم الحديث: 2381' ومسلم: البيوع جلد 3 صفحه 1175 بنحوه .

Marfat.com

دِینَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اُسَامَةُ بْنُ زَیْدٍ، اَنَّهُ سَاَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ، وَکَانَتْ تِجَارَتُهُ وَتِجَارَةُ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ، فَقَالَ: لَا بَاْسَ بِهِ، یَدًا بِیَدٍ

ارقم تھے' آپ ﷺ نے فرمایا: نقد و نقد ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔

**6386** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِی، ثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَبِی اُنَیْسَةَ، عَنْ اَبِی الْوَلِیدِ الْمَکِّیِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهَی عَنِ الْمُحَاقَلَةِ، وَالْمُخَابَرَةِ، وَالْمُزَابَنَةِ، وَاَنْ یُبَاعَ النَّخْلُ حَتَّی یَنْتَقِحَ وَالْاِنْتِقَاحُ: اَنْ یَحْمَرَّ، اَوْ یَصْفَرَّ، اَوْ یُؤْکَلَ مِنْهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے بیع محاقلہ' مخابرہ' مزابنہ سے منع کیا اور اس سے منع کیا کہ کھجور پکنے سے پہلے فروخت کی جائے۔ انتقاح سے مراد سرخ یا زرد یا کھانے کے قابل ہو جانا ہوتا ہے۔

قَالَ زَیْدُ بْنُ اَبِی اُنَیْسَةَ: وَحَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِیدِ، وَعَطَاءُ بْنُ اَبِی رَبَاحٍ جَالِسٌ فَقُلْتُ لِعَطَاءٍ، اَمَا سَمِعْتَ جَابِرًا یُحَدِّثُ بِهَذَا الْحَدِیثِ؟ قَالَ عَطَاءٌ: نَعَمْ، سَمِعْتُ جَابِرًا یُحَدِّثُ بِهَذَا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

حضرت زید بن انیسہ فرماتے ہیں: ہمیں ابوالولید نے اور عطاء بن ابورباح نے بتایا کہ میں نے عطاء سے عرض کی: کیا آپ نے یہ حدیث حضرت جابر کو بیان کرتے ہوئے سنا ہے؟ حضرت عطاء نے کہا: جی ہاں! میں نے حضرت جابر سے رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے یہ حدیث سنی ہے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَیْنِ الْحَدِیثَیْنِ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَبِی اُنَیْسَةَ اِلَّا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو

یہ دونوں حدیثیں زید بن انیسہ سے عبیداللہ بن عمرو روایت کرتے ہیں۔

**6387** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِی، عَنْ مُوسَی بْنِ اَعْیَنَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ قَالَ: سَمِعْتُ اُمَّ سَلَمَةَ، تَقُولُ: خَرَجَ اَبُو بَکْرٍ عَلَی عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَاجِرًا اِلَی بُصْرَی، لَمْ یَمْنَعْ

حضرت عبداللہ بن زمعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ عہد نبوی میں بصرہ کی طرف تجارت کرنے کے لیے گئے۔ نبی کریم ﷺ کے ساتھ صحبت اور انتہائی محبت انہیں اس کام سے نہ روک

Marfat.com

اَبَا بَكْرٍ الضَّنُّ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصُحْبَتُهُ عَلَى نَصِيبِهِ مِنْهُ، وَلَمْ يَمْنَعْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَا بَكْرٍ شُخُوصًا مَعَ حُبِّهِ صَحَابَتَهُ وَحُبِّهِ اَبَا بَكْرٍ وَشُحِّهِ بِصَحَابَتِهِ، مُعْجَبًا لِاسْتِحْبَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التِّجَارَةَ، وَاِعْجَابِهِ بِهَا

سکی اور نہ رسول کریم ﷺ نے انہیں روکا جبکہ آپ اپنے صحابہ سے بے حد محبت فرماتے تھے اور سب سے بڑھ کر ابوبکر سے کیونکہ حضور ﷺ خود بھی تجارت کو بہت زیادہ پسند فرماتے تھے اور صحابہ کرام کے لیے بھی اس کو اچھا سمجھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا اِسْحَاقُ بْنُ رَاشِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ

امام زہری سے اس حدیث کو اسحاق بن راشد نے روایت کیا۔ موسیٰ بن اعین اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

**6388** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِي، ثَنَا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: اشْتَرَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَعْرَابِيٍّ، حَسِبْتُ اَنَّهُ قَالَ: مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ حِمْلَ قَرْضٍ، اَوْ حِمْلَ خَبْطٍ، فَلَمَّا اَوْجَبَ لَهُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْتَرْ، فَقَالَ الْاَعْرَابِيُّ: اِنْ رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ يَوْمًا، عَمَّرَكَ اللّٰهُ، مِمَّنْ اَنْتَ؟ قَالَ: مِنْ قُرَيْشٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک دیہاتی سے قرض لیا' وہ آدمی بنی عامر بن صعصعہ کے تھے۔ جب مقررہ وقت آیا تو حضور ﷺ نے فرمایا: اختیار کرلو! اس دیہاتی نے عرض کی: آپ بتائیں! کل کے دن کی طرح ہے' اللہ آپ کو عمر دے! آپ کون ہیں؟ آپ نے فرمایا: قریش سے ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوبَ اِلَّا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، وَمُوسَى بْنُ اَعْيَنَ

یہ حدیث ابن جریج سے یحییٰ بن ایوب سے اور یحییٰ بن ایوب سے لیث بن سعد اور موسیٰ بن اعین روایت کرتے ہیں۔

**6389** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا اَبِي، ثَنَا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں مسطح کی ماں کے پاس آئی' پھر میں قضائے حاجت کے لیے

---

**6388**- أخرجه ابن ماجة: التجارات جلد **2** صفحه **736** رقم الحديث: **2184**' والدارقطني: سننه جلد **3** صفحه **21** رقم الحديث: **73-74**.

Marfat.com

عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلْتُ عَلَى أُمِّ مِسْطَحٍ، فَخَرَجْتُ إِلَى حُشٍّ لِحَاجَةٍ فَوَطِئَتْ أُمُّ مِسْطَحٍ عَلَى عَظْمٍ أَوْ شَوْكَةٍ، فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ، قُلْتُ: بِئْسَ مَا قُلْتِ، تَسُبِّينَ رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: أَشْهَدُ أَنَّكِ مِنَ الْغَافِلَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ، أَتَدْرِينَ مَا قَدْ طَارَ عَلَيْكِ؟ فَقُلْتُ: لَا وَاللّٰهِ، قَالَتْ: مَتَى عَهْدُكِ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقُلْتُ: رَسُولُ اللّٰهِ يَصْنَعُ فِي أَزْوَاجِهِ مَا أَحَبَّ، يَبْدَأُ مَنْ أَحَبَّ، وَيُرْجِي مَنْ أَحَبَّ مِنْهُنَّ. قَالَتْ: فَإِنَّهُ طِيرَ عَلَيْكِ كَذَا وَكَذَا، فَخَرَرْتُ مَغْشِيَّةً عَلَيَّ، فَبَلَغَ أُمَّ رُومَانَ أُمِّي، فَلَمَّا بَلَغَهَا أَنَّ عَائِشَةَ قَدْ بَلَغَهَا الْأَمْرُ أَتَتْنِي، فَحَمَلَتْنِي، فَذَهَبَتْ إِلَى بَيْتِهَا. فَبَلَغَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ عَائِشَةَ قَدْ بَلَغَهَا الْأَمْرُ، فَجَاءَ إِلَيْهَا، فَدَخَلَ عَلَيْهَا، وَجَلَسَ عِنْدَهَا، وَقَالَ: يَا عَائِشَةُ، إِنَّ اللّٰهَ قَدْ وَسَّعَ التَّوْبَةَ، فَازْدَدْتُ شَرًّا إِلَى مَا بِي، فَبَيْنَا نَحْنُ كَذَلِكَ إِذْ جَاءَ أَبُو بَكْرٍ، فَدَخَلَ عَلَيَّ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا تَنْتَظِرُ بِهَذِهِ الَّتِي خَانَتْكَ وَفَضَحَتْنِي؟ قَالَتْ: فَازْدَدْتُ شَرًّا إِلَى شَرٍّ، قَالَتْ: فَأَرْسَلَ إِلَى عَلِيٍّ فَقَالَ: يَا عَلِيُّ، مَا تَرَى فِي عَائِشَةَ؟ قَالَ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ: لَتُخْبِرَنِّي مَا تَرَى فِي عَائِشَةَ قَالَ: قَدْ وَسَّعَ اللّٰهُ النِّسَاءَ، وَلَكِنْ أَرْسِلْ إِلَى بَرِيرَةَ خَادِمِهَا، فَسَلْهَا، فَعَسَى أَنْ تَكُونَ قَدِ اطَّلَعَتْ عَلَى شَيْءٍ مِنْ أَمْرِهَا. فَأَرْسَلَ إِلَى بَرِيرَةَ، فَجَاءَتْ، فَقَالَ

باہر کھلی جگہ کی گھاس کی طرف نکلی۔ (اُم مسطح میرے ساتھ تھی) پس کسی ہڈی یا کانٹے پر اس کا پاؤں آ گیا۔ اس کے منہ سے نکلا: مسطح ہلاک ہو! میں نے کہا: تُو نے کتنا بُرا کلمہ کہا ہے' کیا تُو رسول اللہ ﷺ کے صحابی کو گالی دیتی ہو؟ اس نے کہا: میں گواہی دیتی ہوں کہ واقعی تم بھولی بھالی مؤمن عورتوں میں سے ہو! کیا آپ کو یہ بات بھی معلوم نہیں ہے کہ اُس نے تیرے خلاف کیا افواہیں اُڑائی ہیں۔ میں نے کہا: نہیں! قسم بخدا! اس نے کہا: تم رسول کریم ﷺ کے ساتھ واپس جانے کے لیے کب کا وعدہ کر کے آئی ہو؟ میں نے کہا: رسول کریم ﷺ اپنی ازواج کے معاملہ میں وہی کرتے ہیں جو آپ کو پسند ہو' ابتداء کرتے ہیں اُسی سے جو آپ کو پسند ہو۔ ان میں سے جو انہیں پسند ہو' اسی کے امیدوار ہوتے ہیں۔ اُس نے ساری بات بتائی تو مسطح نے میرے بارے میں یہ یہ کہا ہے۔ (اس کی باتیں سن کر) میں غش کھا کر گر پڑی۔ میری ماں اُم رومان کو اس بات کا پتہ چلا' پس جب انہیں یہ بات معلوم ہو کہ عائشہ کو پتہ چل گیا ہے تو وہ میرے پاس تشریف لائیں۔ پس وہ مجھے لے کر اپنے گھر کی طرف آ گئیں' پس رسول کریم ﷺ کو معلوم ہوا کہ عائشہ کو یہ بات پتہ چل گئی ہے تو آپ ﷺ ان کے پاس تشریف لائے اور ان کے پاس بیٹھ گئے' اور فرمایا: اے عائشہ! اللہ تعالیٰ نے توبہ کا دروازہ کھلا رکھا ہے' اس سے میری تکلیف میں اور اضافہ ہو گیا۔ ہم اسی حال میں تھے کہ میرے والد گرامی ابوبکر آ گئے۔ وہ سیدھے میرے

Marfat.com

لَهَا: اَتَشْهَدِينَ اَنِّى رَسُولُ اللّٰهِ؟ قَالَتْ: نَعَمْ قَالَ: فَإِنْ سَأَلْتُكِ عَنْ شَيْءٍ فَلَا تَكْتُمِينِى قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَمَا شَيْءٌ تَسْأَلُنِى عَنْهُ اِلَّا اَخْبَرْتُكَ، وَلَا اَكْتُمُكَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ شَيْئًا قَالَ: فَقَدْ كُنْتِ عِنْدَ عَائِشَةَ، فَهَلْ رَاَيْتِ مِنْهَا شَيْئًا تَكْرَهِينَهُ؟ قَالَتْ: لَا، وَالَّذِى بَعَثَكَ بِالنُّبُوَّةِ، مَا رَاَيْتُ مِنْهَا مُنْذُ كُنْتُ عِنْدَهَا اِلَّا خُلَّةً. قَالَ: وَمَا هِيَ؟ قَالَتْ: عَجَنْتُ عَجِينًا لِي، فَقُلْتُ لِعَائِشَةَ: احْفَظِي هٰذَا الْعَجِينَ حَتّٰى اَقْتَبِسَ نَارًا، فَاَخْتَبِزَ، فَقَامَتْ تُصَلِّي، فَغَفَلَتْ عَنِ الْعَجِينِ، فَجَاءَتِ الشَّاةُ فَاَكَلَتْهُ فَاَرْسَلَ اِلٰى اُسَامَةَ، فَقَالَ: يَا اُسَامَةُ، مَا تَرٰى فِي عَائِشَةَ؟ قَالَ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ قَالَ: لَتُخْبِرَنِّي بِمَا تَرٰى فِيهَا قَالَ: فَاِنِّي اَرٰى اَنْ تَسْكُتَ عَنْهَا حَتّٰى يُحْدِثَ اللّٰهُ اِلَيْكَ فِيهَا. قَالَتْ: فَمَا كَانَ اِلَّا يَسِيرًا حَتّٰى نَزَلَ الْوَحْيُ، فَلَمَّا نَزَلَتْ جَعَلْنَا نَرٰى فِي وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السُّرُورَ، وَجَاءَ عُذْرُهَا مِنَ اللّٰهِ جَلَّ ذِكْرُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبْشِرِي يَا عَائِشَةُ، ثُمَّ اَبْشِرِي يَا عَائِشَةُ، قَدْ اَتَاكِ اللّٰهُ بِعُذْرِكِ. فَقُلْتُ: لِغَيْرِ حَمْدِكَ، وَحَمْدِ صَاحِبِكَ. قَالَ: فَعِنْدَ ذٰلِكَ تَكَلَّمَتْ، وَكَانَ اِذَا اَتَاهَا يَقُولُ: كَيْفَ تِيكُمْ؟

پاس آئے۔ انہوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! اس لڑکی کے حوالے سے آپ کو کس چیز کا انتظار ہے جس نے آپ سے خیانت کر کے مجھے رسوا کیا ہے؟ آپ فرماتی ہیں: اس بات نے میری تکلیف اور بڑھا دی۔ آپ فرماتی ہیں: رسول کریم ﷺ نے حضرت علی کو بلانے کے لیے آدمی بھیجا۔ آپ نے فرمایا: اے علی! آپ عائشہ کے بارے کیا کہتے ہیں؟ انہوں نے کہا: اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں آپ نے فرمایا: مجھے بتاؤ کہ تم عائشہ کے بارے کیا خیال رکھتے ہو؟ انہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ نے عورتوں سے نکاح کرنے کے معاملہ میں آپ کو وسعت دی ہے (عام اجازت عطا کی ہے)۔ لیکن رسول کریم ﷺ نے حضرت عائشہ کی خادمۂ خاص حضرت بریرہ کو بلا بھیجا۔ پس وہ آئیں تو آپ ﷺ نے اس سے فرمایا: کیا تو میرے رسول اللہ ہونے کی گواہی دیتی ہے؟ اس نے کہا: ہاں! آپ نے فرمایا: اگر میں کسی چیز کے بارے بچ پوچھوں تو مجھ سے نہیں چھپاؤ گی! اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ جس چیز کے بارے میں مجھ سے پوچھیں گے سچ سچ بتاؤں گی بالکل نہیں چھپاؤں گی ان شاء اللہ! آپ نے فرمایا: تو عائشہ کے ساتھ ہوتی ہے بتا! تو نے آج تک عائشہ میں کوئی ناپسندیدہ بات دیکھی ہے؟ اس نے جواب دیا: نہیں! اُس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! جب سے میں اس کے ساتھ ہوں میں نے خلّت کے سوا اس میں کوئی چیز نہیں دیکھی۔ آپ نے فرمایا: خلت سے کیا مراد ہے؟

Marfat.com

اس نے بتایا: میں نے اپنے لیے آٹھ گوندھ کر عائشہ سے کہا: اس کی حفاظت کرنا تا کہ میں تنور جلالوں اور روٹیاں پکاؤں (میں اُدھر گئی) اس سے نماز پڑھنا شروع کر دی اور آٹا وہیں بغیر حفاظت کے پڑا رہا۔ بکری آئی اور کھا گئی۔ آپ ﷺ نے حضرت اسامہ کو بلا بھیجا' فرمایا: اے اسامہ! عائشہ کے بارے تیرا کیا خیال ہے؟ اس نے جواب دیا: اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتا ہے! آپ نے فرمایا: تم نے آج تک اس میں کوئی بات دیکھی ہے تو مجھے بتا دو! اس نے جواب دیا: میری مضبوط رائے یہ ہے کہ ان کے بارے وحی اُترنے تک آپ خاموشی اختیار کر لیں۔ حضرت عائشہ فرماتی ہیں: اس کے بعد بس تھوڑی دیر گزری تھی کہ وحی اُترنا شروع ہو گئی' جب وحی مکمل ہوئی تو ہم سب کی آنکھیں رسول کریم ﷺ کے چہرے کی طرف لگ گئیں۔ آپ کے چہرے میں خوبصورت خوشی دیکھنے کو ملی۔ حضرت عائشہ کا عذر' اللہ کی طرف سے آ گیا تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! تجھے بشارت ہو! پھر اے عائشہ! تیرے لیے خوشی کی خبر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تیرا عذر قبول کر لیا ہے۔ میں نے عرض کی: اے اللہ! تیری حمد اور تیرے صاحب کے شکریہ کے علاوہ میں کیا کر سکتی ہوں۔ سو اس وقت میں نے آپ سے کھل کر کلام کیا۔ جبکہ اس سے پہلے آپ تشریف لاتے تو صرف اتنا کہتے: اے عائشہ! تیرا ا کیا حال ہے؟ (پھر چلے جاتے)۔

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِقْسَمٍ إِلَّا خُصَيْفٌ، تَفَرَّدَ بِهِ عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ

**6390** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، نا أَبِي، نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَزِيدَ، وَابْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زُرَيْرٍ الْغَافِقِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ قَائِمًا يُصَلِّي بِهِمْ إِذِ انْصَرَفَ، ثُمَّ جَاءَ وَرَأْسُهُ يَقْطُرُ مَاءً، فَقَالَ: إِنِّي قُمْتُ بِكُمْ، ثُمَّ ذَكَرْتُ أَنِّي كُنْتُ جُنُبًا وَلَمْ أَغْتَسِلْ، فَانْصَرَفْتُ فَاغْتَسَلْتُ، فَمَنْ أَصَابَهُ مِنْكُمْ مِثْلُ هَذَا الَّذِي أَصَابَنِي أَوْ وَجَدَ فِي بَطْنِهِ رِزًّا فَلْيَنْصَرِفْ وَلْيَغْتَسِلْ، ثُمَّ لِيَأْتِ فَلْيَسْتَقْبِلْ صَلَاتَهُ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلِيٍّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

**6391** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا أَبِي، ثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنِي أَبُو إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كُنْتُ مُؤَمِّرًا عَلَى أُمَّتِي أَحَدًا عَنْ غَيْرِ مَشُورَةٍ مِنْهُمْ، لَأَمَّرْتُ عَلَيْهِمُ ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ إِلَّا مَنْصُورٌ، تَفَرَّدَ بِهِ زُهَيْرٌ

اس حدیث کو مقسم سے خصیف نے ہی روایت کیا۔ عتاب بن بشیر اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ کبھی ایسا بھی ہوتا کہ رسول کریم ﷺ نماز پڑھانے کے لیے کھڑے ہوتے تو ساتھ ہی گھر تشریف لے جاتے' پھر اس حال میں واپس آتے کہ آپ کے سر سے پانی کے قطرے گر رہے ہوتے تھے۔ آپ فرماتے: میں تمہارے درمیان کھڑا تھا پھر مجھے یاد آیا کہ مجھے غسل کرنا تھا لیکن نہ کیا۔ میں نے جا کر غسل کیا' بس اب یاد رکھو! تم میں سے کسی کو یہ چیز پیش آ سکتی ہے' یا وہ اپنے پیٹ میں کوئی تکلیف پاتا ہے تو لوٹ جائے' وضو کرے' پھر واپس آ کر اپنی نماز پڑھے۔

یہ حدیث حضرت علی سے صرف اسی سند کے ساتھ روایت ہے۔ ابن لہیعہ اس حدیث کے ساتھ اکیلے ہیں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بغیر مشورہ کسی کو اپنی اُمت پر مقرر کرتا تو میں ابن اُم عبد کو مقرر کرتا۔

یہ حدیث ابواسحاق سے منصور روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں زہیر اکیلے

---

**6391**- أخرجه الترمذي: المناقب جلد **5** صفحه **673** رقم الحديث: **3808** . وقال: حسن غريب . وابن ماجة: المقدمة جلد **1** صفحه **49** رقم الحديث: **137**' وأحمد: المسند جلد **1** صفحه **134** رقم الحديث: **855** .

Marfat.com

ہیں۔

6392 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا أَبِي، ثَنَا زُهَيْرٌ، ثَنَا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، عَنْ قَزَعَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ، فَهَاتُوا مَنْ سَمِعَهُ يَأْمُرُ بِهِمَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: آپ نے نمازِ عصر کے بعد دو رکعتیں پڑھنے سے منع کیا' لے آؤ! اُسے جس نے سنا ہے کہ آپ نے ان دونوں کا حکم دیتے۔

6393 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا أَبِي، نا زُهَيْرٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: بَايَعْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ مِمَّا أَمَرَنَا بِهِ مِنَ الْمَعْرُوفِ: أَنْ لَا نَنُوحَ، فَقَالَتِ امْرَأَةٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ نِسَاءَ آلِ فُلَانٍ أَسْعَدْنَنِي، فَلَنْ أُبَايِعَكَ حَتَّى أُسْعِدَهُنَّ، قَالَتْ: فَأَسْعَدَتْهُنَّ، ثُمَّ بَايَعَتْهُ، فَلَمْ تَفِ امْرَأَةٌ غَيْرُهَا، وَأُمُّ سُلَيْمٍ

حضرت اُم عطیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی' آپ نے ہم کو جن باتوں کا حکم دیا' اُن میں سے ایک یہ کہ ہمیں نوحہ نہ کرنے کا حکم دیا' ایک عورت نے عرض کی: یارسول اللہ! آلِ فلاں کی عورتیں مجھے رہنمائی کی ہے' میں ہرگز آپ کی بیعت نہ کروں گی یہاں تک کہ وہ راہنمائی کرے' اس نے راہنمائی کی' پھر آپ نے بیعت کی' اُم سلیم اور اس عورت کے علاوہ کسی عورت نے اس کو پورا نہیں کیا۔

6394 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا أَبِي، ثَنَا زُهَيْرٌ، ثَنَا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: كُنَّا نُؤْمَرُ بِالْخُرُوجِ إِلَى الْعِيدَيْنِ وَالْمُخَبَّأَةُ وَالْبِكْرُ. قَالَتْ: وَالْحُيَّضُ يَخْرُجْنَ، فَيَكُنَّ خَلْفَ النَّاسِ، يُكَبِّرْنَ مَعَ النَّاسِ

حضرت اُم عطیہ رضی اللہ عنہا شادی شدہ اور کنواریوں کو عیدین کے لیے نکلنے کا حکم دیا جاتا' عرض کی: حیض والیاں بھی نکلیں' وہ لوگوں کے پیچھے رہیں' وہ لوگوں کے ساتھ تکبیریں کہیں۔

---

6392- أصله عند البخاری ومسلم من طریق ابن شهاب قال: أخبرنی عطاء بن یزید الجندعی ۔ به ۔ أخرجه البخاری: جلد2صفحه73 رقم الحدیث:586' ومسلم: المسافرین جلد1صفحه567 .

6393- أخرجه البخاری: التفسیر جلد8صفحه506 رقم الحدیث:4892' ومسلم: الجنائز جلد2صفحه646 .

6394- أخرجه مسلم: العیدین جلد2صفحه606' والطبرانی فی الکبیر جلد25صفحه57 رقم الحدیث:128 .

Marfat.com

آج اللہ کے فضل و کرم اور رسول اللہ ﷺ کی نگاہِ کرم اور صحابہ کرام اہل بیت اطہار اور اولیاءِ کاملین کے صدقہ اور اساتذہ کرام' والدین' دوست' بزرگوں کی دعاؤں کے صدقے سے احقر العباد نے معجم الاوسط کی عربی مطبوعہ جلد نمبر چار کا ترجمہ مکمل کیا ہے۔ اے اللہ! اپنے ان نیک بندوں کے صدقے باقی جلدوں کو میرے لیے آسان کردے اور اس کو میرے لیے دنیا اور آخرت میں ذریعۂ نجات کا سبب بنا دے۔ ہر قسم کی آفات و بلیات' حاسد کے حسد' شریر کے شر' ظالم کے ظلم اور نظر بد سے محفوظ رکھ۔ آمین بجاہ سیّد المرسلین ﷺ!

غلام دستگیر چشتی

☆☆☆☆☆

Marfat.com